# شب برات

## کے فضائل و دلائل

ابو الحماد مولانا محمد احمد برکاتی

نوریہ رضویہ پبلی کیشنز

Marfat.com

# شبِ برات

## کے فضائل و دلائل

مصنف

ابو الحماد مولانا محمد احمد برکاتی

خطیب جامع مسجد شیر ربانی، کوٹ رادھا کشن، ضلع قصور

مکتبہ برکاتیہ

دیپالپور روڈ الہ آباد

ٹھینگ موڑ ضلع قصور

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جملہ حقوق محفوظ ہیں


| | |
|---|---|
| نام کتاب | شب برات کے فضائل ودلائل |
| نام مصنف | مولانا ابوالحماد محمد احمد برکاتی |
| طباعت | جون 2012ء |
| تعداد | 1100 |
| پروف ریڈنگ | ڈاکٹر محمود احمد قادری |
| کمپوزنگ | قاری محمد عبدالحق نقشبندی مدرسہ حق القرآن |
| معاونت | فاروق احمد چشتی، اظہار احمد اشرف |
| ناشر | نوریہ رضویہ پبلی کیشنز |
| مطبع | اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور |
| کمپیوٹر کوڈ | 1N0057 |
| قیمت | 200 روپے |

ملنے کا پتہ:

نوریہ رضویہ پبلی کیشنز

11۔ گنج بخش روڈ، لاہور

فون 37313885-37070663

Email:nooriarizvia@hotmail.com

مکتبہ نوریہ رضویہ بغدادی جامع مسجد گلبرک اے فیصل آباد

فون: 041-2626046

مکتبہ برکاتیہ دیپالپور روڈ الہ آباد (تھینگ موڑ) ضلع قصور

0300-4746132


Marfat.com

# حسب فرمان

زبدۃ العلماء والفضلاء

شیخ القران پیر طریقت

رہبر شریعت

حضرت علامہ مولانا

محمد علی برکاتی صاحب

زیب سجادہ

آستانہ عالیہ برکاتیہ

اللہ آباد ٹھینگ موڑ

ضلع قصور

Marfat.com

## فہرست مضامین


| صفحہ | عنوان | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 13 | انتساب | |
| 14 | تقریظ مبارک شیخ الحدیث حضرت علامہ حافظ محمد خاں نوری ابدالوی صاحب | |
| 17 | تقریظ مبارک مناظر اسلام حضرت علامہ مولانا مفتی محمد انوار حنفی صاحب | |
| 20 | شب برات کے دلائل ومسائل | |
| 24 | حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا جنت البقیع میں شب برات منانا | 1 |
| 27 | حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا جنت البقیع میں شب برات منانا تفصیلی روایت | 2 |
| 31 | حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا گھر میں شب برات منانا | 3 |
| 32 | حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا گھر میں شب برات منانا دوسری روایت | 4 |
| 36 | حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا گھر میں شب برات منانا تیسری روایت | 5 |
| 39 | فضائل شب برات کی محفل مصطفی ﷺ اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا بیان | 6 |
| 41 | شب برات کی فضیلت پر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی ایک اور روایت | 7 |
| 42 | شب برات کی فضیلت پر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی ایک مزید روایت | 8 |
| 43 | اللہ تعالیٰ کی شب برات میں خانہ کعبہ پر خصوصی نظر کرم | 9 |
| 43 | خانہ کعبہ بھی قبلہ شب برات والے دن بنا | 10 |
| 45 | حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا سجدہ تہائی امت، نصف، تمام امت کی مغفرت | 11 |
| 47 | ایام بیض اور شب برات | 12 |
| 48 | حضور ﷺ کا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو شب برات کی شان بیان فرمانا | 13 |

| | | |
|---|---|---|
| 14 | حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی ایک مزید روایت | 49 |
| 15 | حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا شب برات کا تمام مہینہ روزے رکھنا | 49 |
| 16 | حضرت مولیٰ علی رضی اللہ عنہ کی مرفوع روایت شب برات کا قیام، دن کا روزہ | 51 |
| 17 | حضرت مولیٰ علی رضی اللہ عنہ کی شب برات کی خصوصی دعا | 52 |
| 18 | حضرت داؤد علیہ السلام کی شب برات اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کا بیان | 54 |
| 19 | حضرت سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کا شب برات منانا | 56 |
| 20 | حضرت عبداللہ بن جعفر اور حضرت واثلہ بن الاسقع رضی اللہ عنہم اور شب برات | 58 |
| 21 | گناہ گاروں کی زبان اور اللہ تعالیٰ کا نام اور شب برات | 59 |
| 22 | شب برات کی اہمیت پر حضرت ابوثعلبہ رضی اللہ عنہ کی روایت | 60 |
| 23 | شب برات کی اہمیت پر حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی ایک روایت | 61 |
| 24 | (شب برات سمیت) پانچ راتوں کا زندہ کرنا اور جنت کا وجوب | 63 |
| 25 | حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ کی مرفوع روایت | 63 |
| 26 | حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ کی ایک اور مرفوع روایت | 64 |
| 27 | پانچ مقدس راتیں (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت) | 65 |
| 28 | شب برات کی اہمیت پر حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما کی مرفوع روایت | 66 |
| 29 | شب برات کے متعلق حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی مرفوع روایت | 67 |
| 30 | شب برات کی اہمیت پر حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی مرفوع روایت | 68 |
| 31 | شب برات کی اہمیت پر حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک اور مرفوع روایت | 69 |
| 32 | حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک مزید روایت | 69 |
| 33 | شب برات کی اہمیت پر حضرت کثیر بن مرہ رضی اللہ عنہ کی مرفوع روایت | 70 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 34 | حضرت کثیر بن مرہ رضی اللہ عنہ کی روایت کا ایک انداز | 72 |
| 35 | حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کی مرفوع روایت | 72 |
| 36 | حضرت سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی مرفوع روایت | 73 |
| 37 | حضرت سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی ایک اور مرفوع روایت | 74 |
| 38 | حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ کی روایت | 75 |
| 39 | حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی راویت | 76 |
| 40 | عیدین اور شب برات کی شب بیداری | 81 |
| 41 | حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی ایک روایت | 81 |
| 42 | مُردوں اور حاجیوں کے نام | 82 |
| 43 | حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ کی روایت | 83 |
| 44 | شب برات میں اللہ تعالی کے فیصلے | 84 |
| 45 | صحابہ کرام کی کفار کے لئے بددعا بھی شب برات میں | 84 |
| 46 | شب برات کے چار نام | 85 |
| 47 | شب برات کے نام اور شب برات کی شناخت | 85 |
| 48 | حضرت وضین بن عطاء رضی اللہ عنہ سے روایت | 86 |
| 49 | شب قدر کے بعد افضل ترین رات شب برات | 87 |
| 50 | انسان کی قسمت کے فیصلے اور اس کی بے خبری و بے حسی | 88 |
| 51 | انسان کی زندگی کا سفر یا آخرت کا سفر؟ | 89 |
| 52 | حضرت عطاء بن یسار رضی اللہ عنہ کی روایت | 89 |
| 53 | حضرت عطاء خراسانی رضی اللہ عنہ کی روایت | 90 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 54 | حضرت حکیم بن کیسان رضی اللہ عنہ کی روایت | 91 |
| 55 | حضرت کعب رضی اللہ عنہ کی روایت | 92 |
| 56 | حضرت مکحول رضی اللہ عنہ کی روایت | 92 |
| 57 | شب برات میں حضرت جبریل علیہ السلام کی جنت میں آمد | 93 |
| 58 | شب برات میں جنت کی تزئین و آرائش | 95 |
| 59 | شب برات اور آب زمزم کی مٹھاس | 96 |
| 60 | شب برات اور آب زمزم کی مٹھاس کی مزید روایت | 97 |
| 61 | آب زمزم میں فراوانی شیخ اسماعیل حقی کی روایت | 98 |
| 62 | حضرت کعب رضی اللہ عنہ کی روایت | 99 |
| 63 | حضرت عتبہ بن حکیم رضی اللہ عنہ کی روایت | 99 |
| 64 | شب برات کی اہمیت پر ابن اخنس رضی اللہ عنہ سے روایت | 100 |
| 65 | شب برات کی اہمیت پر راشد بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت | 101 |
| 66 | تمام امور کی فرشتوں کو منتقلی اور امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کی وضاحت | 101 |
| 67 | شب برات اور زندگی کی تنسیخ | 102 |
| 68 | راتیں بھی تو ایسی ہیں دن بھی تو ایسے ہیں | 102 |
| 69 | حضرت سیدنا حسن بصری رضی اللہ عنہ کی روایت | 103 |
| 70 | شب برات اور تقدیر کے فیصلے | 104 |
| 71 | فرشتوں کی آسمانوں پر دو عیدیں: شب برات اور شب قدر | 104 |
| 72 | یہ تمام راتیں افضل ہیں مگر شب میلاد کے بعد | 105 |
| 73 | شہداء کی ارواح کی شب برات میں در مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر حاضری | 106 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 74 | حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام اور شبِ برات | 107 |
| 75 | شب برات میں حضرت خضر علیہ السلام اور اولیاء اللہ کی ملاقات | 108 |
| 76 | شب برات میں حضرت سیدنا عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کا واقعہ | 110 |
| 77 | شب برات کی عبادات اور حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کا اپنے گورنر کو حکم | 111 |
| 78 | محدثین کا حدیث کی کتب روایت کرنے کے لئے شب برات کا انتخاب | 112 |
| 79 | حضرت سیدنا حسن بصری رضی اللہ عنہ کی روایت | 112 |
| 80 | شب برات کا ایک خاص بیان | 113 |
| 81 | شب برات کا ایک خاص واقعہ | 114 |
| 82 | شب برات اور حضرت مالک بن دینار کی توبہ | 120 |
| 83 | حضرت سیدنا عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا شب برات کی حکمت بیان کرنا | 124 |
| 84 | اے غافل غفلت چھوڑ دے | 126 |
| 85 | اولیاء کو شب برات میں اپنی موت کا فیصلہ اور اپنی جائے تدفین کا علم ہو جانا | 129 |
| 86 | شب برات میں اللہ والوں کی نصیحت | 131 |
| 87 | شب برات میں فی سبیل اللہ خرچ کرنا | 132 |
| 88 | بنو فاطمہ کے دور میں شب برات میں مساجد میں چراغاں کرنے میں مقابلہ کرنا | 133 |
| 89 | مصر میں حکومتی سطح پر شب برات کا اہتمام | 133 |
| 90 | اندلس (سپین) اور شب برات | 134 |
| 91 | شب برات پر حضرت سیدنا ھود علیہ السلام کی قبر مبارک کی زیارت | 135 |
| 92 | مشہور مفکر ابن الھیثم کی اولاد اور شب برات | 135 |
| 93 | شب برات اور محفل مشاعرہ | 136 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 94 | خواب میں شب برات دیکھنی | 137 |
| 95 | شب برات: حضرت سیدنا سفیان بن عیینہ رضی اللہ عنہ کی ولادت | 137 |
| 96 | شب برات: حضرت سیدنا لیث بن سعد رضی اللہ عنہ کا انتقال | 138 |
| 97 | جامعۃ الازھر میں دور قدیم سے ہی شب میلاد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور شب برات اور دیگر مشہور راتوں میں خصوصی اجتماعات | 139 |
| | **محدثین کے تبصرے** | |
| 1 | شب برات پر اعتراض کا امام بخاریؒ کے پردادا استاد شریک بن عبداللہ کا جواب | 140 |
| 2 | حضرت سیدنا امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی روایت | 141 |
| 3 | حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا ایک فتویٰ | 141 |
| 4 | حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا ایک اور فتویٰ | 142 |
| 5 | امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ کا فتویٰ | 143 |
| 6 | حضرت خالد بن معدان رضی اللہ عنہ کا اعلان | 143 |
| 7 | حضرت فضیل بن فضالہ رضی اللہ عنہ کا تبصرہ | 144 |
| 8 | شامی ائمہ کا شب برات کے بارے واضح مؤقف | 145 |
| 9 | حضرت امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کی صحیح روایت | 146 |
| 10 | حضرت امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کا شب برات پر تبصرہ | 147 |
| 11 | حضرت امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کا شب برات پر مزید تبصرہ | 148 |
| 12 | حضرت سیدنا الشیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا تبصرہ | 148 |
| 13 | حضرت سیدنا الشیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا فتویٰ | 149 |
| 14 | شب برات کے متعلق امام سبکی رحمۃ اللہ علیہ کا فتویٰ | 149 |

| | | |
|---|---|---|
| 15 | شب برات کے متعلق امام ضیاء رحمۃ اللہ علیہ کا فتویٰ | 150 |
| 16 | مشہور نقاد اور محدث ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کا شب برات کے موقع پر خطاب | 151 |
| 17 | شب برات کے متعلق امام شاطبی رحمۃ اللہ علیہ کا بیان | 151 |
| 18 | شب برات کے متعلق امام شاطبی رحمۃ اللہ علیہ کا فیصلہ | 152 |
| 19 | شب برات کے متعلق مفسر قران علامہ محمود آلوسی رحمۃ اللہ علیہ کا بیان | 152 |
| 20 | مشہور مفسر زمخشری کا شب برات پر تبصرہ | 153 |
| 21 | اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا نفیس ترین تبصرہ | 154 |
| | **مشاہیر وناقدین کے تبصرے** | |
| 1 | شب برات کے متعلق غیر مقلدین کے ممدوح ابن تیمیہ کا بیان | 158 |
| 2 | شب برات کے متعلق غیر مقلدین کے ممدوح ابن تیمیہ کا باقاعدہ فتویٰ | 158 |
| 3 | غیر مقلدین کے ممدوح ابن تیمیہ کا تفصیلی بیان | 159 |
| 4 | غیر مقلدین کے ممدوح ابن تیمیہ کا چوتھا بیان | 161 |
| 5 | غیر مقلدین کے ممدوح علامہ ابن قیم جوزی کا تبصرہ | 161 |
| 6 | غیر مقلدین کے پیشوا ناصر الدین البانی کا شب برات کی روایت کو صحیح قرار دینا | 162 |
| 7 | ناصر الدین البانی کا شب برات کی دوسری روایت کو صحیح قرار دینا | 162 |
| 8 | ناصر الدین البانی کا شب برات کی تیسری روایت کو صحیح قرار دینا | 163 |
| 9 | ناصر الدین البانی کا شب برات کی چوتھی روایت کو صحیح قرار دینا | 164 |
| 10 | ناصر الدین البانی کا شب برات کی پانچویں روایت کو صحیح قرار دینا | 164 |
| 11 | غیر مقلدین کے ثناء اللہ امرتسری کا تبصرہ | 165 |
| 12 | غیر مقلدین کے عبدالرحمٰن مبارک پوری کا تبصرہ | 165 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 13 | غیر مقلدین کے عبدالرحمٰن مبارک پوری کا فتویٰ | 166 |
| 14 | غیر مقلدین کے عبداللہ روپڑی کا تبصرہ | 167 |
| 15 | اہل تشیع کے ہاں شب برات کی اہمیت | 167 |
| 16 | اہل تشیع کی ایک اور روایت | 168 |
| | وہ محدثین کرام جن کی ولادت شب برات میں ہوئی | 170 |
| | وہ محدثین کرام جن کی وفات شب برات میں ہوئی | 173 |
| | شب برات کے موضوع اور فضائل پر محدثین کی لکھی گئیں مشہور کتب کے نام | 178 |
| | **شب برات کے نوافل کے مختصر دلائل** | |
| 1 | شب برات میں عبادت الٰہی سے قبل غسل کرنا سنت ہے | 184 |
| 2 | شب برات میں غسل کرنے کا فقہ سے ثبوت | 185 |
| 3 | شب برات میں 100 رکعت نفل: قدیم اہل مکہ کا عمل | 185 |
| 4 | شب برات میں 100 نفل کا ثبوت تیس ثقہ راویوں سے | 187 |
| 5 | شب برات میں 100 نفل کا ثبوت حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مرفوعا | 188 |
| 6 | 100 نفل کی امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کی امام دیلمی رحمۃ اللہ علیہ کی سند سے توثیق | 189 |
| 7 | حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت علی رضی اللہ عنہ کو 100 نوافل کی فضیلت بیان فرمانا | 190 |
| 8 | 100 نفل حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ کا تیس صحابہ کرام سے ثبوت | 192 |
| 9 | شب برات میں 100 نوافل کا اجر 100 فرشتے | 193 |
| 10 | شب برات میں 100 نوافل کا حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ سے ثبوت | 194 |
| 11 | حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا 14 رکعت نفل پڑھنا حضرت علی رضی اللہ عنہ کا دیکھنا | 195 |
| 12 | ایک سال کی پندرہ راتوں کی اہمیت | 196 |


Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 13 | شب برات میں بارہ نوافل کا اجر | 197 |
| 14 | شب برات میں بارہ نوافل کا اجر | 197 |
| 15 | شب برات میں دو نوافل کی فضیلت | 198 |
| 16 | شب برات میں بعد از نمازِ مغرب سورہ یس کا اجر | 199 |
| 17 | شب برات میں روزہ رکھنے کا حکم | 200 |
| 18 | شب برات والے دن پرندوں اور جانوروں کا روزہ | 202 |
| 19 | شب برات کے موقع پر با قاعدہ عمل (دن اور رات) | 203 |
| | ماخذ و مراجع | 210 |


يَاصَاحِبَ الْجَمَالِ وَيَاسَيِّدَالْبَشَرِ

مِنْ وَّجْهِكَ الْمُنِيْرِ لَقَدْ نُوِّرَ الْقَمَرُ

لَايُمْكِنُ الثَّنَآءُ كَمَا كَانَ حَقُّهٗ

بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

Marfat.com

# انتساب

میں اپنی اس کاوش کو اللہ رب ذوالجلال جو کہ اپنے بندے پر ستر ماؤں کے اکلوتے بیٹے کے ساتھ پیار کرنے سے بھی زیادہ مہربان ہے، اس بارگاہِ لم یزل میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کرتا ہوں۔ اسی رب کائنات کی کرم فرمائی سے امام کائنات، تتمۂ کائنات محسن کائنات، اصل کائنات رسالت مآب صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی مقدس بارگاہ میں آپ کا ادنیٰ ترین امتی ہونے کے ناطے سے پیش کرنے کی سعادت حاصل کرتا ہوں۔ نعلینِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے طفیل اپنے داداجان قبلہ، عاشقِ رسول، قائم اللیل، صائم النھار، ذاکر اللہ، واصف الرسول حضرت میاں محمد رمضان القادری نور اللہ مرقدہ اور ان کے والد محترم خلیفۂ مجاز حضرت سلطان عبدالحکیمؒ، عامل روحانی، صورت نورانی حضرت میاں نور محمد القادری رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے والد بزرگ وار کامل الایمان، واقف اسرار روحانی، قاسم فیوضاتِ غوث جیلانیؒ حضرت میاں قاسم علی القادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اور ان کے والد عالی مرتبت شیخ کامل زبدۃ الحکماء حضرت میاں عبدالحکیم صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے تمام آباء واجداد کرام کی خدمت میں بصد عزوشرف پیش کرتا ہوں کہ اللہ رب ذوالجلال ان تمام پاکیزہ ہستیوں کو اعلیٰ علیین میں بلند درجات عطا فرمائے اور ان کی اولاد کی طرف سے ان کی ارواحِ مبارکہ کو لاتعداد خوشیاں عطا فرمائے۔ **آمین بجاہ طہ و یس۔**

مالک کائنات اس کتاب کو عامۃ المسلمین کے لئے نافع بنائے اور خصوصا اس عاجز کے لئے اللہ رب ذوالجلال دنیا و آخرت میں سرخروئی کا ذریعہ بنائے

آمین بجاہِ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

## تقریظ مبارک

### استاذ العلماء والفضلاء مظہر کمالات حضور ضیاء الامتؒ

### مربی العلماء شیخ الحدیث حضرت علامہ مولانا حافظ

## محمد خاں نوری ابدالوی

### شیخ الحدیث ووائس پرنسپل مرکزی دار العلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف ضلع سرگودھا

اَلْحَمْدُ لَكَ يَا اَللّٰهُ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ وَسَلَّمَ

اقوام از منہ گزشتہ جب عصیاں شعاری کا شکار ہو کر اپنے دامن کو گناہوں سے آلودہ کر لیتیں تو غضب الٰہی کا شکار ہو جاتیں۔ قرآنی شہادت کے مطابق کسی کو پانی میں غرق کیا گیا تو کسی کو زندہ زمین میں خزانوں سمیت دھنسا دیا گیا، کسی قوم کی شکلیں مسخ ہوئیں تو کسی قوم کو ایک کڑک سے نیست و نابود کر دیا گیا۔ جب کسی قوم کی گناہ گاریاں حد سے زیادہ بڑھ جاتیں تو عذاب آجاتا تھا لیکن امت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے جب گناہ حد سے بڑھ جاتے ہیں تو رحمت الٰہی کا سیلاب آجاتا ہے۔ کبھی شب برات کی صورت میں اور کبھی لیلۃ القدر کی صورت میں بلکہ کسی بھی لمحے گناہ گار احساس ندامت کے ساتھ اس توّاب ورحیم کی طرف رجوع کر لے تو اللہ کریم کی رحمتیں آگے بڑھ کر اس کا استقبال کرتی ہیں اور اگر یہ احساس قلب وروح کی گہرائیوں سے بیدار ہو تو اللہ کریم اس کی سیئات

کو حسنات میں بدل دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی یہ ساری رحمتیں اور کرم گستریاں غم امت میں رخسار مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر بہنے والے ان آنسوؤں کی قدر دانی کے طور پر ہیں جس کے سینکڑوں شواہد حدیث وسیرت کی کتابوں میں موجود ہیں

لیلۃ البرأۃ بھی ان اسباب بخشش میں سے ایک ہے جو امت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر خصوصی مہربانی کے طور پر اللہ کریم نے عطا فرمائے ہیں۔

ان خیر و بھلائی کے مواقع پر شیطان لعین اور اس کی ذریت معنوی کی خواہش ہوتی ہے کہ لوگ اعمال صالحہ سے محروم رہیں، داغہائے عصیاں ان کے دامن پر موجود رہیں تا کہ وہ جہنم کی خوراک بن جائیں اس مقصد کے لئے وہ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ کا عملی مظاہرہ کرتے ہیں ایسے میں علمائے ربانیین کا فریضہ یہ بنتا ہے کہ وہ اپنے علم وعرفان کے نور سے چراغاں کریں تا کہ راہِ نوردان ھدایت ومعرفت کامیابی کے ساتھ ساحل مراد تک پہنچ جائیں۔

علامہ محمد احمد برکاتی صاحب مدظلہ العالی جواں سال محقق ہیں جنہوں نے شب برات کے بارے میں تلبیسی شبہات پیدا کرنے والوں کی پیدا کردہ تشکیک کو اپنے علمی دلائل سے تحقیق میں بدل دیا ہے گویا انہوں نے اللہ تعالیٰ کی گنا گار مخلوق کو اس کے درِ رحمت کے قریب کرنے کی ایک شعوری کوشش کی ہے۔ اس کتاب کے مطالعہ کے بعد جب کسی انسان کو شرح صدر نصیب ہو گا اور وہ پہلے سے زیادہ یقین کے ساتھ شب برات میں عبادت وریاضت کرے گا تو اس کی

وجہ سے اللہ کریم علامہ موصوف کو بھی اجر عظیم سے نوزے گا۔مصروفیات کی کثرت کی وجہ سے میں نے اس کتاب کو جستہ جستہ پڑھا ہے فاضل موصوف نے احادیث کی تخریج کر کے مخلوق خدا کو ایقان کی منزل تک پہنچایا ہے اللہ کریم ان کی اس خلوص بھری کاوش کو شرف قبولیت سے نوازے اور ان کے راھوار قلم کو اور سرعت وقوت سے نوازے **آمین بجاہِ طه ویس۔**

خادم العلم والعلماء

محمد خان نوری ابدالوی

شیخ الحدیث دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف

Marfat.com

## تقریظ مبارک

# استاذ المناظرین مناظر اسلام

# حضرت علامہ مولانا مفتی محمد انوار حنفی صاحب

# شیخ الحدیث جامعہ حنفیہ رضویہ کوٹ رادھا کشن

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّیْ وَنُسَلِّمُ عَلٰی رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ اَمَّا بَعْدُ

اللہ تعالیٰ نے ابدی دین اسلام کی حفاظت کو بوسیلہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم ہمیں عطا فرمایا ہے اور اس دین متین کی حفاظت کا ذمہ اپنے کرم پر لیا اور اس کے لیئے ہر دور میں فتنوں کا مقابلہ کرنے کے لیئے رجال پیدا کیے جنہوں نے دین اسلام کی حفاظت کے لئے اپنے تن من اور دھن کی بازی لگا دی اور اپنی ساری عمر اسی تگ ودو میں گذار دی اور اسلام کی عظمت پر آنچ نہیں آنے دی۔

ان فتنوں میں سے ایک فتنہ مروجہ حسنات وخیرات کو سراسر غیر اسلامی، بدعت و ضلالت اور خلاف دین وملت ثابت کرنے کے لئے سر دھڑ کی بازی لگانا ہے تحریر وتقریر میں یہ بات باور کرانے کی کوشش کرنا مقصود ہوتا ہے کہ ان اعمال حسنہ کا پورے ذخیرۂ احادیث میں کوئی ثبوت نہیں ہے۔

ایسے فتنوں میں سے ایک فتنہ شب برات کا منانا، رات کو عبادت کرنا، صدقہ و خیرات کرنا، ایصال ثواب کرنا جیسے اعمال حسنہ کو بدعت وضلالت کہنے کا ہے۔ ان فتنہ پروروں نے احادیث صحیحہ کا انکار کر کے اپنی گمراہی وضلالت پر خود مہر تصدیق ثبت کر دی ہے اللہ تعالیٰ نے اس فتنہ کی سرکوبی کرنے کے لئے معدن حسنات وخیرات، منبع فیوض و

برکات شیخ القران والتفسیر پیر طریقت رہبر شریعت حضرت علامہ مولانا محمد علی برکاتی مدظلہ العالی کے صاحبزادہ والاشان محقق دوراں، شیخ الحدیث حضرت علامہ مولانا محمد احمد برکاتی مدظلہ العالی اطال اللہ عمرہ کو منتخب فرمایا۔انہوں نے شب برات کی فضیلت، اس رات کا منانا اور اس سلسلہ میں مستند واقعات کو دلائل قاہرہ سے ثابت فرمایا۔اس شب کے اعمال کو بھی دلائل کے ساتھ واضح فرما کر مخالفین پر حجت تمام فرمادی ہے بلکہ مخالفین اہلسنت کے علماء کے تائیدی بیانات کو بھی اپنی کتاب کی زینت بنادیا ہے۔

اس کتاب کا طرۂ امتیاز یہ ہے کہ محقق دوراں نے اس کتاب میں جہاں پر دلائل قائم فرمائے ہیں وہاں پر ساتھ ہی ساتھ تخریج کا کام بھی کردیا ہے۔تخریج کا کام اعمال شاقہ میں سے ہے جس کے بہت سے فوائد ہیں چند فوائدِ تخریج حاضر خدمت ہیں:

1☆ ایک حدیث کے مختلف طرق کا ملنا جس سے حدیث کے قوی ہونے کا یقین ہو جاتا ہے۔

2☆ بعض اوقات کسی ایک حدیث کی سند میں ضعیف راوی ہوتا ہے تو دوسری اسناد میں ثقہ راوی مل جانے سے وہ حدیث کی سند قوی ہو جاتی ہے۔

3☆ بعض اوقات مدلس راویان کی معنعن روایات کے اتصال وتحدیث کے طرق تخریج کے ذریعے سے بھی مل جاتے ہیں۔

4☆ بعض اوقات تخریج سے کسی حدیث کے شواہد مل جاتے ہیں جس سے وہ حدیث قوی ہو جاتی ہے۔

5☆ تخریج سے ضعیف اور مدلس راوی کی متابعت بھی مل جاتی ہے جس سے وہ حدیث دلیل کے طور پر پیش کرنے کے قابل ہو جاتی ہے۔

6☆ تخریج کا یہ فائدہ بھی ہے کہ بعض احادیث میں بعض راوی اضافی کلمات

کا ذکر کر دیتے ہیں جن پر ادلہ شرعیہ کی بنیاد ہوتی ہے۔

7☆ بعض دفعہ ایک روایت میں متن حدیث کی کوئی غلطی ہوتی ہے تو تخریج سے اس مسئلہ کو بھی حل کر لیا جاتا ہے۔

8☆ تخریج کے کام سے سند میں واقع راوی کے نام کی تصحیح کا فریضہ بھی باحسن وخوبی سرانجام پاتا ہے۔

9☆ بعض احادیث مبارکہ میں کچھ اضافی کلمات یا الفاظ بھی آجاتے ہیں وہ کلمات یا الفاظ راوی کے اپنے الفاظ ہوتے ہیں کسی صحابی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے الفاظ نہیں ہوتے تو تخریج سے اس کا پتہ چل جاتا ہے۔

10☆ تخریج کے کام سے مفید اضافے احادیث مبارکہ میں ثقہ راویوں سے مل جاتے ہیں۔

ان کے علاوہ تخریج کے مزید بہت سے فوائد وقواعد ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ حضرت علامہ مولانا محمد احمد برکاتی صاحب کی اس کتاب کو قبولیت عامہ عطا فرما کر مصنف کے لئے ذخیرۂ آخرت فرمائے آمین ثم آمین

خادم العلماء

پروفیسر مفتی محمد انوار حنفی

دارالعلوم جامعہ حنفیہ رضویہ نزد جامع مسجد نہر والی

کوٹ رادھا کشن

Marfat.com

# شب برات کے دلائل ومسائل

اللہ تعالیٰ نے جب حضرت سیدنا آدم علیٰ نبینا علیہ الصلاۃ والسلام کو بنایا تو اس شان سے کہ نیابت کا تاج سر پر سجا کر مسجود ملائک بنا کر تخلیق فرمایا۔ پھر ان کی اولاد کو دنیا میں رہنے کے لئے بھیجا تو ان کو مجبور محض بنانے کی بجائے بااختیار بنا کر وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ کی سمجھ بوجھ بھی عطا فرمادی اب جو انسان اعمالِ صالحہ کے رسیا ہوئے۔ ان کو تو نیکی کرنے کا ایسا جذبہ نصیب ہوا کہ وہ نیکی کرنے کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے ہی نہیں دیتے اور یوں نیکیوں کا ذخیرہ جمع کرتے کرتے محبوبان خدا کے درجہ پر فائز ہو جاتے ہیں۔ اس کے برعکس کچھ ایسے بھی لوگ ہیں جو نیکی کرنے میں بہت پیچھے رہ جاتے ہیں۔ نفس اور شیطان کے دام تزویر میں آکر گناہگاروں کی لسٹ میں آجاتے ہیں۔ اور یوں جہنم میں جانے کے لئے جہنمی راستے کا انتخاب کر بیٹھتے ہیں۔ اب ایسے ہی لوگوں کے لئے اللہ تعالیٰ کی رحمت جوش میں آتی ہے اور ان کے ہمالیہ سے بھی بڑے بڑے گناہوں کے ذخیروں کو پاش پاش کر کے راہ ہدایت پر گامزن کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ کچھ قیمتی لمحات عطا فرماتا ہے کہ تم بھی ان لمحات کی قدر کر کے فاستبقوا الخیرات کا عملی مصداق بن کر اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی میں کوشاں ہو جاؤ۔ یہی لمحات صلحاء کے لئے بھی مختصر وقت میں اعلیٰ ترین درجات کے ضامن بن جاتے ہیں۔ ایسے ہی

Marfat.com

بابرکت لمحات میں سے ایک شب ایسی بھی ہے جس کو نصف شعبان کی شب، پندرہ شعبان کی شب، شب برات یا لیلۃ البراۃ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔اس شب میں نیک وبد سبھی اللہ تعالیٰ کے حضور مساجد میں خانقاہوں میں قبرستانوں میں الغرض جہاں موقع ملتا ہے وہیں اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مصروف ہو کر اس کے حضور گڑگڑاتے ہیں، عاجزی وانکساری کرتے ہیں، نوافل پڑھتے ہیں، ذکر اذکار کرتے ہیں، نفل نوافل میں رات گذارتے ہیں، درود وسلام پڑھتے ہیں ،علمائے کرام سے خوف خدا پر مبنی بیانات سنتے ہیں۔نیز اللہ تعالیٰ کے حضور رورو کر اپنے گناہوں کی معافی اور اپنی آخرت کی بہتری پر مبنی دعائیں التجائیں کرتے ہیں اپنے ملک کی بہتری کے لئے بھر پور طور پر دعائیں کرتے ہیں اور یوں وہ یَبِیْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّقِیَامًا کی عملی تفسیر بنتے ہیں۔لیکن افسوس ہے کہ کچھ لوگ جو نہ تو خود نیکی کرتے ہیں اور نہ کسی اور کو نیکی کرتا ہوا برداشت کر سکتے ہیں۔ایسے لوگ شب برات کے جہاں دیگر شرعی فیوض و برکات کا انکار کرتے ہیں وہیں نیکی کرنے والوں کو غلط غلط القابات دے کر عبادت الٰہی سے برگشتہ کرنے کی سعیٔ نامشکور کرتے ہیں۔اور یوں اس مقدس رات کو عبادت میں گذارنے کی بجائے انتشار وافتراق کی نظر کر دیتے ہیں اور یوں نہ تو خود اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے ہیں اور نہ کسی اور کو کرتا ہوا برداشت کر سکتے ہیں۔ساتھ ہی ساتھ سوچنے والی بات تو یہ ہے کہ اس رات میں کوئی غیر مسلم تو مسجد میں آکر اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنہیں سکتا تو لازمی بات ہے کہ یہ رات مسلمانوں ہی کو اللہ تعالیٰ

نے عطا فرمائی ہے تو مسلمانوں پر اس رات کی عزت واحترام لازم ہے اور اس رات کی عزت واحترام یہی ہے کہ اس رات میں جی بھر کر اور دل لگا کر اللہ تعالیٰ کی عبادت کی جائے اور اپنے اپنے نامۂ اعمال کو اللہ رب ذوالجلال کی رحمت سے معمور کرنے کی سعی جمیلہ کی جائے۔

**نوٹ:** اس کتاب کے لکھنے کے منجملہ اسباب میں سے ایک سبب یہ بھی ہے کہ کے ایک شب برات منکر ادارہ نے جو کنز العمال بیروت ایڈیشن کی کاپی شائع کی ہے اس کی جلد نمبر چودہ کے صفحہ نمبر اٹھتر سے کئی احادیث جان بوجھ کر ہضم کر لی ہیں اور یہ احادیث ماہِ رجب شریف اور شبِ برات وغیرہ کے فضائل کے متعلقہ تھیں۔ کتاب کی فہرست میں یہ عنوانات موجود ہیں لیکن احادیث کے ضمن میں ایک بھی حدیث جان بوجھ کر درج نہیں کی۔ قارئین کرام نوٹ فرمالیں کہ یہ کام سہوا نہیں ہوا بلکہ جان بوجھ کر ہوا ہے۔ کیونکہ پچھلا باب روٹین کے انداز میں ختم کر کے نیا باب شروع کر دیا گیا ہے تا کہ سرسری نظر میں کسی کو محسوس ہی نہ ہونے پائے۔ جب کہ اس سے پہلے انہیں منکرین کے ایک بزرگ نے حدیث کی مشہور کتاب مصنف عبدالرزاق میں سے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی نورانیت کا مکمل باب ہضم کر کے ریکارڈ قائم کیا تھا اب انہوں نے اس ریکارڈ کو تجدیداً پھر اپنے نام کرنے کی کوشش کی ہے۔ علمائے اہلسنت اور عوامِ اہلسنت ان کے ہتھکنڈوں سے ہوشیار رہیں اور اس کے لئے ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ

منکرین کے کسی بھی مکتبہ سے کسی بھی قدیم مصنف کی شائع شدہ کتاب خریدنے سے مکمل پرہیز فرمائیں اگر کوئی تخریب کاری نظر آئے تو علماء وعوام اہلسنت کو اس سے باخبر کرنا مت بھولیں یہ آپ کا مذہبی فریضہ بھی ہے اور دین کی خدمت بھی۔ کیوں کہ معاملہ

؎ کہیں کچھ ملا نہ دیا ہو پاپی نے

کا مصداق نہ ہو جائے۔ بہر حال کچھ دوستوں کے اصرار پر فقیر نے اس ضمن میں کچھ احادیث طیبہ پیش کرنے کی کوشش کی ہے کہ جہاں عبادت الٰہی سے نالاں لوگوں کے دل میں عبادت الٰہی کا شوق پیدا ہو وہاں عبادت الٰہی کرنے والوں کے لئے باعث تسکین ہو سکے، اور وہ اپنی سچی لگن خصوصاً اس رات میں بغیر کسی شک وشبہ کے عبادت الٰہی کر سکیں اور اس رات کے فیوض و برکات سمیٹ سکیں۔ اللہ مالک کائنات ہر مومن کو اپنا فرمانبردار بناتے ہوئے دنیا وآخرت میں عزت سے مالا مال فرماتے ہوئے اپنے پسندیدہ مقام سے سرفراز فرمائے اور اس کتاب کی بدولت عمل کرنے والوں کی نیکیوں کی برکت سے راقم الحروف کو بھی اپنے محبوب محترم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے غلاموں میں شمار فرمائے۔ اور ان کے خدام میں بروز حشر جگہ نصیب فرمائے۔

آمین ثم آمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ والہ وسلم

Marfat.com

﴿1﴾

## حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا جنت البقیع میں شب برات منانا

عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللہُ عَنْهَا قَالَتْ: فَقَدْتُ رَسُوْلَ اللہِ صلی اللہ علیہ وسلم ذَاتَ لَيْلَةٍ فَاِذَاهُوَ بِالْبَقِيْعِ رَافِعٌ يَدَيْهِ اِلَی السَّمَاءِ۔ فَقَالَ: أَكُنْتِ تَخَافِيْنَ اَنْ يَّحِيْفَ اللہُ عَلَيْكِ وَرَسُوْلُهٗ ۔قَالَتْ ظَنَنْتُ اَنَّكَ اَتَيْتَ بَعْضَ نِسَائِكَ فَقَالَ: اِنَّ اللہَ يَنْزِلُ لَيْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ اِلَی السَّمَآءِ الدُّنْيَا فَيَغْفِرُ لِاَكْثَرَ مِنْ عَدَدِ شَعْرِ غَنَمِ كَلْبٍ۔

۔جامع ترمذی کتاب الصوم باب ماجاء فی لیلۃ النصف من شعبان۔

۔سنن ابن ماجہ کتاب اقامۃ الصلاۃ والسنۃ فیھا باب ماجاء فی لیلۃ النصف من شعبان۔

۔مسند احمد بن حنبل جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 238۔

۔مصنف ابن ابی شیبہ جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 108۔

۔مسند اسحاق بن راہویہ، حدیث نمبر 850 (مکتبۃ الایمان مدینہ منورہ)۔

۔مسند عبد بن حمید صفحہ نمبر 437۔

۔اخبار مکہ (فاکہی) باب ذکر اہل مکۃ فی لیلۃ النصف من شعبان۔

۔الابانۃ الکبری جلد 3 حدیث نمبر 176، دار الرایۃ الریاض۔

۔کتاب النزول (دار قطنیؒ) حدیث نمبر 73+74۔

۔شرح السنہ (بغویؒ) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 512۔

۔شعب الایمان (بیہقیؒ) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 380۔

۔فضائل الاوقات (بیہقیؒ) حدیث نمبر 28۔

۔غنیۃ الطالبین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 346۔

Marfat.com

۔العلل المتناھیۃ (ابن جوزیؒ) حدیث نمبر 915۔

۔جامع الاصول جلد نمبر 9 کتاب الفضائل والمناقب فضل الازمنہ

۔جامع الاحادیث (سیوطیؒ) حدیث نمبر 2624

۔کنز العمال (علی المتقیؒ) جلد نمبر 12 صفحہ نمبر 160۔35179

۔تفسیر روح المعانی سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔

۔تفسیر خازن سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔

۔تفسیر درمنثور سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔

۔تحفۃ الاحوذی (مبارکپوری) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 364۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک دن جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی میرے گھر میں شب بسری کی باری تھی۔رات کا وقت ہوا میں سو رہی تھی ۔رات کو اچانک میری آنکھ کھلی تو میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بستر پر نہ پایا۔میں گھبرا کر آپ کو تلاش کرنے کیلئے باہر گئی۔تلاش کرتے کرتے جنت البقیع (مبارک قبرستان جو کہ آپ کے گھر کے پاس ہی تھا) پہنچی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دعا میں مصروف پایا۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ کیا تم نے یہ گمان کیا کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم تم سے خیانت کریں گے؟ میں نے عرض کیا کہ یہ بات نہیں ہے لیکن میں نے یہ گمان کیا کہ آپ اپنی کسی دوسری زوجہ محترمہ کے پاس تشریف لے گئے ہیں۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ پندرہ شعبان کی رات کو آسمان دنیا پر (کما یلیق بشانہ) تشریف فرما ہوتا ہے اور قبیلہ بنی کلب کی بکریوں کے بالوں سے بھی زیادہ لوگوں کی بخشش فرما دیتا ہے۔

Marfat.com

**نوٹ:** اللہ تعالیٰ کے اترنے کا یہ مطلب ہے کہ اس رات اللہ تعالیٰ اپنی صفت جلال جو کہ بدکاروں اور گناہگاروں سے انتقام کا تقاضا کرتی ہے اس سے اپنی صفت رحمت ومغفرت کی طرف خصوصیت سے متوجہ ہوتا ہے۔ حدیث کے الفاظ کو اس لئے اس انداز میں محمول کیا گیا ہے کہ اترنا چڑھنا اور حرکت وسکون چونکہ جسم مادی کی صفات ہیں اور عقلی ونقلی اور قطعی دلائل سے یہ ثابت ہے کہ اللہ تعالیٰ جسم اور مکان سے پاک ہے اس لئے اگر اس کا یہ معنیٰ کیا جائے کہ وہ بلند جگہ سے پست جگہ کہ طرف منتقل ہوتا ہے تو یہ محال ہے۔ اس لئے اس حدیث کے وہی معنی ہوں گے جو اہل حق نے کئے ہیں یعنی رحمت کا اترنا اور اس کی مہربانی اور بخشش کا اپنے بندوں پر زیادہ ہونا اور ان کی دعاؤں اور توبہ کا منظور کر لینا۔ جیسا کہ کریم بادشاہوں کا طریقہ ہوتا ہے کہ جب وہ لوگوں کے پڑوس میں اترتے ہیں ان کے ساتھ احسان کرتے ہیں۔ اگرچہ اس بات کا تعلق تمام راتوں کے ساتھ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت ہر شب پچھلی رات میں اترتی ہے لیکن اس رات کی خصوصیت یہ ہے کہ اس رات سر شام ہی اللہ تعالیٰ کی رحمت کا نزول شروع ہو جاتا ہے۔ اور پھر یہ کہ تمام سال عام طور پر رحمت کا نزول ہوتا ہے لیکن اس رات خاص طور پر رحمت باری تعالیٰ کا نزول ہو جاتا ہے جو کہ نہ صرف فجر تک جاری رہتا ہے بلکہ دن میں روزہ رکھنا بھی باعث برکت بن جاتا ہے۔ لہذا اس حدیث پاک کا یہی تقاضا بھی ہے اور اس کا مطلب بھی یہی واضح ہو رہا ہے۔

﴿2﴾

## حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا جنت البقیع میں شب برات منانا تفصیلی روایت

قَالَتْ عَائِشَةُ دَخَلَ عَلَیَّ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم فَوَضَعَ عَنْهُ ثَوْبَیْهِ ثُمَّ لَمْ یَسْتَتِمَّ اَنْ قَامَ فَلَبِسَهُمَا فَأَخَذَتْنِیْ غَیْرَةٌ شَدِیْدَةٌ ظَنَنْتُ اَنَّهٗ یَأْتِیْ بَعْضَ صُوَیْحِبَاتِیْ فَخَرَجْتُ اَتْبَعُهٗ فَأَدْرَکْتُهٗ بِالْبَقِیْعِ الْغَرْقَدِ یَسْتَغْفِرُ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالشُّهَدَآءِ۔ فَقُلْتُ: بِاَبِیْ وَاُمِّیْ اَنْتَ فِیْ حَاجَةِ رَبِّكَ۔وَاَنَا فِیْ حَاجَةِ الدُّنْیَا۔ فَانْصَرَفْتُ فَدَخَلْتُ حُجْرَتِیْ وَلِیَ نَفَسٌ عَالٍ ۔وَلَحِقَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَالَ :مَا هٰذَا النَّفَسُ یَا عَائِشَةُ ؟۔ فَقُلْتُ بِاَبِیْ وَاُمِّیْ اَتَیْتَنِیْ فَوَضَعْتَ عَنْكَ ثَوْبَیْكَ ثُمَّ لَمْ تَسْتَتِمَّ اَنْ قُمْتَ فَلَبِسْتَهُمَا فَأَخَذَتْنِیْ غَیْرَةٌ شَدِیْدَةٌ ظَنَنْتُ اَنَّكَ تَأْتِیْ بَعْضَ صُوَیْحِبَاتِیْ حَتّٰی رَأَیْتُكَ بِالْبَقِیْعِ تَصْنَعُ مَاتَصْنَعُ۔قَالَ یَاعَائِشَةُ اِنْ کُنْتِ تَخَافِیْنَ اَنْ یَحِیْفَ اللّٰہُ عَلَیْكِ وَرَسُوْلُهٗ ،بَلْ اَتَانِیْ جِبْرِیْلُ عَلَیْهِ السَّلَامُ ،فَقَالَ :هٰذِهِ اللَّیْلَةُ لَیْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ وَلِلّٰہِ فِیْهَا عُتَقَآءُ مِنَ النَّارِ بِعَدَدِ شُعُوْرِ غَنَمِ کَلْبٍ لَا یَنْظُرُاللّٰہُ فِیْهَا اِلٰی مُشْرِكٍ وَلَا اِلٰی مُشَاحِنٍ وَلَا قَاطِعِ رَحِمٍ وَلَا اِلٰی مُسْبِلٍ وَلَا اِلٰی عَاقٍ لِوَالِدَیْهِ وَلَا اِلٰی مُدْمِنِ خَمْرٍ۔قَالَ ثُمَّ وَضَعَ ثَوْبَیْهِ فَقَالَ لِیْ :

Marfat.com

يَا عَائِشَةُ أَتَأْذَنِيْنَ لِىْ فِىْ قِيَامِ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ ؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ بِاَبِىْ وَاُمِّىْ فَقَامَ فَسَجَدَ طَوِيْلًا حَتّٰى ظَنَنْتُ اَنَّهُ قُبِضَ فَقُمْتُ اَلْتَمِسُهُ وَوَضَعْتُ يَدِىْ عَلٰى بَاطِنِ قَدَمَيْهِ فَتَحَرَّكَ فَفَرِحْتُ وَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ فِىْ سُجُوْدِهٖ :اَعُوْذُ بِعَفْوِكَ مِنْ عِقَابِكَ ،وَاَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سُخْطِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ جَلَّ وَجْهُكَ لَا اُحْصِىْ ثَنَاءً عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ. فَلَمَّا اَصْبَحَ ذَكَرْتُهُنَّ لَهُ فَقَالَ : تَعَلَّمِيْهِنَّ وَعَلِّمِيْهِنَّ فَاِنَّ جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَلَّمَنِيْهِنَّ وَاَمَرَنِىْ اَنْ اُرَدِّدُهُنَّ فِى السُّجُوْدِ۔

۔شعب الایمان جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 383۔

۔ابن عساکر جلد نمبر 36 صفحہ نمبر 195۔مختصراً

۔الترغیب والترہیب (منذریؒ) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 286۔

۔جامع الاحادیث حدیث نمبر 43338۔مختصراً

۔الزوجر (ابن حجر مکی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 59۔

۔تفسیر در منشور جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 403۔

۔غنیۃ الطالبین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 346۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنھا نے بیان کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم میرے پاس (رات کو) تشریف لائے ابھی آپ نے (تبدیل کرنے کے لئے) مکمل کپڑے بھی نہیں اتارے تھے کہ کھڑے ہوئے اور دوبارہ زیب تن فرمالئے (اور تشریف لے گئے)۔آپ کے جانے کا مجھے بہت زیادہ دکھ ہوا

یہاں تک کہ میں نے گمان کیا کہ شاید آپ کسی دوسری زوجہ محترمہ کے پاس تشریف لے گئے ہیں۔ چنانچہ میں آپ کو ڈھونڈنے کے لئے باہر آئی تو میں نے آپ کو جنت البقیع میں پایا۔ وہاں آپ مومن مردوں، عورتوں اور شہداء کے لئے دعائے مغفرت فرما رہے تھے۔ میں نے کہا کہ میرے باپ اور ماں آپ پر قربان ہوں، آپ اپنے رب کے کام میں مصروف ہیں اور میں دنیا کی حاجت میں تھی۔ چنانچہ میں گھر واپس لوٹی تو میری سانس بہت زیادہ پھولی ہوئی تھی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو فرمایا: اے عائشہ یہ سانس کیسے پھولی ہوئی ہے؟۔ میں نے عرض کیا کہ میرے باپ اور ماں آپ پر قربان ہوں آپ تشریف لائے اور لباس اتارا (تبدیل کرنے کے لئے) ابھی مکمل بھی نہیں اتارا تھا کہ آپ دوبارہ تیار ہو کر تشریف لے گئے تو مجھے شدید غیرت آئی کہ شاید آپ کسی دوسری زوجہ محترمہ کے ہاں تشریف لے گئے ہیں۔ یہاں تک کہ میں نے آپ کو جنت البقیع میں دیکھا وہاں آپ جو عمل فرما رہے تھے وہی فرما رہے تھے (وہ آپ ہی کی شان کے لائق تھا)۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ اے عائشہ تم اس بات سے گھبرا گئی کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم تم سے خیانت کریں گے؟۔ میرے پاس جبریل علیہ السلام آئے اور انہوں کہا کہ یہ رات نصف شعبان کی رات ہے اور اللہ تعالیٰ اس رات میں قبیلہ بنی کلب کی بکریوں کی تعداد کے برابر لوگوں کو جہنم سے آزاد فرما دیتا ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ شرک کرنے والے کی طرف، تعلقات توڑنے والے، تکبر سے چادر لٹکانے

Marfat.com

والے، والدین کے نافرمان، اور شراب بنانے والے کی طرف نظر کرم سے نہیں دیکھتا۔ پھر آپ نے کپڑے رکھے اور فرمایا کہ اے عائشہ کیا تم مجھے اس رات عبادت کرنے کی اجازت دیتی ہو؟۔ میں نے عرض کیا کہ جی ہاں میرے باپ اور ماں آپ پر قربان ہوں۔ آپ نے کچھ قیام فرمایا اور پھر آپ نے طویل سجدہ فرمایا۔ وہ سجدہ اتنا طویل ہوا کہ میں نے گمان کیا کہ شاید آپ کی روح مبارک (خدانخوستہ) پرواز کرگئی ہے۔ میں آپ کو چھونے کے لئے اٹھی اور آپ کے پاؤں کے تلوے کو ہاتھ لگایا تو آپ نے حرکت فرمائی تو مجھے اطمینان ہوا۔ میں نے آپ کو سجدہ میں یہ کہتے ہوئے سنا: اے اللہ میں تیری سزا سے تیرے عفو کی پناہ مانگتا ہوں، تیری ناراضگی سے تیری رضا کی پناہ مانگتا ہوں اور تجھ سے تیرے چہرے کے جلال کی پناہ مانگتا ہوں، میں تیری ویسی حمد وثناء بیان نہ کرسکا جیسی تو خود اپنی لئے بیان فرماسکتا ہے (اسی طرح دعائیں کرتے کرتے آپ نے ساری رات گذاردی)۔ چنانچہ جب صبح ہوئی تو میں نے انہیں یاد کرنے کی غرض سے عرض کیا تو آپ نے ارشاد فرمایا: اے عائشہ تم بھی سیکھ لو اور آگے بھی سکھا دینا۔ کیوں کہ مجھے یہ جبریل علیہ السلام نے بتایا ہے اور مجھے کہا ہے کہ میں انہیں سجدوں میں باربار پڑھتا رہوں۔

Marfat.com

﴿3﴾

## حضور ﷺ کا گھر میں شب برات منانا

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مِنَ اللَّيْلِ يُصَلِّيْ فَأَطَالَ السُّجُوْدَ حَتّٰى ظَنَنْتُ اَنَّهٗ قَدْ قُبِضَ، فَلَمَّا رَأَيْتُ ذٰلِكَ قُمْتُ حَتّٰى حَرَّكْتُ اِبْهَامَهٗ فَتَحَرَّكَ فَرَجَعْتُ فَلَمَّا رَفَعَ رَأْسَهٗ مِنَ السُّجُوْدِ وَفَرَغَ مِنْ صَلَاتِهٖ فَقَالَ يَا عَائِشَةُ اَوْ يَاحُمَيْرَاءُ أَظَنَنْتِ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَدْ خَاسَ بِكِ؟۔ قُلْتُ لَا وَاللّٰهِ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ ﷺ وَلٰكِنِّيْ ظَنَنْتُ اَنَّكَ قُبِضْتَ لِطُوْلِ سُجُوْدِكَ فَقَالَ أَ تَدْرِيْنَ اَيُّ لَيْلَةٍ هٰذِهٖ؟ قُلْتُ:اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ ۔قَالَ: هٰذِهٖ لَيْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَيَغْفِرُ لِلْمُسْتَغْفِرِيْنَ وَيَرْحَمُ الْمُسْتَرْحِمِيْنَ وَيُؤَخِّرُ اَهْلَ الْحِقْدِ كَمَا هُمْ۔

۔شعب الایمان جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 382۔

۔تفسیر درمنثور جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 403۔

۔الترغیب والترہیب جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 73 (منذری نے کہا کہ بیہقی نے اسے مرسل جید کہا ہے)

۔الزواجر (ابن حجر مکی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 60۔ مختصراً

۔تحفۃ الاحوذی جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 365۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم ایک رات نماز ادا کرنے کے لئے کھڑے ہوئے اور اتنا طویل سجدہ

Marfat.com

فرمایا کہ یہاں تک کہ میں نے گمان کیا کہ (خدانخواستہ) آپ کی روح پرواز کرگئی ہے۔ پس جب میں نے یہ گمان کیا تو کھڑی ہوئی یہاں تک کہ میں نے آپ کے انگوٹھے کو حرکت دی تو آپ نے حرکت فرمائی پھر آپ نے سجدہ سے اپنا سر اٹھایا اور نماز سے فارغ ہوئے تو ارشاد فرمایا اے عائشہ یا کہا اے حمیراء کیا تو نے گمان کیا کہ تمہارے ساتھ بے وفائی ہوگی۔ میں نے کہا کہ نہیں اللہ کی قسم یا نبی اللہ ایسا نہیں لیکن میں نے آپ کے طویل سجدہ سے گمان کیا کہ (خدانخواستہ) آپ کی روح مبارک پرواز کرگئی ہے۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ کیا تو جانتی ہے کہ یہ رات کیا ہے؟۔ میں نے عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم زیادہ جانتے ہیں۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ یہ نصف شعبان کی شب ہے اس میں بخشش مانگنے والوں کی بخشش کی جاتی ہے۔ رحم مانگنے والوں پر رحم کیا جاتا ہے۔ اور بغض رکھنے والوں کو مہلت دی جاتی ہے۔

﴿4﴾

## حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا گھر میں شب برات منانا دوسری روایت

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: لَمَّا كَانَتْ لَيْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ اِنْسَلَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم من مِرْطِيّ ثُمَّ قَالَتْ: وَاللّٰهِ مَا كَانَ مِرْطُنَامِنْ خَزٍّ ولا قَزٍّ ولا كُرْسُفٍ ولا كَتَّانٍ. قُلْنَا سُبْحَانَ اللّٰهِ فَمِنْ أَيِّ شَيْءٍ كَانَ ؟. قَالَتْ: كَانَ سُدَاهُ الشَّعْرَ وَكَانَتْ لُحْمَتُهُ

Marfat.com

مِنْ وَبَرِ الاِبِلِ.قَالَتْ فَخَشِيْتُ اَنْ يَكُوْنَ اَتٰى بَعْضَ نِسَائِهٖ فَقُمْتُ اَلْتَمِسُهٗ فِى الْبَيْتِ فَيَقَعُ قَدَمِىْ عَلٰى قَدَمِهٖ وَهُوَ سَاجِدٌ فَحَفِظْتُ مِنْ قَوْلِهٖ وَهُوَ يَقُوْلُ سَجَدَ لَكَ سَوَادِىْ وَخَيَالِىْ وَآمَنَ لَكَ فُؤَادِىْ وَاَبُوْءُ لَكَ بِالنِّعَمِ وَاعْتَرِفُ بِالذُّنُوْبِ الْعَظِيْمَةِ ظَلَمْتُ نَفْسِىْ فَاغْفِرْ لِىْ اَنَّهٗ لَايَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ.اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ وَاَعُوْذُ بِرَحْمَتِكَ مِنْ نِقْمَتِكَ وَاَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سُخْطِكَ.وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ لَااُحْصِىْ ثَنَآءً عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ قَالَتْ: فَمَازَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يُصَلِّىْ قَآئِماً وَقَاعِدًا حَتّٰى اَصْبَحَ فَاَصْبَحَ وَقَدِ اصْعَدَتْ قَدَمَاهُ فَاَنِّى اَغْمِزُهُمَا وَقُلْتُ بِاَبِىْ وَاُمِّىْ أ تَعِبْتَ نَفْسَكَ .أَلَيْسَ قَدْ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ .أَلَيْسَ قَدْ فَعَلَ اللّٰهُ بِكَ أَلَيْسَ أَلَيْسَ. فَقَالَ:بَلٰى يَا عَائِشَةُ. أَفَلَا أَكُوْنُ عَبْداً شَكُوْراً . هَلْ تَدْرِيْنَ مَافِىْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ؟. قَالَتْ: مَافِيْهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ؟.فَقَالَ: فِيْهَااَنْ يُكْتَبَ كُلُّ مَوْلُوْدٍ مِنْ بَنِىْ آدَمَ فِىْ هٰذِهِ السَّنَةِ وَفِيْهَا اَنْ يُكْتَبَ كُلُّ هَالِكٍ مِنْ بَنِىْ آدَمَ فِىْ هٰذِهِ السَّنَةِ وَفِيْهَا تُرْفَعُ اَعْمَالُهُمْ وَفِيْهَا تَنْزِلُ اَرْزَاقُهُمْ.فَقَالَتْ:يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم مَا اَحَدٌ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا بِرَحْمَةِ اللّٰهِ.فَقَالَ :مَا مِنْ اَحَدٍ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا بِرَحْمَةِ اللّٰهِ قُلْتُ: وَلَا اَنْتَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ؟. فَوَضَعَ يَدَهٗ عَلٰى هَامَتِهٖ فَقَالَ: وَلَا اَنَا اِلَّا اَنْ يَتَغَمَّدَنِىَ اللّٰهُ

Marfat.com

مِنْهُ بِرَحْمَةٍ يَقُوْلُهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ۔

۔فضائل الاقات (بیہقیؒ) حدیث نمبر 26۔

۔النزول (دارقطنیؒ) حدیث نمبر 75۔

۔اخلاق النبی ﷺ (ابوالشیخؒ) حدیث نمبر 461۔ (مختصر)

۔میزان الاعتدال جلد 4 صفحہ نمبر 262۔

۔جامع الاحادیث حدیث نمبر 43406+42942۔

۔ابن شاہین فی الترغیب کذاذکرالسیوطی جامع الاحادیث۔

۔غنیۃ الطالبین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 345۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ جب نصف شعبان کی شب ہوتی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم میرے بستر سے نکل جاتے، پھر حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ اللہ کی قسم ہمارے بستر کی چادر ریشمی تھی نہ سوتی تھی۔ ہم نے کہا کہ سبحان اللہ پھر وہ کس چیز کی بنی ہوئی تھی؟۔آپ نے فرمایا کہ اس کا تانا بکری کے بالوں اور بانا اونٹوں کے بالوں سے بنا ہوا تھا۔آپ نے فرمایا کہ مجھے خدشہ ہوا کہ شاید آپ اپنی دوسری ازواج میں سے کسی کے پاس تشریف لے گئے ہیں۔ میں آپ کو تاریکی میں گھر میں ڈھونڈھ رہی تھی کی میرا پیر آپ کے پیر سے ٹکرایا (اس وقت آپ سجدہ ریز تھے)۔اس وقت آپ جو دعا پڑھ رہے تھے میں نے اسے یاد رکھا وہ یہ دعا تھی: میرا جسم اور ذہن تجھے سجدہ کر رہا ہے اور میرا دل تجھ پر ایمان لا چکا ہے، میں تیری نعمتوں کا اقرار کرتا ہوں اور اپنی بڑی بڑی لغزشوں کا اقرار کرتا ہوں، میں نے اپنی جان پر تجاوز کیا۔

پس تو مجھے بخش دے۔ بے شک تیرے سوا گناہوں کو کوئی بھی نہیں بخشے گا۔ میں تیری سزا سے تیری معافی کی طرف آتا ہوں، اور تیرے غضب سے تیری رحمت کی طرف آتا ہوں، اور تیری ناراضگی سے تیری رضاء کی طرف آتا ہوں، اور تجھ سے تیری ہی پناہ کی طرف آتا ہوں۔ میں تیری ایسی حمد و ثناء نہیں کر سکا جیسی تو خود اپنی حمد و ثناء کر سکتا ہے۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کھڑے ہو کر اور بیٹھ کر نماز ادا کرتے رہے حتیٰ کہ صبح ہو گئی۔ آپ کے پاؤں مبارک سوج گئے۔ میں آپ کے پاؤں مبارک دبا رہی تھی چنانچہ میں نے عرض کیا کہ آپ پر میرے ماں باپ قربان ہوں۔ آپ نے اپنے آپ کو بہت تھکایا ہے۔ کیا یہ بات نہیں ہے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ آپ کے طفیل آپ کے اگلوں اور پچھلوں کے گناہ معاف فرما چکا ہے۔ آپ نے فرمایا: کیوں نہیں اے عائشہ تو کیا میں اللہ تعالیٰ کا شکر گذار بندہ نہ بنوں؟۔ کیا تم جانتی ہو کہ اس رات میں کیا ہوتا ہے؟۔ میں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم اس رات میں کیا ہوتا ہے؟۔ آپ نے فرمایا کہ اس رات میں اس سال اولاد آدم سے پیدا ہونے والے ہر فرد کا نام لکھ لیا جاتا ہے۔ اور اس سال اولاد آدم سے مرنے والے ہر فرد کا نام لکھ لیا جاتا ہے۔ اور اس رات میں لوگوں کے اعمال اوپر لے جائے جاتے ہیں اور اس سال ان کا رزق نازل کیا جاتا ہے۔ میں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ کیا کوئی شخص اللہ تعالیٰ کی رحمت کے بغیر جنت میں داخل ہوگا؟۔ آپ نے فرمایا کوئی شخص بھی اللہ تعالیٰ کی رحمت کے بغیر جنت میں داخل

Marfat.com

نہیں ہوگا۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم آپ بھی نہیں؟۔ آپ نے اپنا ہاتھ سر پر رکھ کر تین مرتبہ فرمایا: میں بھی نہیں میں بھی نہیں۔ سوائے اس کے کہ اللہ تعالیٰ مجھے رحمت کے ساتھ ڈھانپ لے۔

﴿5﴾

## حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا گھر میں شب برات منانا تیسری روایت

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: لَيْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ لَيْلَتِيْ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عِنْدِيْ. فَلَمَّا كَانَ فِيْ جَوْفِ اللَّيْلِ فَقَدْتُهُ فَأَخَذَنِيْ مَا يَأْخُذُ النِّسَاءُ مِنَ الْغَيْرَةِ. فَتَلَفَّعْتُ بِمِرْطِيْ أَمَا وَاللّٰهِ مَا كَانَ مِنْ خَزٍّ وَلَا قَزٍّ وَلَا حَرِيْرٍ وَلَا دِيْبَاجٍ وَلَا قُطْنٍ وَلَا كَتَّانٍ. قِيْلَ لَهَا مِمَّ كَانَ يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ ؟۔ قَالَتْ كَانَ سَدَاهُ شَعْرٌ وَلُحْمَتُهُ مِنْ أَوْبَارِ الْإِبِلِ. قَالَتْ: فَطَلَبْتُهُ فِيْ حُجَرِ نِسَائِهٖ فَانْصَرَفْتُ إِلٰى حُجْرَتِيْ فَإِذَا أَنَا بِهٖ كَالثَّوْبِ السَّاقِطِ وَهُوَ يَقُوْلُ: سَجَدَ لَكَ خَيَالِيْ وَسَوَادِيْ وَاٰمَنَ بِكَ فُؤَادِيْ، وَهٰذِهٖ يَدِيْ وَمَا جَنَيْتُ بِهَا عَلٰى نَفْسِيْ. يَا عَظِيْمًا تُرْجٰى لِكُلِّ عَظِيْمٍ، يَا عَظِيْمُ اغْفِرِ الذَّنْبَ الْعَظِيْمَ، سَجَدَ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ خَلَقَهٗ، وَشَقَّ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهٗ ثُمَّ عَادَ سَاجِدًا فَقَالَ: أَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سُخْطِكَ، وَأَعُوْذُ بِعَفْوِكَ مِنْ عِقَابِكَ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ أَنْتَ كَمَا أَثْنَيْتَ عَلٰى

Marfat.com

نَفْسِكَ ،اَقُوْلُ كَمَا قَالَ اَخِیْ دَاوٗدُ :اَعْفَرُ وَجْهِیَ فِی التُّرَابِ لِسَیِّدِیْ ،وَحَقٌّ لِسَیِّدِیْ اَنْ یُسْجَدَ لَهٗ۔ ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهٗ ۔ فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِیْ قَلْباً نَقِیّاً مِنَ الشَّرِّ لَا جَافِیاً وَلَاشَقِیّاً ثُمَّ انْصَرَفَ وَدَخَلَ مَعِیَ فِی الْخَمِیْلَةِ وَلِیَ نَفَسٌ عَالٍ ۔ فَقَالَ مَا هٰذَا النَّفَسُ یَا حُمَیْرَآءُ؟۔ فَأَخْبَرْتُهٗ فَطَفِقَ یَمْسَحُ بِیَدِهٖ عَلٰی رُكْبَتَیَّ وَهُوَ یَقُوْلُ وَیْسَ هَاتَیْنِ الرُّكْبَتَیْنِ مَالَقِیَتَا هٰذِهِ اللَّیْلَةَ۔لَیْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ یَنْزِلُ اللّٰهُ تَعَالٰی فِیْهَا اِلَى السَّمَآءِ الدُّنْیَا فَیَغْفِرُ لِعِبَادِهٖ اِلَّا لِمُشْرِكٍ اَوْ لِمُشَاحِنٍ۔

۔کتاب الدعاء(طبرانیؒ )صفحہ نمبر 195 ۔

۔النزول (دار قطنیؒ) حدیث نمبر 75۔

۔شعب الایمان (بیہقی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 385۔

۔التبصرۃ (ابن جوزی) المجلس الخامس فی ذکر اللیلۃ النصف من شعبان۔

۔امالی المطلقہ (عسقلانیؒ) صفحہ نمبر 120۔

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ شعبان کی پندرہویں شب میں میری باری تھی اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم میرے پاس تشریف فرما تھے۔ جب رات آدھی گذر گئی تو میں نے آپ کو نہ پایا۔ چنانچہ میرے دل میں عام عورتوں کی طرح خیال آیا تو میں نے چادر اوڑھی اللہ کی قسم وہ چادر نہ تو ریشمی (حریر اور دیباج ریشم کی اقسام) تھی اور نہ ہی سوتی (کتان: باریک کپڑا) عرض کیا گیا کہ اے ام المؤمنین وہ چادر کس چیز سے بنی ہوئی تھی؟

Marfat.com

آپ نے فرمایا کہ اس کا تانا بکری کے بالوں کا اور بانا اونٹوں کے بالوں کا بنا تھا۔ میں نے آپ کو ازواجِ مطہرات کے کمروں میں تلاش کیا مگر آپ کو نہ پاسکی جب میں واپس لوٹی تو میں نے دیکھا کہ آپ میرے حجرے میں (سجدہ میں) ایسے پڑے تھے جیسے کوئی کپڑا پڑا ہوتا ہے درانحالیکہ آپ کہہ رہے تھے:

سَجَدَ لَكَ خَيَالِیْ وَسَوَادِی وَاٰمَنَ بِكَ فُؤَادِیْ، وَهٰذِهٖ يَدِیْ وَمَا جَنَيْتُ بِهَا عَلٰى نَفْسِیْ. يَا عَظِيْماً تُرْجٰى لِكُلِّ عَظِيْمٍ، يَا عَظِيْمُ اِغْفِرِ الذَّنْبَ الْعَظِيْمَ، سَجَدَ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ خَلَقَهٗ، وَشَقَّ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ.

پھر آپ نے سجدہ سے سر اٹھایا پھر دوبارہ سجدہ فرمایا اور یہ کہنا شروع کیا:

اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سُخْطِكَ، وَأَعُوْذُ بِعَفْوِكَ مِنْ عِقَابِكَ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ، اَقُوْلُ كَمَا قَالَ اَخِیْ دَاوٗدُ: اَعْفِرُ وَجْهِیَ فِی التُّرَابِ لِسَيِّدِیْ، وَحَقَّ لِسَيِّدِیْ اَنْ يُسْجَدَ لَهٗ

پھر آپ نے سجدہ سے سر اٹھایا اور یہ کہنا شروع کیا:

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِیْ قَلْباً نَقِيّاً مِنَ الشَّرِّ لَا جَافِياً وَّلَا شَقِيّاً.

پھر آپ واپس پلٹے اور میری چادر میں تشریف لائے اس وقت میری سانس پھولی ہوئی تھی آپ نے فرمایا: اے حمیرا تمہاری سانس کیوں پھولی ہوئی ہے؟۔ میں نے تمام معاملہ عرض کر دیا تو آپ نے میرے زانوؤں کو مس کرتے ہوئے فرمایا کہ جو بھی جسمانی محنت (عبادت) کرنا پڑی آج کی رات کی ہی

Marfat.com

ہے۔ مزید فرمایا کہ اس رات نصف شعبان کی رات اللہ تعالیٰ کی رحمت نزول فرماتی ہے پس وہ مشرک اور کینہ پرور کے سوا اپنے تمام بندوں کی مغفرت فرما دیتا ہے۔

﴿6﴾

## فضائل شب برات کی محفل مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا بیان

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے مجھے کسی کام کی غرض سے سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے پاس بھیجا۔ میں نے ان سے جلدی اجازت چاہتے ہوئے عرض کیا کہ جلدی کریں کیونکہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو اس حال میں چھوڑا ہے کہ آپ صحابہ کرام کو نصف شعبان کے بارے میں بیان فرما رہے تھے تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ اے اُنیس بیٹھ جاؤ میں تجھے نصف شعبان کے بارے میں حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی حدیث مبارکہ سُناتی ہوں۔ ایک دفعہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی میرے ہاں ٹھہرنے کی باری تھی۔ پس آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم تشریف لائے اور میرے پاس لحاف میں داخل ہو گئے میں رات کو بیدار ہوئی تو میں نے آپ کو بستر میں نہ پایا۔ میں نے گمان کیا کہ آپ اپنی لونڈی ماریہ قطبیہ کے ہاں تشریف لے گئے ہیں۔ پس میں گھر سے نکلی اور مسجد سے گزری تو میرا پاؤں آپ سے ٹکرایا اس وقت سجدہ میں آپ اللہ تعالیٰ سے یہ دعا فرما رہے تھے۔

Marfat.com

سَجَدَلَكَ سَوَادِیْ وَخَيَالِیْ وَاٰمَنَ بِكَ فُؤَادِیْ ،وَهٰذِهٖ يَدِیْ وَ مَاجَنَيْتُ بِهَا عَلٰى نَفْسِیْ .يَا عَظِيْماً يُرْجٰى لِكُلِّ عَظِيْمٍ اِغْفِرِ الذَّنْبَ الْعَظِيْمَ ،سَجَدَوَجْهِیَ لِلَّذِیْ خَلَقَهٗ وَصَوَّرَهٗ ، وَشَقَّ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ

پھر آپ نے اپنا سر اٹھایا اور یہ دعا کی:

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِیْ قَلْباً تَقِيّاً نَقِيّاً مِنَ الشِّرْكِ بَرِيّاً لَا كَافِراً وَلَا شَقِيّاً

پھر آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے دوبارہ سجدہ کیا میں نے آپ کو یہ کہتے ہوئے سنا

اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سُخْطِكَ ،وَبِعَفْوِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ ،وَبِكَ مِنْكَ لَااُحْصِیْ ثَنَآءً عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ ،اَقُوْلُ كَمَا قَالَ اَخِیْ دَاوٗدُ :اَعْفَرُ وَجْهِیَ فِی التُّرَابِ لِسَيِّدِیْ ،وَحَقَّ لِوَجْهِ سَيِّدِیْ اَنْ يُعْفَرَ۔

پھر آپ نے اپنا سر مبارک اٹھایا تو میں نے عرض کیا میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں آپ کس وادی میں ہیں۔اور میں کس وادی میں تھی (یعنی آپ کس کام میں مصروف ہیں جب کہ میں کن خیالات میں تھی)۔پس آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ اے حمیرا کیا تو اس رات کی فضیلت جانتی ہے؟۔ بے شک اللہ تعالیٰ اس رات میں قبیلہ بنی کلب کی بکریوں کے بالوں کے برابر جہنمیوں کو آزاد فرماتا ہے۔میں نے عرض کیا کہ قبیلہ کلب والوں کی تخصیص کیا وجہ ہے؟۔آپ نے فرمایا کہ: عرب کے قبائل میں سے کسی قبیلہ کی بکریوں کے بال ان سے زیادہ نہیں ہیں پھر آپ نے فرمایا کہ: چھ قسم کے آدمیوں کی اس رات میں

Marfat.com

بھی بخشش نہیں ہوگی:

1: عادی شرابی 2: والدین کا نافرمان 3: زنا پر اصرار کرنے والا 4: رشتہ داروں سے تعلق توڑنے والا 5: تصویر بنانے والا 6: چغل خور

۔فضائل الاوقات (بیہقی) حدیث نمبر 27۔

۔مکاشفۃ القلوب از امام غزالی صفحہ نمبر 314۔

۔لسان المیزان (عسقلانی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 36۔

۔میزان الاعتدال جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 150۔

﴿7﴾

## شب برات کی فضیلت پر حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی ایک اور روایت

عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا مَرْفُوْعاً :یَنْسَخُ اللّٰهُ فِیْ اَرْبَعَ لَیَالِ الآجَالَ وَالْاَرْزَاق :فِیْ لَیْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ وَالْاَضْحٰی وَالْفِطْرِ وَلَیْلَةِ عَرَفَةٍ۔

۔لسان المیزان (عسقلانی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 249۔

۔موسوعۃ اقوال الدار قطنی (حرف السین) جلد نمبر 17 صفحہ نمبر 76۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا مرفوعاً روایت کرتی ہیں کہ چار راتوں میں موت کے وقت کا اور رزق کا تعین کیا جاتا ہے۔ اور وہ راتیں ہیں نصف شعبان کی رات (شبِ برات)، عید الاضحیٰ کی رات، عید الفطر کی رات اور شبِ عرفہ (یعنی نویں ذوالحج)

Marfat.com

﴿8﴾

## حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی ایک مزید روایت

عَنْ عَائِشَةَ سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ یَفْتَحُ اللّٰهُ الْخَیْرَ فِیْ اَرْبَعَ لَیَالٍ لَیْلَةَ الْاَضْحٰی وَلَیْلَةَ الْفِطْرِ وَلَیْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ یَنْسَخُ فِیْهَا الْاٰجَالَ وَالْاَرْزَاق وَیَکْتُبُ فِیْهَا الْحَاجَّ وَفِیْ لَیْلَةِ الْعَرَفَةِ اِلَی الْاَذَانِ۔

۔تاریخ بغداد خطیب بغدادی (کماذکر سیوطیؒ)

۔تفسیر درمنثور جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 402۔

۔غنیۃ الطالبین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 347۔

۔التبصرۃ (ابن جوزی) المجلس الخامس فی ذکر اللیلۃ النصف من شعبان۔

۔دیلمی کماذکر علی متقی۔

۔کنز العمال جلد نمبر 12 صفحہ نمبر 144۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے سنا۔ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ اللہ تعالٰی چار راتوں میں خیر کا دروازہ کھول دیتا ہے۔ عید الفطر کی شب، عید الاضحٰی کی شب، نصف شعبان کی شب کہ اس میں لوگوں کی موت اور رزق کا فیصلہ کیا جاتا ہے اور حاجیوں کے نام لکھے جاتے ہیں اور عرفہ کی رات میں بھی صبح کی اذان تک خیر کا دروازہ کھلا رہتا ہے۔

Marfat.com

﴿9﴾

## اللہ تعالیٰ کی شب برات میں خانہ کعبہ پر خصوصی نظر کرم فرمانا

عَنْ (عَائِشَةَ وَ) ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِنَّ اللّٰهَ يَلْحَظُ اِلَى الْكَعْبَةِ فِىْ كُلِّ عَامٍ لَحْظَةً وَذٰلِكَ لَيْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَعِنْدَ ذٰلِكَ تَحِنُّ اِلَيْهَا قُلُوْبُ الْمُؤْمِنِيْنَ۔

- دیلمی جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 149۔
- جامع الاحادیث (سیوطی) نمبر 7335۔
- الجامع الکبیر (سیوطی) حدیث نمبر 2782۔
- کنز العمال جلد نمبر 12 صفحہ نمبر 96۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا و حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بے شک اللہ تعالیٰ خانہ کعبہ کی طرف سال میں ایک لحظہ کے لئے خصوصی نظر کرم فرماتا ہے اور وہ ہے نصف شعبان کی رات اسی وقت مومنوں کے دل خانہ کعبہ کی طرف بھرپور طور پر مائل ہوجاتے ہیں۔

﴿10﴾

## خانہ کعبہ بھی قبلہ شب برات والے دن بنا

قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ :صَلَّى الْمُسْلِمُوْنَ اِلٰى بَيْتِ الْمَقْدِسِ بَعْدَ قُدُوْمِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ

Marfat.com

سَبْعَةَ عَشَرَ شَهْرًا وَثَلَاثَةَ اَيَّامٍ سَوَاءً وَذٰلِكَ اَنَّ قُدُوْمَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ كَانَ يَوْمُ الْاِثْنَيْنِ لِاِثْنَتَىْ عَشَرَةَ لَيْلَةٍ خَلَتْ مِنْ رَبِيْعِ الْاَوَّلِ وَاَمَرَهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا بِاِسْتِقْبَالِ الْكَعْبَةِ يَوْمَ الثَّلَاثَاءِ لِلنِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ ۔ قَالَ شُعَيْبُ الْاَرْنَؤُوْطُ :اِسْنَادُهُ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِهِمَا۔

۔صحیح ابن حبان کتاب الصلوٰۃ باب شروط الصلوٰۃ۔

۔تفسیر قرطبی تحت سورۃ البقرۃ آیۃ نمبر 142۔

۔تفسیر السراج المنیر تحت سورۃ مزمل آیت نمبر 2۔

۔عمدۃ القاری جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 385۔

۔روضۃ الطالبین جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 498۔

حضرت امام ابوحاتم رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ مدینہ منورہ میں حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی تشریف کے سترہ ماہ اور تین دن تک برابر بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نمازیں ادا کرتے رہے۔ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم مدینہ منورہ میں بارہ ربیع الاول بروز پیروار تشریف لائے تھے۔اللہ تعالیٰ نے آپ کو خانہ کعبہ کی طرف منہ کرنے کا حکم منگل وار شب برات کے دن عطا فرمایا۔

شعیب ارؤوط نے کہا ہے کہ یہ روایت امام بخاری اور امام مسلم کی شرائط کے مطابق صحیح ہے۔

**نوٹ:** قبلہ کی شب برات والے دن خانہ کعبہ کی طرف تبدیلی کے مزید

Marfat.com

دلائل حسب ذیل ہیں:

۔تاریخ طبری جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 18۔

۔تاریخ ابن کثیر جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 252۔

۔تاریخ مکۃ المشرفۃ والمسجد الحرام باب ذکر المساجد المعروفۃ۔

۔السیرۃ النبویہ از ابن کثیر جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 372۔باب تحویل القبلہ۔

۔الفصول فی السیرۃ ابن کثیر باب تحویل القبلہ وفرض الصوم۔

۔عیون الاثر ابن سید الناس جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 363۔باب تحویل کعبہ۔

﴿11﴾

## حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا سجدہ تہائی امت، نصف امت بلکہ تمام امت کی مغفرت

قَالَتْ عَائِشَةُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا: رَأَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ لَیْلَۃِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ سَاجِدًا وَھُوَ یَدْعُوْ فَنَزَلَ جِبْرِیْلُ فَقَالَ: اِنَّ اللّٰہَ قَدْ اَعْتَقَ مِنَ النَّارِ اللَّیْلَۃَ بِشَفَاعَتِكَ ثُلُثَ فَزَادَ عَلَیْہِ السَّلَامُ فِی الدُّعَآءِ فَنَزَلَ جِبْرِیْلُ فَقَالَ اِنَّ اللّٰہَ یُقْرِئُكَ السَّلَامُ وَیَقُوْلُ: اَعْتَقْتُ نِصْفَ اُمَّتِكَ مِنَ النَّارِ فَزَادَ عَلَیْہِ السَّلَامِ فِی الدُّعَآءِ فَنَزَلَ جِبْرِیْلُ فَقَالَ: اِنَّ اللّٰہَ اَعْتَقَ جَمِیْعَ اُمَّتِكَ مِنَ النَّارِ بِشَفَاعَتِكَ اِلَّا مَنْ کَانَ لَہٗ خَصْمٌ حَتّٰی یَرْضٰی خَصْمُہٗ۔ فَزَادَ عَلَیْہِ السَّلَامُ فِی الدُّعَآءِ فَنَزَلَ جِبْرِیْلُ عِنْدَ الصُّبْحِ وَقَالَ: اِنَّ اللّٰہَ

Marfat.com

قَدْ ضَمِنَ لِخُصَمَآءِ اُمَّتِكَ اَنْ يُرْضِيَهُمْ بِفَضْلِهٖ وَرَحْمَتِهٖ فَرَضِىَ النَّبِىُّ عَلَيْهِ السَّلَامُ ۔

۔تفسیر روح البیان تحت سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو نصف شعبان کی شب دیکھا کہ آپ سجدہ کی حالت میں دعا مانگ رہے تھے۔ پس جبریل علیہ السلام نازل ہوئے اور عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی شفاعت پر آپ کی ایک تہائی امت کی مغفرت فرما دی ہے۔ پس حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم مزید التجا کرتے رہے یہاں تک کہ جبریل علیہ السلام پھر نازل ہوئے اور عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ آپ کو سلام فرماتا ہے اور ارشاد فرماتا ہے کہ میں نے آپ کی نصف امت جہنم کی آگ سے آزاد فرما دی۔ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم مزید التجا کرتے رہے یہاں تک کہ جبریل علیہ السلام پھر نازل ہوئے اور عرض کیا کہ بے شک اللہ تعالیٰ نے آپ کی شفاعت پر آپ کی تمام امت کو جہنم کی آگ سے آزاد فرما دیا۔ سوائے ایسے شخص کے کہ جس کا کسی کے ساتھ ناجائز جھگڑا ہو یہاں تک کہ وہ اسے راضی کر لے۔ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم پھر التجا کرتے رہے حتیٰ کہ جبریل علیہ السلام پھر نازل ہوئے اور عرض کیا کہ بے شک اللہ تعالیٰ نے اس بات کا ذمہ لے لیا ہے کہ آپ کی امت میں سے جس پر کسی کا حق ہوگا اللہ تعالیٰ اس کو اپنے فضل اور اپنی رحمت سے راضی فرما دے گا۔ چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم اس بات سے خوش ہو گئے۔

Marfat.com

﴿12﴾

## ایام بیض اور شب برات

لَمَّا رُوِیَ اَنَّهٗ سَأَلَ اللّٰهَ تَعَالٰی لَیۡلَةَ الثَّالِثِ عَشَرِ الشَّفَاعَةَ فِیۡ اُمَّتِهٖ، فَاَعۡطَاهُ الثُّلُثَ ،وَسَأَلَهٗ لَیۡلَةَ الرَّابِعِ عَشَرِ فَاَعۡطَاهُ الثُّلَاثِیۡنَ وَسَأَلَهٗ لَیۡلَةَ الۡخَامِسِ عَشَرٍ فَاَعۡطَاهُ الۡجَمِیۡعَ اِلَّا مَنۡ شَرَدَ عَلَی اللّٰهِ شَرَادَ الۡبَعِیۡرِ یَعۡنِیۡ مَنۡ فَرَّ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰی وَتَبَاعَدَ عَنۡهُ بِالۡاِصۡرَارِ عَلَی الۡمَعۡصِیَةِ۔

۔مکاشفتہ القلوب از امام غزالی صفحہ نمبر 314۔
۔تفسیر نیشاپوری سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔
۔تفسیر کشاف سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔
۔تفسیر السراج المنیر سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔
۔تفسیر روح البیان جلد نمبر 25 صفحہ نمبر 268۔
۔تفسیر روح المعانی پارہ نمبر 25 صفحہ نمبر 155۔

حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اللہ تعالیٰ سے تیرہ شعبان کو اپنی امت کے بارے میں دعا مانگی آپ کو ایک تہائی عطا کر دیا گیا۔ پھر چودہ شعبان کو دعا مانگی تو آپ کو دو تہائی عطا کر دیا گیا۔ پھر آپ نے پندرہ شعبان کو دعا مانگی تو آپ کو امت کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خواہش کے مطابق سب کچھ عطا کر دیا گیا سوائے اس شخص کے جو اللہ تعالیٰ کی اطاعت سے نکل جائے۔

Marfat.com

﴿13﴾

## حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو شب برات کی شان بیان فرمانا

عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ اَنَّهٗ قَالَ لَهَا: أَ تَدْرِيْنَ مَافِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ يَعْنِيْ نِصْفُ مِنْ شَعْبَانَ؟ قَالَتْ مَافِيْهَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ؟ قَالَ: فِيْهَا اَنَّهٗ يُكْتَبُ كُلُّ مَوْلُوْدٍ مِنْ بَنِيْ آدَمَ فِيْ هٰذِهِ السَّنَةِ وَفِيْهَا يُكْتَبُ كُلُّ هَالِكٍ مِنْ بَنِيْ آدَمَ فِيْ هٰذِهِ السَّنَةِ وَفِيْهَا تُرْفَعُ اَعْمَالُهُمْ وَفِيْهَا تُنَزَّلُ اَرْزَاقُهُمْ۔

۔الدعوات الکبیر از امام بیہقی۔

۔مشکوٰۃ شریف صفحہ نمبر 115۔

۔غنیۃ الطالبین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 345۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ و سلم نے مجھے فرمایا کہ کیا تو جانتی ہے کہ اس شب یعنی نصف شعبان کی شب میں کیا ہوتا ہے؟ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا یارسول اللہ اس رات میں کیا خاص بات ہے؟۔تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ اس رات میں اس سال پیدا ہونے والے ہر بچے کا نام لکھ دیا جاتا ہے، اس سال حضرت سیدنا آدم علیہ السلام کے ہر مرنے والے بیٹے کے نام لکھ دیا جاتا ہے، اس رات میں لوگوں کے اعمال بلند کیے جاتے ہیں اور لوگوں کے رزق بھی اتارے جاتے ہیں۔

Marfat.com

﴿14﴾

## حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی ایک مزید روایت

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: اَتَانِیْ حَبِيْبِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم لَيْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَاٰوٰى اِلٰى فِرَاشِهٖ ثُمَّ قَامَ فَاَفَاضَ عَلَيْهِ الْمَاءَ. ثُمَّ خَرَجَ مُسْرِعاً فَخَرَجْتُ فِیْ اَثَرِهٖ فَاِذَا هُوَ سَاجِداً بِالْبَقِيْعِ وَهُوَ يَقُوْلُ سَجَدَ لَكَ خَيَالِیْ وَسَوَادِیْ الخ۔

۔رواہ ابن شاہین کماذکر عسقلانی ۔

۔لسان المیزان جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 426۔

۔میزان الاعتدال (عسقلانی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 65۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے انہوں نے بیان کیا کہ نصف شعبان کی شب میرے حبیب رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم میرے پاس تشریف لائے ۔ چنانچہ آپ بستر پر تشریف فرما ہوئے۔ پھر آپ کھڑے ہوئے اور خود پر پانی بہایا پھر آپ تیزی سے باہر تشریف لے گئے۔ چنانچہ میں بھی آپ کے پیچھے گئی تو آپ جنت البقیع میں سجدہ کی حالت میں یہ الفاظ ادا فرمارہے تھے۔ سَجَدَ لَكَ خَيَالِیْ وَسَوَادِیْ الخ۔

﴿15﴾

## حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا شب برات کا تمام مہینہ روزے رکھنا

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَصُوْمُ شَعْبَانَ كُلَّهٗ حَتّٰى يَصِلَهٗ

Marfat.com

بِرَمَضَانَ وَلَمْ يَكُنْ يَصُوْمُ شَهْرًا تَامًّا اِلَّا شَعْبَانَ فَقُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ شَعْبَانَ لَمِنْ اَحَبَّ الشُّهُوْرِ اِلَيْكَ اَنْ تَصُوْمَهُ؟۔ قَالَ نَعَمْ يَا عَائِشَةُ اِنَّهُ يُكْتَبُ فِيْهِ لِمَلَكِ الْمَوْتِ مَنْ يَقْبِضُ فَاُحِبُّ اَنْ لَا يُنْسَخَ اِلَّا وَاَنَاصَائِمٌ۔

۔تاریخ بغداد از ولی الدین خطیب بغدادی جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 436۔

۔رواہ ابن نجار کما ذکر السیوطی فی الدر المنثور۔

۔التبصرہ از ابن جوزی جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 39۔

۔تفسیر درمنثور تحت سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔ فیھا یفرق کل امر حکیم۔

۔الحبائک فی اخبار الملائک (سیوطی) باب ماجاء فی ملک الموت۔

حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم شعبان المعظم میں روزے رکھتے اور اسے ماہِ رمضان المبارک تک ملا دیتے۔ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم شعبان المعظم کے علاوہ کسی بھی اور مہینہ میں مہینہ بھر کے روزے (نفلی) نہیں رکھا کرتے تھے۔ حضرت سیدہ عائشہ فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم یہ شعبان المعظم تمام مہینوں میں سے آپ کو زیادہ پسند ہے جس میں آپ روزے رکھتے ہیں؟۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ اے عائشہ بے شک ملک الموت کو ان لوگوں کے اسماء لکھ کر دیئے جاتے ہیں جن کی اس سال موت کا وقت آچکا ہوتا ہے۔ اور میں پسند کرتا ہوں کہ روزہ داری کی حالت میں میرا وقت مقرر ہو۔

Marfat.com

﴿16﴾

## حضرت مولیٰ علی رضی اللہ عنہ کا بیان شب برات کا قیام، دن کا روزہ

عَنْ عَلِیِّ ابْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: اِذَا کَانَتْ لَیْلَۃُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَقُوْمُوْا لَیْلَھَا وَصُوْمُوْا نَھَارَھَا۔ فَاِنَّ اللّٰہَ یَنْزِلُ فِیْھَا لِغُرُوْبِ الشَّمْسِ اِلٰی سَمَآءِ الدُّنْیَا فَیَقُوْلُ اَلَا مِنْ مُسْتَغْفِرٍ فَاَغْفِرَ لَہٗ اَلَا مُسْتَرْزِقٌ فَاَرْزُقَہٗ اَلَا مُبْتَلًی فَاُعَافِیَہٗ اَلَا کَذَا وَکَذَا حَتّٰی یَطْلُعَ الْفَجْرُ۔

نوٹ: فاغفر، فارزقہ اور فاعافیہ کو مرفوع پڑھنا بھی جائز ہے۔

۔سنن ابن ماجہ کتاب اقامۃ الصلاۃ والسنۃ فیھا باب ماجاء فی لیلۃ النصف من شعبان

۔شعب الایمان (بیہقی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 378۔

۔فردوس الاخبار (دیلمی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 321

۔مسند الفردوس (دیلمی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 259۔

۔عمدۃ القاری (بدرالدین عینی) جلد نمبر 11 صفحہ نمبر 82

۔مشکوٰۃ شریف صفحہ نمبر 115۔

۔مرقاۃ (علامہ علی قاری) شرح مشکوٰۃ کتاب الصلاۃ باب قیام شھر رمضان۔

۔تہذیب الکمال (مزی) جلد نمبر 33 صفحہ نمبر 107۔

۔احیاء علوم الدین (غزالی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 203۔

۔اخبار مکہ (فاکہی) حدیث نمبر 1773۔

جامع الاحادیث (سیوطی) حدیث نمبر 2621۔

۔امالی ابن بشران حدیث نمبر 703۔

Marfat.com

۔فضائل الاوقات (بیہقی) حدیث نمبر 24۔

۔الترغیب والترہیب (منذری) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 74۔

۔میزان الاعتدال (ذھبی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 504۔

۔تہذیب الکمال (مزی) جلد نمبر 33 صفحہ نمبر 107۔

۔جمع الجوامع (سیوطی) حدیث نمبر 2632۔

۔غنیۃ الطالبین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 345۔

۔کنز العمال (علی المتقی) جلد نمبر 12 صفحہ نمبر 140۔

۔نزہۃ المجالس (عبد الرحمٰن صفوری) صفحہ نمبر 210۔

۔تفسیر قرطبی تحت الدخان آیت نمبر 4۔

۔تفسیر در منثور (سیوطیؒ) تحت الدخان آیت نمبر 4۔

۔تفسیر روح المعانی (آلوسی) تحت الدخان آیت نمبر 4۔

۔ماثبت بالسنۃ (شیخ محقق) صفحہ نمبر 191۔

۔تفسیر ضیاء القران جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 433۔

حضرت مولیٰ علی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب پندرہ شعبان کی شب آئے تو رات قیام (عبادت) کرو اور اس کے دن میں روزہ رکھو۔ پس بے شک سورج غروب ہوتے ہی آسمان دنیا پر اللہ تعالیٰ اپنی خاص رحمت نازل فرما کر ارشاد فرماتا ہے۔ ہے کوئی تم میں سے مغفرت طلب کرنے والا؟ کہ میں اس کو بخش دوں، ہے کوئی تم میں سے رزق مانگنے والا؟ کہ میں اس کو رزق دوں، ہے کوئی مصیبت زدہ؟ کہ میں اس کو عافیت دوں، ہے کوئی ایسا یہ آوازیں طلوع فجر تک مسلسل آتی رہتی ہیں مسلسل آتی ہیں۔

﴿17﴾

## حضرت مولیٰ علی رضی اللہ عنہ کی شب برات کی خصوصی دعا

وَكَانَ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَفْرُغُ نَفْسَهٗ لِلْعِبَادَةِ فِيْ اَرْبَعِ لَيَالٍ فِي السَّنَةِ وَهِيَ اَوَّلُ لَيْلَةٍ مِنْ رَجَبٍ، وَلَيْلَةُ الْفِطْرِ، وَلَيْلَةُ الْاَضْحٰى، وَلَيْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ۔ وَكَانَ مِنْ دُعَائِهٖ فِيْهَا: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِهٖ مَصَابِيْحِ الْحِكْمَةِ وَمَوَالِي النِّعْمَةِ، وَمَعَادِنِ الْعِصْمَةِ، وَاعْصِمْنِيْ بِهِمْ مِنْ كُلِّ سُوْءٍ، وَلَاتَأْخُذْنِيْ عَلٰى غُرَّةٍ وَلَا عَلٰى غَفْلَةٍ، وَلَاتَجْعَلْ عَوَاقِبَ اَمْرِيْ حَسْرَةً وَنَدَامَةً۔ وَارْضِ عَنِّيْ، فَاِنَّ مَغْفِرَتَكَ لِلظّٰلِمِيْنَ وَاَنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ مَالَايَضُرُّكَ وَاعْطِنِيْ مَالَايَنْفَعُكَ، فَاِنَّكَ الْوَاسِعَةُ رَحْمَتُهٗ، اَلْبَدِيْعَةُ حِكْمَتُهٗ۔ فَأَعْطِنِي السَّعَةَ وَالدِّعَةَ وَالْاَمْنَ وَالصِّحَّةَ وَالشُّكْرَ وَالْمُعَافَاةِ وَالتَّقْوٰى وَالصَّبْرَ وَالصِّدْقَ عَلَيْكَ وَعَلٰى اَوْلِيَآئِكَ، وَاعْطِنِي الْيُسْرَ مَعَ الْعُسْرِ، وَاعْمِمْ بِذٰلِكَ اَهْلِيْ وَوُلْدِيْ وَاِخْوَتِيْ فِيْكَ وَمَنْ وَلَدَنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ۔

۔غنیۃ الطالبین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 328۔

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ خود کو نفلی عبادت وریاضت کے لئے خصوصاً ان چار راتوں میں زیادہ مشغول کرتے تھے: رجب کی پہلی رات، عید

الفطر کی رات، عید الاضحیٰ کی رات اور نصف شعبان کی رات (شب برات) ان راتوں میں آپ یہ دعا کثرت سے پڑھا کرتے تھے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِهٖ مَصَابِيْحِ الْحِكْمَةِ وَمَوَالِى النِّعْمَةِ، وَمَعَادِنِ الْعِصْمَةِ، وَاعْصِمْنِىْ بِهِمْ مِنْ كُلِّ سُوْءٍ، وَلَا تَأْخُذْنِىْ عَلٰى غِرَّةٍ وَلَا عَلٰى غَفْلَةٍ، وَلَا تَجْعَلْ عَوَاقِبَ اَمْرِىْ حَسْرَةً وَنَدَامَةً. وَارْضَ عَنِّىْ، فَاِنَّ مَغْفِرَتَكَ لِلظّٰلِمِيْنَ وَاَنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِىْ مَالَا يَضُرُّكَ وَاعْطِنِىْ مَالَا يَنْفَعُكَ، فَاِنَّكَ الْوَاسِعَةُ رَحْمَتُهٗ، الْبَدِيْعَةُ حِكْمَتُهٗ. فَأَعْطِنِى السَّعَةَ وَالدِّعَةَ وَالْاَمْنَ وَالصِّحَّةَ وَالشُّكْرَ وَالْمُعَافَاةَ وَالتَّقْوٰى وَالصَّبْرَ وَالصِّدْقَ عَلَيْكَ وَعَلٰى اَوْلِيَآئِكَ، وَاعْطِنِى الْيُسْرَ مَعَ الْعُسْرِ، وَاعْمِمْ بِذٰلِكَ اَهْلِىْ وَوُلْدِىْ وَاِخْوَتِىْ فِيْكَ وَمَنْ وَلَدَنِىْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ.

﴿18﴾

## حضرت داؤد علیہ السلام کی شب برات اور حضرت علی کا بیان

عَنْ نَوْفِ الْبَكَالِىْ قَالَ: اِنَّ عَلِيًّا خَرَجَ لَيْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَاَكْثَرَ الْخُرُوْجَ فِيْهَا يَنْظُرُ اِلَى السَّمَآءِ فَقَالَ: اِنَّ دَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ خَرَجَ ذَاتَ لَيْلَةٍ فِىْ مِثْلِ هٰذِهِ السَّاعَةِ فَنَظَرَ اِلَى

Marfat.com

السَّمَآءِ فَقَالَ: اِنَّ هٰذِهِ السَّاعَةَ مَادَعَی اللّٰهَ اَحَدٌ اِلَّا اَجَابَهٗ وَلَا اِسْتَغْفَرَهٗ اَحَدٌ مِنْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ اِلَّا غُفِرَ لَهٗ مَا لَمْ يَكُنْ عَشَّارًا اَوْ سَاحِرًا اَوْشَاعِرًا اَوْ كَاهِنًا اَوْ عَرِيْفًا اَوْشُرْطِيًّا اَوْ جَابِيًا اَوْصَاحِبَ كُوْبَةٍ اَوْ غَرْطَبَةٍ۔ قَالَ نُوْفٌ: اَلْكُوْبَةُ الطَّبَلُ وَالْغَرْطُبَةُ: اَلطَّنْبُوْرُ۔ (قَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ) اَللّٰهُمَّ رَبَّ دَاوٗدَ اِغْفِرْ لِمَنْ دَعَاكَ فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَلِمَنْ اِسْتَغْفَرَكَ فِيْهَا۔

۔لطائف المعارف باب المجلس الثانی فی نصف من شعبان۔

۔ماثبت بالسنۃ (شیخ محقق شیخ عبدالحق محدث دہلوی) صفحہ نمبر 191۔

حضرت سیدنا مولیٰ علی رضی اللہ عنہ پندرہ شعبان کی شب تشریف لائے۔اس رات آپ اکثر باہر تشریف لایا کرتے تھے آپ نے آسمان کی طرف نگاہ کی اور فرمایا کہ ایک دفعہ اسی وقت حضرت داؤد علیہ السلام بھی ایک رات میں تشریف لائے اور آسمان کی طرف نگاہ کر کے فرمایا کہ یہ وہ وقت ہے کہ اس وقت اگر اللہ تعالیٰ سے کچھ مانگا جائے تو وہ ضرور عطا فرمائے گا۔اور جو مغفرت طلب کرے گا اس کی مغفرت کردی جائے گی۔بشرطیکہ وہ جادوگر، کاہن، منجم، جلاد، مال نکالنے والا، گانے والا، اور ساز بجانے والا نہ ہو۔نوفل (راویٔ روایت) نے کہا کہ کوبہ طبل کو اور عرطبہ طنبورہ کو کہتے ہیں۔حضرت علی رضی اللہ عنہ نے دعا مانگی: اے اللہ اے حضرت داؤد علیہ السلام کے رب جو مسلمان بھی اس رات میں کوئی بھی دعا مانگے یا تجھ سے

Marfat.com

مغفرت مانگے تو تو اس کی دعا قبول فرمالے۔ یقیناً تیری رحمت پندرہویں شعبان کو نازل ہوتی ہے مشرک اور قطع رحمی کرنے والے کے سوا تو سب کی مغفرت فرما دیتا ہے۔

﴿19﴾

## حضرت سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کا شب برات منانا

عَنْ طَاؤسِ الْيَمَانِی اَنَّهٗ قَالَ: سَأَلْتُ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنْ لَيْلَةِ الصَّكِّ يَعْنِیْ لَيْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ وَعَنِ الْعَمَلِ فِيْهَا فَقَالَ: اَنَا اَجْعَلُهَا ثَلَاثًا فَثُلُثٌ اُصَلِّیْ فِيْهِ عَلٰی جَدِّی النَّبِيِّ ﷺ اِئْتِمَارًا لِاَمْرِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ حَيْثُ يَقُوْلُ "يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا" وَثُلُثٌ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ تَعَالٰی فِيْهِ مَثْنٰی، مَثْنٰی لِقَوْلِهٖ تَعَالٰی "وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ" وَثُلُثٌ اَرْكَعُ فِيْهِ وَأَسْجُدُ اِئْتِمَاراً لِقَوْلِهٖ تَعَالٰی "وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ" فَقُلْتُ: وَمَا ثَوَابُ ذٰلِكَ مَنْ فَعَلَ؟ قَالَ: سَمِعْتُ اَبِیْ يَقُوْلُ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: مَنْ اَحْيٰی الصَّكَّ كُتِبَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ يَعْنِی الَّذِيْنَ فِیْ قَوْلِهٖ تَعَالٰی فَاَمَّا اِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ۔

۔القول البدیع از سخاوی صفحہ نمبر 208۔

حضرت طاؤس یمانی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت امام سیدنا حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے لیلۃ الصک (شب برات) اور اس میں

Marfat.com

عمل کے بارے میں پوچھا تو آپ نے ارشاد فرمایا میں اس رات کے تین حصے کرتا ہوں۔ ایک حصہ میں نانا جان پر درود شریف بھیجتا ہوں بحکم خداوندی جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے: "یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا"

ترجمہ اے ایمان والو! تم حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر درود اور سلام کی کثرت کرو۔ ایک تہائی حصہ میں اللہ تعالیٰ سے استغفار کرتا ہوں، اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی بناء پر "وَمَا کَانَ اللّٰہُ مُعَذِّبَھُمْ وَھُمْ یَسْتَغْفِرُوْنَ"

ترجمہ: اور جب تک لوگ استغفار کرتے رہیں گے اللہ تعالیٰ انہیں عذاب نہیں دے گا۔ اور ایک تہائی حصہ میں (نوافل) رکوع وسجود کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی بناء پر "وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ"

ترجمہ: اور سجدہ کرو اور اس سے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرو۔ میں (طاؤس) نے عرض کیا کہ جو ایسا کرے گا اس کا کیا ثواب ہوگا؟۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا کہ میں نے اپنے والد محترم سے سنا انہوں نے کہا کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس نے بھی لیلۃ الصک (شب برات) کو (عبادت کے ساتھ) زندہ رکھا وہ اللہ تعالیٰ کے مقربین میں لکھا جائے گا۔ یعنی ایسے لوگ جن کے متعلق اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے فَاَمَّا اِنْ کَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِیْنَ۔

Marfat.com

﴿20﴾

## حضرت عبداللہ بن جعفر طیار اور حضرت واثلہ بن الاسقع رضی اللہ عنہم اور شب برات

وَكَانَ فِیْ هٰذِهِ السَّرِيَةِ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرَ وَاثِلَةُ بْنُ الْاَسْقَعَ وَكَانَ خُرُوْجُهُمْ مِنْ اَرْضِ الشَّامِ وَهِیَ دِمَشْقُ اِلٰی دَيْرِ اَبِی الْقُدُسِ فِیْ لَيْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ وَكَانَ الْقَمَرُ زَائِدَ النُّوْرِ. وَقَالَ: وَاَنَا اِلٰی جَانِبِ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ جَعْفَرَ. فَقَالَ لِیْ: يَاابْنَ الْاَسْقَعِ مَا اَحْسَنُ قَمَرٌ هٰذِهِ اللَّيْلَةَ وَاَنْوَارُهُ. فَقُلْتُ يَاابْنَ عَمِّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم هٰذِهِ اللَّيْلَةُ النِّصْفُ مِنْ شَعْبَانَ وَهِیَ لَيْلَةٌ مُبَارَكَةٌ عَظِيْمَةٌ وَفِیْ هٰذِهِ تُكْتَبُ الْاَرْزَاقُ وَالْاٰجَالُ وَتُغْفَرُ فِيْهَا الذُّنُوْبُ وَالسَّيِّئٰتِ. وَكُنْتُ اَرَدتُّ اَنْ اَقُوْمَهَا. فَقُلْتُ: اِنَّ سَيْرَنَا فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِنْ قِيَامِهَا وَاللّٰهُ جَزِيْلُ الْعَطَآءِ. فَقَالَ: صَدَقْتَ.

۔فتوح الشام جلد نمبر 1 صفحہ 90۔

حضرت سیدنا واثلہ بن الاسقع رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ ایک جنگ میں حضرت سیدنا عبداللہ بن جعفر طیار رضی اللہ عنہما کے ساتھ تھے۔آپ ملک شام کے شہر دمشق سے ابوالقدس کے کلیسا کی طرف چلے اور یہ رات نصف شعبان کی رات یعنی شب برات تھی اور اس دن چاند کی روشنی عام دنوں سے کہیں زیادہ تھی

Marfat.com

حضرت واثلہ بن الاسقع رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ میں حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہما کے ساتھ ساتھ چل رہا تھا۔تو چلتے چلتے حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہما نے مجھے کہا: اے ابن الاسقع آج چاند اور اس کی روشنی کس قدر حسین ہے؟۔ میں نے کہا کہ اے ابن عم مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم آج نصف شعبان کی رات ہے۔اور یہ بڑی عظیم رات ہے۔اس میں رزق اور موت وحیات کے فیصلے ہوتے ہیں، گناہوں اور غلطیوں کی مغفرت ہوتی ہے۔اور میں اردہ کرتا رہا کہ اس شب میں میں قیام کروں۔لیکن پھر میں نے یہ سوچ کر کہا کہ اگر ہم آج رات جہاد کے لئے مسلسل چلتے رہے تو یہ رات کو ٹھہر کر عبادت کرنے سے زیادہ ثواب کا باعث ہوگا، جب کہ اللہ تعالیٰ کی عطاء بہت ہی زیادہ ہے (یعنی شبِ برات میں ہم عبادت نہ کر سکے کیوں کہ ہم حالتِ جہاد میں پہلے ہی عبادت میں ہیں تو امید ہے کہ اللہ تعالیٰ جہاد کی برکت سے ہمیں زیادہ اجر وثواب عطا فرما دے گا)۔انہوں نے کہا کہ تم نے بالکل سچ کہا ہے۔

﴿21﴾

## گناہ گاروں کی زبان اور اللہ تعالیٰ کا نام

عَنْ اِبْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: لَایَحْجُبُ الْقَوْلُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ عَنِ اللّٰہِ اِلَّا مَا خَرَجَ مِنْ فَمِ صَاحِبِ الشَّارِبِیْنَ لَیْلَۃَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ۔

۔دیلمی جلد 5 صفحہ نمبر 166۔

۔جامع الاحادیث (سیوطی) حدیث نمبر 17537۔

۔الجامع الکبیر (سیوطیؒ) حدیث نمبر 1602 قول لاالہ الااللہ۔

۔کنز العمال جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 144۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ شب برات میں سوائے شرابی کے منہ سے نکلنے کے کلمہ لا الہ الا اللہ کوئی بھی کہے تو اللہ تعالیٰ تک پہنچنے سے کوئی بھی نہیں روک سکتا۔

﴿22﴾

## شب برات کی اہمیت پر حضرت ابوثعلبہ رضی اللہ عنہ کی روایت

عَنْ اَبِی الثَّعْلَبَۃَ الْخُشَنِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ : اِذَا کَانَ لَیْلَۃُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ اِطَّلَعَ اللّٰہُ اِلٰی خَلْقِہٖ فَیَغْفِرُ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَیُمْلِی لِلْکَافِرِیْنَ وَیَدَعُ اَھْلَ الْحِقْدِ بِحِقْدِھِمْ حَتّٰی یَدَعُوْہُ۔

۔طبرانی کبیر جلد نمبر 22 صفحہ نمبر 224۔

۔کتاب العرش (ابن ابی شیبہ) صفحہ نمبر 94۔

۔کتاب النزول (دارقطنی) حدیث نمبر 65+66۔

۔السنہ ابن ابی عاصم (تحقیق البانی) حدیث نمبر 511۔

۔فضائل الاوقات (بیہقی) صفحہ نمبر 121۔

۔السنن الصغیر (بیہقی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 379۔ کتاب الزکوۃ باب الصوم فی شعبان۔

۔شعب الایمان (بیہقی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 381۔

۔معجم الصحابۃ (ابن قانع) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 160۔

Marfat.com

۔مجمع الزوائد (ہیثمی) جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 127۔

۔جامع الاحادیث (سیوطی) حدیث نمبر 2620۔+7266

۔جمع الجوامع (سیوطیؒ) حدیث نمبر 2631۔

۔کنز العمال جلد نمبر 12 صفحہ نمبر 141۔

۔الترغیب والترہیب جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 308، (امام منذریؒ نے کہا امام بیہقیؒ نے اسے مرسل جید کہا ہے)

۔غنیۃ الطالبین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 348۔

۔الاتحاف جلد نمبر 10 صفحہ نمبر 282۔

۔الزواجر (ابن حجر مکی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 60۔

۔تفسیر درمنثور جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 26۔

۔السلسلۃ الصحیحۃ جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 135۔(البانی: صحیح) مکتبۃ المعارف بیروت

۔صحیح الترغیب والترہیب جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 34۔(البانی: صحیح لغیرہ)

۔ظلال الجنۃ تخریج السنۃ لابن ابی عاصم جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 264۔(البانی: صحیح)

حضرت ابوثعلبہ الخشنی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب پندرہ شعبان آتی ہے تو اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کی طرف توجہ فرماتا ہے اور مومنوں کے لئے مغفرت فرماتا ہے اور کافروں کے لئے جہنم بھرتا ہے اور وہ کینہ پروروں کو ان کا کینہ دور کرنے لئے بلاتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ اللہ تعالیٰ کو پکار اٹھتے ہیں اور اپنا کینہ چھوڑ دیتے ہیں۔

﴿23﴾

## حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی ایک روایت

عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ يَطَّلِعُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ

Marfat.com

عَلٰی خَلْقِهٖ لَيْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَيَغْفِرُ لِجَمِيْعِ خَلْقِهٖ اِلَّا مُشْرِكٍ اَوْ مُشَاحِنٍ ۔

۔طبرانی جلد نمبر 20 صفحہ نمبر 108

۔طبرانی اوسط جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 36۔

۔شعب الایمان ( بیہقی ) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 382 + جلد 5 صفحہ نمبر 272۔

صحیح ابن حبان جلد 5 صفحہ نمبر 351۔

۔مسند شامیین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 128 + 130 + جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 365۔

۔ابن عساکر جلد نمبر جلد نمبر 38 صفحہ نمبر 235 + 54 صفحہ نمبر 97۔

۔موارد الظمآن ( ہیثمی ) باب فی ذی الوجہین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 486۔

مجمع الزوائد ( ہیثمی ) جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 126۔

۔حلیۃ الاولیا جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 191۔

۔کتاب النزول ( دار قطنی ) حدیث نمبر 64۔

۔فضائل الاوقات ( بیہقی ) حدیث نمبر 22۔

۔کنز العمال جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 188۔

۔الترغیب والترہیب ( منذریؒ ) جلد 3 صفحہ نمبر 307۔ (منذریؒ نے کہا کہ اس کی اسناد میں کوئی حرج نہیں ہے)

تفسیر درمنثور سورۃ الدخان آیۃ نمبر 4۔

۔السنۃ ابن ابی عاصم ( تحقیق البانی ) حدیث نمبر 512۔

صحیح الترغیب والترہیب ( البانی ) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 248 + جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 33 ( البانی: حسن صحیح )

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ شب برات میں اپنی مخلوق کی طرف توجہ فرماتا ہے اور مشرک اور مشاحن کے سوا سب کی مغفرت فرمادیتا ہے

Marfat.com

﴿24﴾

## شب برات سمیت پانچ راتوں کا زندہ کرنا اور جنت کا وجوب

عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم :مَنْ اَحْیَا اللَّیَالِی الْخَمْسَ وَجَبَتْ لَہُ الْجَنَّۃَ :لَیْلَۃُ التَّرْوِیَۃِ وَلَیْلَۃُ عَرَفَۃٍ وَلَیْلَۃُ النَّحْرِوَلَیْلَۃُ الْفِطْرِوَلَیْلَۃُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ

۔الترغیب والترہیب (اصبہانی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 248۔

۔الترغیب والترہیب (منذری) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 98۔

۔تفسیر روح البیان سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔

۔لواقح الانوار القدسیہ فی العھود المحمدیہ صفحہ نمبر 92۔

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس نے پانچ راتیں بیدار رہ کر عبادت میں گذاریں اس کے لئے جنت واجب ہے۔ وہ پانچ راتیں یہ ہیں لیلۃ الترویہ، لیلۃ النحر، لیلۃ عرفہ (نویں اور دسویں ذوالحج کی رات)، عید الفطر کی شب اور شبِ برات۔

﴿25﴾

## حضرت ابو امامہ باہلی رضی اللہ عنہ کی ایک مرفوع روایت

عَنْ اَبِیْ اُمَامَۃِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ :خَمْسُ لَیَالٍ لَاتُرَدُّ فِیْھِنَّ الدُّعَاءُ:اَوَّلُ لَیْلَۃٍمِنَ الرَّجَبِ وَلَیْلَۃُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ وَلَیْلَۃُ الْجُمُعَۃِ وَلَیْلَۃُ الْفِطْرِ وَلَیْلَۃُ النَّحْرِ۔

**نوٹ: یہی روایت امام شافعیؒ سے سنن کبریٰ (بیہقیؒ) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 319 پر**

۔فردوس الاخبار جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 311۔

۔دیلمی حدیث جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 196۔

۔ابن عساکر جلد نمبر 10 صفحہ نمبر 408۔

۔مختصر ابن عساکر جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 702۔

۔تہذیب ابن عساکر جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 299۔

۔التبصرہ (ابن جوزی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 50۔

۔جامع الاحادیث (سیوطی) حدیث نمبر 11979۔

۔الجامع الصغیر جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 821۔

۔فیض القدیر شرح الجامع الصغیر جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 454۔

۔التیسیر شرح الجامع الصغیر (مناوی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 1056۔

سیدنا ابو امامہ باہلی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ پانچ راتوں میں دعا رد نہیں ہوتی۔ ماہِ رجب کی پہلی رات، 15 شعبان کی رات (شبِ برات)، جمعہ کی رات اور عید الفطر کی رات اور عید الاضحیٰ کی رات۔

**﴿26﴾**

## حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ کی ایک اور مرفوع روایت

**عَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ الْبَاھِلِیِّ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ یَھْبِطُ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ اِلَی سَمَآءِ الدُّنْیَا اِلٰی عِبَادِہٖ فِیْ لَیْلَۃِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَیَطَّلِعُ اِلَیْھِمْ، فَیَغْفِرُ لِکُلِّ مُؤْمِنٍ وَمُؤْمِنَۃٍ، وَکُلِّ مُسْلِمٍ**

وَمُسْلِمَةٍ ،اِلَّا کَافِراً اَوْ کَافِرَةً اَوْ مُشْرِكاً اَوْ مُشْرِكَةً اَوْرَجُلًا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ اَخِيْهِ مُشَاحَنَةٍ وَيَدَعُ اَهْلَ الْحِقْدِ لِحِقْدِهِمْ۔

۔المجالس العشرہ حسن بن خلال حدیث نمبر 3۔

حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت شبِ برات میں آسمانِ دنیا پر اترتی ہے اور ہر مومن مرد اور عورت کی مغفرت فرماتا ہے، ہر مسلمان مرد اور عورت کی مغفرت فرماتا ہے سوائے کافر مرد اور عورت کے، مشرک مرد اور عورت کے اور ایسے شخص کے، کہ جس کے درمیان اور اس کے بھائی کے درمیان رنجش ہو اور کینہ پروروں کو ان کی کینہ پروری کے لئے چھوڑ دیتا ہے۔

﴿27﴾

## پانچ مقدس راتیں

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ خَمْسُ لَيَالٍ لَاتُرَدُّ فِيْهِنَّ الدُّعَاءُ: لَيْلَةُ الْجُمُعَةِ وَاَوَّلُ لَيْلَةِ الرَّجَبِ وَلَيْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ وَلَيْلَتَی الْعِيْدَيْنِ۔

۔مصنف عبدالرزاق جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 317۔

۔شعب الایمان (بیہقی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 342

۔فضائل الاوقات (بیہقی) حدیث نمبر 149۔

۔دیلمی شریف حدیث نمبر 2975۔

۔تفسیر روح البیان سورۃ الدخان تحت آیت نمبر 4۔

Marfat.com

حضرت سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ پانچ راتوں میں دعا رد نہیں ہوتی۔ رجب کی پہلی رات، پندرہ شعبان کی رات، جمعہ کی رات اور عید الفطر اور عید الاضحیٰ کی راتوں میں۔

﴿28﴾

## حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما کی ایک اور مرفوع روایت

عَنْ اِبْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم یَطَّلِعُ اللّٰہُ عَلٰی خَلْقِہٖ لَیْلَۃَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَیَغْفِرُ لِعِبَادِہٖ اِلَّا لِاثْنَیْنِ مُشَاحِنٍ وَقَاتِلِ نَفْسٍ۔

۔مسند احمد جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 176۔

۔المجالس عشرہ نمبر حدیث نمبر 2۔

۔مشکوٰۃ صفحہ نمبر 115۔

۔مجمع الزوائد جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 126۔

۔غایۃ المقصد (ہیثمی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 409 کتاب الادب باب فی الھجر ان۔

۔الترغیب والترہیب (منذری) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 308۔

۔جامع الاحادیث حدیث نمبر 26839۔

۔الزواجر (ابن حجر مکی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 59۔

۔تفسیر روح المعانی (آلوسی) تحت سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ نصف شعبان کی شب (شب برات)

اپنی مخلوق کی طرف توجہ فرماتا ہے کینہ پرور اور خودکشی کرنے والے کے سوا اپنے تمام بندوں کی مغفرت فرمادیتا ہے۔

﴿29﴾

## حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی ایک روایت

عَنْ اَبِی مُوسَی الْاَشْعَرِیّ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: اِنَّ اللّٰہ لَیَطَّلِعُ فِیْ لَیْلَۃِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَیَغْفِرُ لِجَمِیْعِ خَلْقِهٖ اِلَّا لِمُشْرِكٍ اَوْ مُشَاحِنٍ۔

۔سنن ابن ماجہ کتاب اقامۃ الصلاۃ والسنۃ فیھا باب ماجاء فی لیلۃ النصف من شعبان

۔السنۃ ابن ابی عاصم جلد نمبر 1 حدیث نمبر 510۔ (تحقیق البانی)

۔النزول (دارقطنی) حدیث نمبر 76۔

۔شعب الایمان (بیہقی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 382۔

۔ابن عساکر جلد نمبر 18 صفحہ نمبر 326۔

۔تحفۃ الاشراف (مزی) حدیث نمبر 9006۔

۔تہذیب الکمال (مزی) جلد نمبر 9 صفحہ نمبر 308۔

۔مکاشفۃ القلوب صفحہ نمبر 314۔

۔مشکوۃ شریف صفحہ نمبر 115۔

۔الجامع الصغیر (سیوطی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 384۔

۔جامع الاحادیث (سیوطی) حدیث نمبر 7085۔

۔کنز العمال جلد نمبر 12 صفحہ نمبر 140۔

۔السلسلۃ الصحیحۃ المختصرۃ (البانی) روایت نمبر 1144 + 1563۔ مطبوعہ مکتبۃ المعارف الریاض

۔السلسلۃ الصحیحۃ (البانی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 135۔ (صحیح)

Marfat.com

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ پندرہ شعبان کی شب کو اپنے بندوں کی طرف توجہ فرماتا ہے سوائے مشرک اور کینہ پرور کے سب کی بخشش فرما دیتا ہے۔

﴿30﴾

## حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک روایت

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: لَیْلَةُ النِصْفِ مِنْ شَعْبَانَ یَغْفِرُاللّٰهُ لِعِبَادِهٖ اِلَّالِمُشْرِكٍ اَوْ مُشَاحِنٍ۔

- امالی ابن سمعون حدیث نمبر 66+ حدیث نمبر 168۔
- تاریخ بغداد جلد نمبر 14 صفحہ نمبر 285۔
- مجمع الزوائد جلد 8 صفحہ نمبر 126۔
- رواہ البزار کماذکرالہیثمی والسیوطی۔
- کشف الاستار فی زوائد البزار جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 436۔
- ربیع الابرار (زمخشری) باب الاوقات ذکرالدنیاوالاخرۃ۔
- جامع الاحادیث (سیوطی) حدیث نمبر 2623۔

حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ شب برات کو اللہ تعالیٰ سوائے مشرک اور کینہ پرور کے سب کی مغفرت فرما دیتا ہے۔

{31}

## حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک اور روایت

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ : تُقْطَعُ الْآجَالُ مِنْ شَعْبَانَ اِلٰی شَعْبَانَ ، حَتّٰی اَنَّ الرَّجُلَ لَیَنْکِحُ وَیُوْلَدُ لَهٗ وَلَقَدْ اِسْمُهٗ فِی الْمَوْتٰی۔

۔ابن زنجویہ کماذکرالسیوطی۔

۔دیلمی جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 73۔

۔جامع الاحادیث سیوطی حدیث نمبر 10917۔

۔تفسیر درمنشور تحت سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔

۔تفسیر خازن تحت سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔(بغوی)

۔تفسیر ثعالبی تحت سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔

۔تفسیر السراج المنیر تحت سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔

حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ایک شعبان سے دوسرے شعبان تک کی زندگیاں ختم کردی جاتی ہیں یہاں تک کہ ایک آدمی چاہتا ہے کہ وہ نکاح کرے اور اولاد جنم دے لیکن اس کا نام مردوں میں آچکا ہوتا ہے۔

{32}

## حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک مزید روایت

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ:رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهِ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَ

Marfat.com

سَلَّمَ جَاءَ نِی جِبْرِیْلُ لَیْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ وَقَالَ یَامُحَمَّدُ صلی اللہ علیہ وسلم اِرْفَع رَأسَكَ اِلٰی سَمَآءِ الدُّنْیَا۔ فَقُلْتُ : مَا هٰذِهِ اللَّیْلَةُ ؟ قَالَ : هٰذِهٖ لَیْلَةٌ یَفْتَحُ اللّٰهُ فِیهَا ثَلٰثَ مِائَةِ بَابٍ مِنْ اَبْوَابِ الرَّحْمَةِ۔

۔کشف الاستار جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 435۔

۔غنیۃ الطالبین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 348۔

۔نزہۃ المجالس جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 210۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ: نصف شعبان کی رات میرے پاس جبریل علیہ السلام آئے اور انہوں نے کہا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم اپنا سر آسمان دنیا کی طرف اٹھائیں میں نے کہا کہ یہ کیسی رات ہے؟۔انہوں نے کہا کہ اس رات میں اللہ تعالی رحمت کے تین سو دروازے کھول دیتا ہے۔

﴿33﴾

## حضرت کثیر بن مرہ رضی اللہ عنہ کی روایت

عَنْ کَثِیْرِ بْنِ مُرَّةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: اِنَّ اللّٰهَ یَنْزِلُ لَیْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَیَغْفِرُ فِیهَا الذُّنُوبَ اِلَّا لِمُشْرِكٍ اَوْ مُشَاحِنٍ

۔مصنف عبد الرزاق جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 316۔

۔مصنف ابن ابی شیبہ جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 139۔

۔مسند البزار جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 306۔حدیث نمبر 2754۔

۔بغیۃ الحارث جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 116۔

Marfat.com

۔شعب الایمان جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 381۔ امام بیہقی نے اسے مرسل جید قرار دیا ہے۔

۔جامع الاحادیث (سیوطی) حدیث نمبر 14834۔

۔اتحاف الخیرۃ المھر ۃ جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 24۔

۔المطالب العالیۃ (عسقلانیؒ) کتاب السحور باب صوم شعبان وشوال۔

۔النزول (دارقطنیؒ) باب ذکر روایات عن کثیر بن مرۃ حدیث نمبر 67+69۔

۔مسند الحارث کتاب الصیام باب صیام شعبان حدیث نمبر 338۔

۔کنز العمال جلد نمبر 12 صفحہ نمبر 140۔

۔الجا مع الصغیر (سیوطی) جلد نمبر 3 صفحہ بمر 1215۔

۔الترغیب والترہیب جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 286۔(منذریؒ نے کہا امام بیہقیؒ نے اسے مرسل جید کہا ہے)

۔سبل الھدیٰ والرشاد جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 433۔

۔صحیح الترغیب والترہیب جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 34 (البانی: صحیح لغیرہ)

۔ظلال الجنۃ تخریج السنۃ لابن ابی عاصم جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 264

۔صحیح الجامع حدیث نمبر 4268۔(البانی: صحیح لغیرہ)

۔الصحیحۃ (البانی) حدیث نمبر 1144۔

حضرت کثیر بن مرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ حضو صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ شبِ برات کو اپنی مخلوق کی طرف خصوصی طور پر توجہ فرماتا ہے، سوائے مشرک اور کینہ پرور کے سب کی مغفرت فرمادیتا ہے۔

نوٹ: حضرت کثیر بن مرہ مرسلا روایت کرر ہے ہیں۔لیکن امام بزار نے (جن کی روایت آگے 35 نمبر پر آرہی ہے) صحابی عوف بن مالک سے کثیر بن مرہ کی سند سے یہی حدیث روایت کی ہے۔لہذا اس سے روایت مرسل ہونے کا اعتراض بھی اٹھ جاتا ہے۔

﴿34﴾

## حضرت کثیر بن مرہ رضی اللہ عنہ کی روایت کا ایک انداز

عَنْ كَثِيْرِ بْنِ مُرَّةَ قَالَ : اَدْرَكْتُ اَصْحَابَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُوْنَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ حَدِيْثًا لَمْ اَنْسَهُ : اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَغْفِرُ فِیْ لَيْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ لِكُلِّ عَبْدٍ اِلَّا لِمُشْرِكٍ اَوْ مُشَاحِنٍ۔

۔فضائل رمضان از ابن ابی الدنیا حدیث نمبر 3۔

حضرت کثیر بن مرة سے روایت ہے کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے بہت سے صحابہ کرام کو پایا جو حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی وہ حدیث بیان کرتے ہیں جو کہ میں کبھی نہیں بھولا اور وہ یہ ہے کہ حضو صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ شب برات میں سوائے مشرک اور کینہ پرور کے سب بندوں کی مغفرت فرما دیتا ہے۔

﴿35﴾

## حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کی روایت

عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ: رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: يَطَّلِعُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى عَلٰى خَلْقِهٖ لَيْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَيَغْفِرُ لَهُمْ كُلِّهِمْ اِلَّا لِمُشْرِكٍ اَوْ مُشَاحِنٍ۔

Marfat.com

۔مسند البزار حدیث نمبر 2754۔(مسند عوف بن مالک)

۔البحر الزخار شرح مسند البزار حدیث نمبر 2389۔

۔مجمع الزوائد (ہیثمی) جلد 8 صفحہ نمبر 126۔

حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ شبِ برات کو اپنی مخلوق کی طرف خصوصی طور پر توجہ فرماتا ہے کہ اور سوائے مشرک اور کینہ رکھنے والے کے سب کی مغفرت فرما دیتا ہے

﴿36﴾

## حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی ایک روایت

عَنْ قَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَمِّهٖ عَنْ جَدِّهٖ عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: اِذَا كَانَ لَيْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ يَنْزِلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اِلٰى سَمَاءِ الدُّنْيَا فَيَغْفِرُ لِعِبَادِهٖ اِلَّا مَاكَانَ مِنْ مُشْرِكٍ اَوْ مُشَاحِنٍ لِاَخِيْهِ۔

۔مسند البزار جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 157۔باب ماروی محمد بن ابی بکر عن ابیہ ابی بکر۔

۔مسند ابی بکر صدیق (مروزی) صفحہ نمبر 171۔

۔شعب الایمان (بیہقی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 380۔

۔مجمع الزوائد جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 125۔

۔جامع الاحادیث (سیوطی) حدیث نمبر 2625۔

۔اخبار مکہ فاکہی حدیث نمبر 1774۔

۔الابانۃ الکبریٰ جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 224۔

۔الکامل (ابن عدی) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 309۔

۔النزول (دارقطنی) حدیث نمبر 62۔

Marfat.com

۔شرح السنہ جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 200 (کتاب الصلاۃ باب قیام شھر رمضان وفضلہ)

۔البحر الزخار شرح مسند البزار حدیث نمبر 62+114۔

۔کتاب التوحید (ابن خزیمہ) حدیث نمبر 164۔

۔الرد علی الجہمیۃ (دارمی) باب النزول لیلۃ النصف من شعبان،

۔السنۃ ابن ابی عاصم (تحقیق البانی) حدیث نمبر 509۔

۔امالی المطلقہ اول الکتاب صفحہ نمبر 122۔

۔کنز العمال جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 187۔

۔میزان الاعتدال (ترجمہ عبد الملک بن عبد الملک) جلد 2 صفحہ نمبر 659۔

۔تفسیر درمنثور تحت سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔

۔تفسیر بغوی تحت سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔

۔تاریخ الخلفاء صفحہ نمبر 72s۔ (مطبوعہ: مطبعۃ السعادۃ مصر)

۔ظلال الجنۃ تخریج السنۃ لابن ابی عاصم جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 262 (البانی: صحیح لغیرہ) المکتب الاسلامی بیروت

حضرت قاسم بن محمد رضی اللہ عنہ اپنے چچا اور دادا (حضرت سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ) سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب شب برات ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ آسمانِ دنیا پر اپنی رحمت نازل فرماتا ہے اور سوائے مشرک اور اپنے بھائی کے لئے کینہ رکھنے والے کے سب کی مغفرت فرما دیتا ہے۔

﴿37﴾

## حضرت سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی ایک اور روایت

حضرت قاسم بن محمد رضی اللہ عنہ اپنے چچا اور دادا (حضرت سیدنا ابو بکر

Marfat.com

صدیق رضی اللہ عنہ ) سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

يَنْزِلُ اللّٰهُ اِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا لَيْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَيَغْفِرُ لِكُلِّ مُؤْمِنٍ اِلَّا الْعَاقِ وَالْمُشَاحِنِ۔

۔شعب الایمان ( بیہقی ) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 381۔

۔جامع الاحادیث ( سیوطیؒ ) حدیث نمبر 27103۔

۔رواہ الخزیمہ کماذکرالسیوطیؒ۔

کہ اللہ تعالیٰ شب برات کو آسمانِ دنیا پر اجلال فرماتا ہے اور سوائے والدین کے نافرمان اور کینہ رکھنے والے کے سب کی مغفرت فرمادیتا ہے۔

﴿38﴾

## حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ کی روایت

عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِى الْعَاصِ عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ :اِذَا كَانَ لَيْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ نَادٰى مُنَادٍ هَلْ مِنْ مُسْتَغْفِرٍ فَأَغْفِرَ لَهٗ ، هَلْ مِنْ سَائِلٍ فَأُعْطِيَهٗ فَلَا يَسْأَلُ اَحَدٌ شَيْئًا اِلَّا اُعْطٰى اِلَّا زَانِيَةً بِفَرْجِهَا اَوْ مُشْرِكًا۔

۔مساوی الاخلاق ( خرائطی ) صفحہ نمبر 181۔

۔المجالس العشرۃ ( حسن خلال ) حدیث نمبر 4۔

۔شعب الایمان ( بیہقی ) جلد 3 صفحہ نمبر 383۔

۔فضائل الاوقات ( بیہقی ) نمبر 25۔

Marfat.com

۔جامع الاحادیث (سیوطی) حدیث نمبر 2622۔

۔جمع الجوامع (سیوطی) حدیث نمبر 2633۔

۔کنز العمال جلد نمبر 12 صفحہ نمبر 140۔

۔تفسیر درمنشور سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔

حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے روایت کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب نصف شعبان کی شب (شب برات) آتی ہے تو آواز دینے والا آواز دیتا ہے کہ ہے کوئی مغفرت مانگنے والا کہ میں اس کی مغفرت کردوں۔ ہے کوئی مانگنے والا کہ میں اس کو عطا کردوں۔ چنانچہ جو کوئی بھی مانگتا ہے ہر ایک کو عطا کر دیا جاتا ہے سوائے اپنی شرم گاہوں سے زنا کرنے والیوں کے اور مشرکوں کے۔

﴿39﴾

## حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی راویت

اُبَیُّ بْنُ کَعْبٍ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: اِنَّ جِبْرِیْلَ اَتَانِیْ لَیْلَۃَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ قَالَ: قُمْ فَصَلِّ وَارْفَعْ رَأْسَکَ وَیَدَیْکَ اِلَی السَّمَآءِ.قَالَ: فَقُلْتُ: یَا جِبْرِیْلُ مَاھٰذِہِ اللَّیْلَۃُ ؟۔ قَالَ: یَامُحَمَّدُ تُفْتَحُ فِیْھَا اَبْوَابُ السَّمَآءِ وَاَبْوَابُ الرَّحْمَۃِ ثَلاثَمِائَۃِ بَابٍ فَیُغْفَرُ لِجَمِیْعِ مَنْ لَایُشْرِکُ بِاللّٰہِ شَیْئاً غَیْرُ مُشَاحِنٍ اَوْ مُدْمِنُ خَمْرٍ اَوْ مُصِرٌّ عَلَی الزِّنٰی .فَاِنَّ ھٰؤُلَاءِ لَایُغْفَرُ لَھُمْ حَتّٰی یَتُوْبُوْا.فَأَمَّا مُدْمِنُ

Marfat.com

الْخَمْرِ فَإِنَّهُ يُتْرَكُ لَهُ بَاباً مِنَ الرَّحْمَةِ مَفْتُوحاً حَتّٰى يَتُوبُ فَإِذَا تَابَ غُفِرَلَهُ. وَأَمَّا الْمُشَاحِنُ فَيُتْرَكُ لَهُ بَابٌ مِنْ اَبْوَابِ الرَّحْمَةِ حَتّٰى يُكَلِّمُ صَاحِبَهُ فَإِذَا كَلَّمَهُ غُفِرَلَهُ. قَالَ النَّبِيُّ ﷺ يَا جِبْرِيْلُ فَإِنْ لَّمْ يُكَلِّمْهُ حَتّٰى يَمْضِيْ عَنْهُ النِّصْفُ. قَالَ: لَوْمَكَثَ اِلٰى اَنْ يَتَغَرْغَرَ بِهَا فِيْ صَدْرِهٖ فَهُوَ مَفْتُوْحٌ فَإِنْ تَابَ قَبِلَ مِنْهُ. فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِلٰى بَقِيْعِ الْغَرْقَدِ فَبَيْنَا هُوَ سَاجِدٌ وَهُوَ يَقُوْلُ فِيْ سُجُوْدِهٖ اَعُوْذُ بِعَفْوِكَ مِنْ عِقَابِكَ وَاَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سُخْطِكَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْكَ جَلَّ ثَنَاؤُكَ لَا اَبْلُغُ الثَّنَآءَ عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ فَنَزَلَ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِيْ رُبْعِ اللَّيْلِ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ اِرْفَعْ رَأْسَكَ اِلَى السَّمَآءِ فَرَفَعَ رَأْسَهُ فَإِذَا اَبْوَابُ الرَّحْمَةِ مَفْتُوْحَةٌ عَلٰى كُلِّ بَابٍ مَلَكٌ يُنَادِيْ طُوْبٰى لِمَنْ تَعَبَّدَ فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَعَلَى الْبَابِ الْاٰخِرِ مَلَكٌ يُنَادِيْ طُوْبٰى لِمَنْ سَجَدَ فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَعَلَى الْبَابِ الثَّالِثِ مَلَكٌ يُنَادِيْ طُوْبٰى لِمَنْ رَكَعَ فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَعَلَى الْبَابِ الرَّابِعِ مَلَكٌ يُنَادِيْ طُوْبٰى لِمَنْ دَعَارَبَّهُ فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَعَلَى الْبَابِ الْخَامِسِ مَلَكٌ يُنَادِيْ طُوْبٰى لِمَنْ نَاجٰى رَبَّهُ فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَعَلَى الْبَابِ السَّادِسِ مَلَكٌ يُنَادِيْ طُوْبٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَعَلَى الْبَابِ السَّابِعِ مَلَكٌ يُنَادِيْ طُوْبٰى لِلْمُوَحِّدِيْنَ وَعَلَى الْبَابِ الثَّامِنِ مَلَكٌ يُنَادِيْ هَلْ مِنْ تَائِبٍ

Marfat.com

يُتَبُ عَلَيْهِ وَعَلَى الْبَابِ التَّاسِعِ مَلَكٌ يُنَادِيْ هَلْ مِنْ مُسْتَغْفِرٍ فَيُغْفَرُ لَهٗ وَعَلَى الْبَابِ الْعَاشِرِ مَلَكٌ يُنَادِيْ هَلْ مِنْ دَاعٍ فَيُسْتَجَابُ لَهٗ ثُمَّ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: يَا جِبْرِيْلُ اِلٰى مَتٰى اَبْوَابِ الرَّحْمَةِ مَفْتُوْحَةٌ۔ قَالَ: مِنْ اَوَّلِ اللَّيْلِ اِلٰى صَلَاةِ الْفَجْرِ۔ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فِيْهَا عُتَقَاءُ اَكْثَرَ مِنْ شُعُوْرِ الْغَنَمِ فِيْهَا تُرْفَعُ اَعْمَالُهُمْ وَفِيْهَا تُقْسَمُ الْاَرْزَاقُ۔

۔ابن عساکر جلد نمبر 51 صفحہ نمبر 72۔

۔تنزیہ الشریعہ جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 126۔

۔نزہۃ المجالس جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 210۔ (راوی حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ)

۔غنیۃ الطالبین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 347۔ (اختصاراً)

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میرے پاس جبریل علیہ السلام شب برات میں آئے۔ اور مجھے کہا کہ اٹھ کر نفل ادا فرمایئے۔ آپ اپنا سر اور دونوں ہاتھ آسمانوں کی طرف اٹھائیں۔ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے جبریل علیہ السلام سے کہا کہ یہ کیسی رات ہے؟۔ انہوں نے عرض کیا کہ یا محمد صلی اللہ علیک وسلم اس رات میں آسمان کے اور رحمت کے تین سو دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک ٹھہرانے والوں کے ،کینہ پرور، شراب بنانے والے کے اور عادی زانی کے علاوہ سب کی مغفرت کر

Marfat.com

دی جاتی ہے۔ ان لوگوں کی تب تک مغفرت نہیں ہوگی جب تک کہ وہ سچی توبہ نہ کرلیں۔ جہاں تک شرابی کی بات ہے اس کے لئے جنت کا دروازہ کھلا رہے گا یہاں تک کہ وہ توبہ کرلے پس جب وہ توبہ کرلے تو اس کی مغفرت کردی جائے گی۔ جہاں تک کینہ پرور کی بات ہے اس کے لئے بھی رحمت کا ایک دروازہ چھوڑ دیا جاتا ہے یہاں تک کہ وہ اپنے ساتھی (جس کے متعلق کینہ رکھتا ہے) سے درست کلام نہ کرلے۔ پس جب وہ اس سے درست کلام کرلے تو اس کی بھی مغفرت کردی جاتی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے جبریل اگر وہ اپنے ساتھی سے رکا رہے یہاں تک کہ شب برات گذر جائے تو؟۔ جبریل علیہ السلام نے عرض کیا کہ اگر اس کی زندگی بھی گذر جائے اور اس کی موت کا وقت بھی آجائے اور سانس سینے تک بھی پہنچ جائے اس سے پہلے پہلے اگر توبہ کرلے تو اس وقت بھی اس کے لئے دروازہ کھلا ہوگا۔ چنانچہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم جنت البقیع کی طرف تشریف لے گئے اور سجدہ میں جا کر یہ دعا پڑھنے لگے: اَعُوْذُ بِعَفْوِكَ مِنْ عِقَابِكَ وَاَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سُخْطِكَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْكَ جَلَّ ثَنَاؤُكَ لَا اَبْلُغُ الثَّنَآءَ عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ۔ پس جبریل علیہ السلام رات کے چوتھے پہر میں نازل ہوئے اور عرض کیا یا محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم اپنا سر آسمان کی طرف اٹھایئے۔ آپ نے اپنا سر آسمان کی طرف اٹھایا تو رحمت کے دروازوں کو کھلا ہوا پایا اور ہر دروازہ پر فرشتہ پایا جو کہ کہہ رہا ہے مبارکباد ہے اس کے لئے جو اس رات عبادت کرے

Marfat.com

گا۔ دوسرے دروازے پر فرشتہ نداء دے رہا تھا مبارکباد ہے اس کے لئے جس نے اس رات میں سجدہ کیا۔ تیسرے دروازے پر فرشتہ نداء دے رہا تھا مبارکباد ہے اس کے لئے جس نے اس رات میں رکوع کیا۔ چوتھے دروازے پر فرشتہ نداء دے رہا تھا مبارکباد ہے اس کے لئے جس نے اس رات میں اپنے رب سے دعا کی۔ پانچویں دروازے پر فرشتہ نداء دے رہا تھا مبارکباد ہے اس کے لئے جو اس رات میں اپنے رب کے آگے گڑ گڑایا۔ چھٹے دروازے پر فرشتہ نداء دے رہا تھا مبارکباد ہے اس کے لئے جس نے اس رات میں سر جھکایا۔ ساتویں دروازے پر فرشتہ نداء دے رہا تھا مبارکباد ہے اس کے لئے جس نے اللہ تعالیٰ کو ایک مانا۔ آٹھویں دروازے پر فرشتہ نداء دے رہا تھا ہے کوئی توبہ کرنے والا کہ اس کی توبہ قبول کی جائے۔ نویں دروازے پر فرشتہ نداء دے رہا تھا ہے کوئی مغفرت مانگنے والا کہ اس کی مغفرت کر دی جائے۔ دسویں دروازے پر فرشتہ نداء دے رہا تھا کہ ہے کوئی دعا کرنے والا کہ اس کی دعا قبول کر لی جائے۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے جبریل یہ رحمت کے دروازے کب تک کھلے رہتے ہیں؟۔ جبریل علیہ السلام نے عرض کیا کہ رات کی ابتداء سے فجر تک۔ پس حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اس رات میں بکریوں کے بالوں سے بھی زیادہ لوگوں کی مغفرت کی جاتی ہے اس رات میں لوگوں کے اعمال بلند کئے جاتے ہیں اور اس رات میں رزق تقسیم کئے جاتے ہیں

## ﴿40﴾

## عیدین اور شب برات کی شب بیداری

عَنْ اِبْنِ كَرْدَوْسٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم مَنْ اَحْيٰى لَيْلَتَى الْعِيْدِ، وَلَيْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ، لَمْ يَمُتْ قَلْبُهٗ يَوْمَ تَمُوْتُ الْقُلُوْبُ۔

۔مکاشفۃ القلوب صفحہ نمبر 314۔

۔اتحاف السادۃ المتقین جلد 3 صفحہ نمبر 410۔

۔کنز العمال جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 251۔

۔مراقی الفلاح شرح نور الایضاح جلد نمبر 1 صفحہ 174۔

۔التبصر ۃ (ابن جوزی) المجلس الخامس فی ذکر اللیلۃ النصف من شعبان۔

۔نزہۃ المجالس جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 210۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو آدمی عید الفطر اور عید الاضحیٰ کی دو راتیں اور پندرہ شعبان کی رات جاگے گا جس دن سب لوگوں کے دل مر جائیں گے اس کا دل زندہ رہے گا۔

## ﴿41﴾

## حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی ایک روایت

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا: اِنَّ اللّٰهَ يَقْضِى الْاَقْضِيَةَ فِىْ لَيْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ وَيُسَلِّمُهَا اِلٰى اَرْبَابِهَا فِىْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ

Marfat.com

۔تفسیر معالم التنزیل (بغوی) جلد 6 صفحہ نمبر 120۔

۔تفسیر خازن تحت سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔

۔تفسیر روح المعانی پارہ 25 صفحہ نمبر 156۔

۔تفسیر اللباب ابن عادل تحت سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔

۔تفسیر السراج المنیر تحت سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔

۔التذکرۃ (قرطبیؒ) صفحہ نمبر 71۔

۔المبدع شرح المقنع از ابن المفلح المقدسی کتاب الصیام باب صوم التطوع۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نصف شعبان کی شب تمام فیصلے فرماتا ہے اور متعلقہ فرشتوں کو شب قدر میں عطا فرماتا ہے

42

## مُردوں اور حاجیوں کے نام

عَنْ اِبْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: لَیْلَۃُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ یُبَیِّنُ فِیْهَا اَسْمَاءُ الْمَوْتٰی وَیُنْسَخُ فِیْهَا الْحَاجُ فَلَا یُزَادُ فِیْهِمْ وَلَا یُنْقَصُ۔

۔الامالی الشجریہ باب فضل لیلۃ النصف من شعبان وفضل صومہ وما یتصل بذلک۔

۔میزان الاعتدال (ذہبیؒ) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 255۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے انہوں نے فرمایا کہ نصف شعبان کی شب میں مردوں کے نام واضح کرد یئے جاتے ہیں۔ اور اس میں زندگیاں منسوخ کی جاتی ہیں۔ ان میں نہ کوئی کمی کی جائے گی اور نہ ہی اضافہ کیا جائے گا۔

Marfat.com

﴿43﴾

## حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ کی روایت

عَنْ عِكْرَمَةَ قَالَ :فِي لَيْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ يُبْرَمُ فِيهِ اَمْرُ السَّنَةِ وَتُنْسَخُ الْاَحْيَاءُ مِنَ الْاَمْوَاتِ وَيُكْتَبُ الْحَاجُ فَلَا يُزَادُ فِيهِمْ اَحَدٌ وَلَا يُنْقَصُ مِنْهُمْ اَحَدٌ۔

۔تفسیر ابن جریر تحت سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔
۔تفسیر ابن ابی حاتم تحت سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔
۔تفسیر قرطبی تحت سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔
۔تفسیر معالم التنزیل جلد 4 صفحہ نمبر 173۔
۔تفسیر الکشف والبیان جلد 8 صفحہ نمبر 349۔
۔تفسیر در منثور تحت سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔
۔تفسیر خازن تحت سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔
۔تفسیر روح المعانی تحت سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔
۔غنیۃ الطالبین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 346۔
۔التبصرۃ (ابن جوزی) المجلس الخامس فی ذکر اللیلۃ النصف من شعبان۔

حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ نصف شعبان کی شب میں ایک سال کے معاملات پختہ کئے جاتے ہیں مرنے والوں کی زندگیاں منسوخ کی جاتی ہیں، اور حج کرنے والوں کے نام لکھ دیئے جاتے ہیں۔اس میں کوئی کمی ہوگئی نہ اضافہ ہوگا۔

نوٹ: حضرت عکرمہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے غلام تھے

﴿44﴾

## شب برات میں اللہ تعالیٰ کے فیصلے

عَنْ عِكْرِمَةَ :اِنَّ اللّٰهَ تَعَالىٰ يَفْصِلُ ذٰلِكَ لِلْمَلَائِكَةِ فِیْ لَيْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ۔

۔تفسیر ثعالبی تحت سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔

۔تفسیر المحر رالوجیز تحت سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔

حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فرشتوں کے لئے ان امور کے فیصلے شب برات میں فرمادیتا ہے

﴿45﴾

## صحابہ کرام کی کفار کے لئے بددعا بھی شب برات میں

وَكَذٰلِكَ مِنَ الْمَوَاضِعِ: اَلصَّلٰوةُ عَلَيْهِ فِیْ آخِرِ دُعَاءِ الْقُنُوْتِ فِیْ صَلٰوةِ الْوِتْرِ اَوْ غَيْرِهٖ اِذَا قَنَتَ الْاِنْسَانُ،لَمَّا جَاءَ فِیْ حَدِيْثِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِالْقَارِیْ اَنَّهُمْ قَالُوْا عَلٰى عَهْدِ عُمَرَ يَلْعَنُوْنَ الْكَفَرَةَ فِی النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ۔ ثُمَّ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ۔

۔موسوعۃ الدفاع عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم باب حب النبی ﷺ کھولا۔

اس طرح ان (دعاؤں کے) مواقع میں سے ایک موقع نماز وتر کی دعائے قنوت کے آخر میں یا اس کے علاوہ جب بھی انسان قنوت پڑھے جو کہ

Marfat.com

حضرت عبدالرحمٰن بن عبدالقاری کی روایت میں آیا ہے انہوں نے فرمایا کہ بیشک ہم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور میں وہ شب برات میں کفار پر لعنت (بددعا) کیا کرتے تھے۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم پرھد یہ درود شریف بھیجا کرتے تھے۔

﴿46﴾

## شب برات کے چار نام

قَالَ عِكْرَمَةُ وَجَمَاعَةٌ هِيَ لَيْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ وَتُسَمّٰى لَيْلَةُ الرَّحْمٰنِ وَلَيْلَةُ الْمُبَارَكَةِ وَلَيْلَةُ الصَّكِّ وَلَيْلَةُ الْبَرَائَةِ۔

۔ تفسیر قرطبی جلد نمبر 16 صفحہ نمبر 109۔

۔ تفسیر کبیر (فخر الدین رازی) سورۃ الدخان تحت آیت نمبر 4۔

۔ تفسیر السراج المنیر جلد نمبر 10 صفحہ نمبر 182۔

۔ تفسیر روح البیان تحت سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔

۔ تفسیر اللباب ابن عادل تحت سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔

۔ تفسیر روح المعانی تحت سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔

حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ اور محدثین کی ایک جماعت نے کہا ہے کہ نصف شعبان کی شب کا نام لیلۃ الرحمٰن، لیلۃ المبارکہ، لیلۃ الصک اور لیلۃ البرأت ہے۔

﴿47﴾

## شب برات کے نام اور شب برات کی شناخت

وَلَهَا اَرْبَعَةُ اَسْمَاءُ: اَللَّيْلَةُ الْمُبَارَكَةُ وَلَيْلَةُ الْبَرَائَةِ وَلَيْلَةُ

Marfat.com

الصَّكِّ وَلَيْلَةُ الرَّحْمَةِ وَمِنْ عَادَةِ اللّٰهِ فِیْ هٰذِهِ اللَّیْلَةِ اَنْ یَزِیْدَ فِیْهَا مَآءُ زَمْزَمَ زِیَادَةً ظَاهِرَةً۔

۔تفسیر کشاف (زمخشری) تحت سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔

۔فیض القدیر جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 263۔

علامہ زمخشری نے واضح کرتے ہوئے بیان کیا کہ شب برات کے چار نام ہیں لیلۃ المبارکہ، لیلۃ البراۃ، لیلۃ الصک، لیلۃ الرحمۃ۔ اللہ تعالیٰ کی عادت قدرت میں سے ہے کہ شب برات میں آب زمزم بہت بڑھ جاتا ہے۔

﴿48﴾

## وضین بن عطاء رضی اللہ عنہ سے روایت

اَلْوَضِیْنُ بْنُ عَطَاءٍ یَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم :اِنَّ اللّٰهَ یَطَّلِعُ لَیْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَیَغْفِرُ الذُّنُوْبَ لِاَهْلِ الْاَرْضِ اِلَّا لِمُشْرِكٍ اَوْ مُشَاحِنٍ وَلَهٗ فِیْ تِلْكَ اللَّیْلَةِ عُتَقَاءُ عَدَدِ شَعْرِ غَنَمِ كَلْبٍ .قَالَ اِسْحَاقُ: فَسَّرَهُ الْاَوْزَاعِیُّ :اِنَّ الْمُشَاحِنَ الْمُبْتَدِعَ الَّذِیْ یُفَارِقُ اُمَّةً۔

۔مسند اسحاق بن راھویہ حدیث نمبر 850۔مکتبۃ الایمان المدینۃ المنورۃ۔

حضرت وضین بن عطاء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ نصف شعبان کی شب اللہ تعالیٰ تمام زمین والوں کی مغفرت فرما دیتا ہے سوائے مشرک اور کینہ پرور کے۔اور اس رات میں قبیلہ بنی

Marfat.com

کلب کی بکریوں کے بالوں سے بھی زائد لوگوں کو جنت میں داخل فرما دیتا ہے۔ اسحاق نے کہا کہ امام اوزاعیؒ نے "مشاحن" کی وضاحت کی ہے کہ اس سے مراد وہ بدعتی ہے جو امت میں تفرقہ پیدا کرے۔

﴿49﴾

## شب قدر کے بعد افضل ترین رات شب برات

عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ: إِذَا كَانَ لَيْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ نَسَخَ الْمَلَكُ مَنْ يَمُوتُ مِنْ شَعْبَانَ إِلَى شَعْبَانَ وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَظْلِمَ وَيَفْجُرَ وَيَنْكِحَ النِّسْوَانَ وَقَدْ نُسِخَ إِسْمُهُ مِنَ الْأَحْيَاءِ إِلَى الْأَمْوَاتِ وَمَا مِنْ لَيْلَةٍ بَعْدَ لَيْلَةِ الْقَدْرِ وَأَفْضَلُ مِنْهَا يَنْزِلُ اللّٰهُ إِلَى السَّمَآءِ الدُّنْيَا فَيَغْفِرُ لِكُلِّ أَحَدٍ إِلَّا مُشْرِكٍ أَوْ مُشَاحِنٍ أَوْ قَاطِعِ رَحِمٍ۔

- جامع الاحادیث نمبر 44314۔
- کنز العمال جلد نمبر 14 حدیث نمبر 38291۔
- الترغیب ابن شاہین کما ذکر علی المتقیؒ۔
- تفسیر در منثور سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔ (تقارب)۔
- لطائف المعارف صفحہ نمبر 162۔

حضرت عطاء بن یسار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب نصف شعبان کی شب (شب برات) ہوتی ہے اللہ تعالیٰ زندگیوں کو ایک شعبان سے دوسرے شعبان تک منسوخ کرتا ہے۔ اور بے شک ایک انسان ظلم و زیادتی کرتا ہے اور

Marfat.com

عورتوں سے نکاح کرتا ہے اور حقیقتاً اس کا نام زندوں سے منسوخ کر کے مردوں میں درج کردیا جاتا ہے۔ اور لیلۃ القدر کے بعد اس رات سے افضل کوئی بھی رات نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ اس رات آسمانِ دنیا میں رحمت نازل فرماتا ہے اور سوائے مشرک، کینہ پرور اور قطع رحمی کرنے والے کے، ہر ایک کی مغفرت فرمادیتا ہے۔

نوٹ: حضرت عطاء بن یسار رضی اللہ عنہ کے والد محترم حضرت یسار رضی اللہ عنہ ام المؤمنین حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے غلام تھے۔

﴿50﴾

## انسان کی قسمت کے فیصلے اور اس کی بے خبری و بے حسی

قَالَ عَطَاءُ بْنُ یَسَارٍ اِذَاکَانَ لَیْلَۃُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ دُفِعَ مَلَکُ الْمَوْتِ صَحِیْفَۃً فَیُقَالُ: اَقْبِضْ ہٰذِہِ السَّنَۃِ مَنْ فِیْ ہٰذِہِ الصَّحِیْفَۃِ۔ فَاِنَّ الْعَبْدَ لَیَغْرِسَ الْغِرَاسَ وَیَنْکِحَ الْاَزْوَاجَ وَیُبْنِیْ الْبُنْیَانَ وَاِنَّ اِسْمَہٗ فِیْ تِلْکَ الصَّحِیْفَۃِ وَھُوَ لَایَدْرِیْ۔

۔احیاء العلوم جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 468۔

۔ابن ابی الدنیا کماذکر السیوطی۔

۔تفسیر درمنثور سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔

۔الحبائک فی اخبار الملائک (سیوطی) باب ماجاء فی ملک الموت۔

حضرت عطاء بن یسار رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ جب نصف شعبان کی شب آتی ہے تو ملک الموت کو ایک رجسٹر دیا جاتا ہے اور اسے کہا جاتا

Marfat.com

ہے کہ اس میں جن کے نام درج ہیں اس سال ان کی روحوں کو قبض کر لینا۔ ایک انسان بستر پر لیٹا ہے، عورتوں سے نکاح کرتا ہے اور گھر بناتا ہے اور اس کا نام اس صحیفہ میں درج ہوتا ہے جب کہ وہ اس سے قطعاً بے خبر ہوتا۔

﴿51﴾

## انسان کی زندگی کا سفر یا آخرت کا سفر

قَالَ عَطَاءُ بْنُ يَسَارٍ: يُعْرَضُ عَمَلُ السَّنَةِ فِيْ لَيْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ ،فَيَخْرُجُ الرَّجُلُ مُسَافِرًا وَقَدْ نُسِخَ اِسْمُهُ مِنَ الْاَحْيَآءِ اِلَى الْاَمْوَاتِ،وَيَتَزَوَّجُ وَقَدْ نُسِخَ مِنَ الْاَحْيَآءِ اِلَى الْاَمْوَاتِ۔

۔غنیۃ الطالبین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 347۔

حضرت عطاء بن یسار نے کہا کہ نصف شعبان کی شب تمام سال کے عمل پیش ہوتے ہیں یہاں تک کہ ایک آدمی سفر کے لئے نکلتا ہے لیکن اس کو زندوں سے مردوں کی طرف منسوخ کر دیا جاتا ہے، ایک آدمی شادی کرتا ہے لیکن اس کو زندوں سے مُردوں کی طرف منسوخ کر دیا جاتا ہے۔

﴿52﴾

## حضرت عطاء بن یسار رضی اللہ عنہ سے روایت

مذکورہ روایت امام عبدارزاق بن ہمام صنعانی رحمۃ اللہ علیہ نے ان الفاظ سے نقل کی ہے:

Marfat.com

عَنْ عَطَآءِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ: تُنْسَخُ فِي النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ الْآجَالُ، حَتّٰى اَنَّ الرَّجُلَ لَيَخْرُجُ مُسَافِرًا وَقَدْ نُسِخَ مِنَ الْاَحْيَآءِ اِلَى الْاَمْوَاتِ، وَيَتَزَوَّجُ وَقَدْ نُسِخَ مِنَ الْاَحْيَآءِ اِلَى الْاَمْوَاتِ۔

۔مصنف عبدالرزاق جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 317۔

حضرت عطاء بن یسار رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نصف شعبان میں لوگوں کی قسمت کے فیصلے ہوتے ہیں یہاں تک کہ ایک آدمی سفر کے لئے نکلتا ہے لیکن اس کو زندوں سے مردوں کی طرف منسوخ کردیا جاتا ہے، ایک آدمی شادی کرتا ہے لیکن اس کو زندوں سے مردوں کی طرف منسوخ کردیا جاتا ہے۔

﴿53﴾

## حضرت عطاء خراسانی رضی اللہ عنہ کی روایت

عَنْ عَطَاءِ الْخَرَاسَانِيِّ قَالَ: خَمْسُ لَيَالٍ مَنْ اَقَامَهُنَّ: اَوَّلُ لَيْلَةٍ مِنْ رَجَبٍ يَقُوْمُهَا وَيُصْبِحُ صَائِمًا وَلَيْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ يَقُوْمُهَا وَيُصْبِحُ صَائِمًا وَلَيْلَةُ الْفِطْرِ يَقُوْمُهَا وَيُصْبِحُ مُفْطِرًا وَلَيْلَةُ الْاَضْحٰى وَيُصْبِحُ مُفْطِرًا وَلَيْلَةُ عَاشُوْرَاءِ يَقُوْمُهَا وَيُصْبِحُ صَائِمًا كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ اَجْرُ شَهِيْدٍ فِيْ حَيَاتِهٖ وَبَعْدَ مَمَاتِهٖ۔

۔الامالی الشجریۃ باب ذکر عاشوراء وصومہ وذکر فضلہ وما یتصلہ۔

حضرت عطاء خراسانی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ جس نے ان پانچ راتوں میں عبادت کی اللہ تعالیٰ اس کی زندگی میں بھی اور مرنے کے بعد بھی اس

Marfat.com

کے لئے شہید کا اجر درج فرما دے گا۔ وہ پانچ راتیں یہ ہیں ماہ رجب کی پہلی رات میں صبح تک عبادت کرے، اور دن روزہ داری کی حالت میں بسر کرے، نصف شعبان المعظم کی رات عبادت کرے اور اور دن روزہ کی حالت میں بسر کرے، عید الفطر کی رات عبادت کرے اور دن افطاری کی حالت میں گذارے ،عید الاضحیٰ کی رات عبادت کرے اور دن بغیر روزہ کے بسر کرے، شب عاشورہ (دس محرم کی رات) عبادت کرے اور دن روزہ کی حالت میں گذارے۔

﴿54﴾

## حضرت حکیم بن کیسان رضی اللہ عنہ کی روایت

قَالَ حَکِیْمُ بْنُ کَیْسَانٍ :یَطَّلِعُ اللّٰهُ تَعَالٰی اِلٰی خَلْقِهٖ فِیْ لَیْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ، فَمَنْ طَهَّرَهٗ تِلْكَ اللَّیْلَةَ زَکَّاهُ اِلٰی مِثْلِهٖ ۔

-غنیۃ الطالبین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 347۔

-التبصرۃ (ابن جوزی) المجلس الخامس فی ذکر اللیلۃ النصف من شعبان۔

حضرت حکیم بن کیسان نے کہا کہ نصف شعبان کی شب اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کی طرف خصوصی طور پر متوجہ ہوتا ہے جو کوئی اس رات میں پاکیز گی حاصل کرے اللہ تعالیٰ اس کے باطن کو بھی اسی کی مثل پاک فرما دیتا ہے۔

Marfat.com

﴿55﴾

## حضرت کعب رضی اللہ عنہ کی روایت

مَکْحُوْلٌ عَنْ کَعْبٍ اَنَّ اللّٰہَ یَطَّلِعُ فِیْ لَیْلَۃِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ آجَالَ الْمَوْتٰی فَیَمْحُوْ اُنَاساً مِنْ دِیْوَانِ الْاَحْیَآءِ وَیُثْبِتُھُمْ فِیْ دِیْوَانِ الْاَمْوَاتِ۔

۔تفسیر روح المعانی تحت سورۃ الرعد آیت نمبر 39۔

حضرت سیدنا مکحول رضی اللہ عنہ نے حضرت کعب رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ شبِ برات میں اللہ تعالیٰ مردوں کی موتوں کے وقت کی طرف توجہ فرماتا ہے تو ان کے نام زندوں کی فہرستوں ۔سے مٹا دیتا ہے اور انہیں مردوں کے رجسٹروں میں مضبوط فرما دیتا ہے۔

﴿56﴾

## حضرت مکحول رضی اللہ عنہ کی روایت

عَنْ مَکْحُوْلٍ قَالَ یَطَّلِعُ اللّٰہُ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی عَلٰی خَلْقِہٖ لَیْلَۃَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَیَغْفِرُ لِلْمُسْتَغْفِرِیْنَ وَیَتُوْبُ عَلَی التَّآئِبِیْنَ وَیَدَعُ اَھْلَ الْحِقْدِ بِحِقْدِھِمْ فَیَغْفِرُ اِلَّا لِمُشْرِکٍ اَوْ مُشَاحِنٍ۔

۔اعتقاد اھل السنۃ (ھبۃ اللہ بن الحسن بن منصور اللا لکائی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 452۔

حضرت سیدنا مکحول رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نصف شعبان کی شب یعنی شب برات میں اپنی مخلوق پر خصوصی توجہ فرماتا ہے اور

Marfat.com

مغفرت مانگنے والوں کی مغفرت فرماتا ہے توبہ کرنے والوں کی توبہ قبول فرماتا ہے اور کینہ پروروں کو ان کی کینہ پروری کے لئے چھوڑ دیتا ہے۔ اور مشرک اور چغل خور کے سوا سب کی مغفرت فرما دیتا ہے۔

﴿57﴾

## شب برات میں حضرت جبریل علیہ السلام کی جنت میں آمد

عَنْ كَعْبِ الْاَحْبَارِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: اِنَّ اَهْلَ الْجَنَّةِ لَيَفْرَحُوْنَ بِدُخُوْلِ شَهْرِ رَمَضَانَ مِنَ الْحُوْرِ وَالْخَزَنَةِ وَالْوِلْدَانِ كَمَا يَفْرَحُ اَهْلُ النَّارِ مِنْ ذُرِّيَةِ آدَمَ بِدُخُوْلِ الْجَنَّةِ اِذَا سَكَنُوْهَا وَذٰلِكَ اَنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ يَبْعَثُ جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِیْ لَيْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَيَقُوْلُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُنَّ اَيَّتُهَا الْجِنَانُ اَنَا جِبْرِيْلُ الْاَمِيْنُ رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ تَزَيَّنِیْ وَتَجَدَّدِیْ وَازْدَادِیْ نُوْراً وَتَلَالَئِیْ وَافْتَحِیْ اَبْوَابَ مَقَاصِيْرِكَ الْمَرْجَانِيَّةِ وَحَجَالِكِ الْعَبْقَرِيَّةَ الَّتِیْ بَطَائِنُهَا مِنْ اِسْتَبْرَقٍ وَحَشْوُهَا اَذْفَرَيَاتِ الْمِسْكِ وَاَخْرِجِیْ مُتَضَمِّنَاتِ الْمَخْلُوْقَاتِ الَّتِیْ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَانٌّ ـ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ قَدْ اَعْتَقَ فِیْ لَيْلَتِكَ هٰذِهٖ عَدَدَ نُجُوْمِ السَّمَآءِ وَعَدَدَ اَيَّامِ الدُّنْيَا وَلَيَالِيْهَا وَعَدَدَ وَرَقِ الشَّجَرِ وَزِنَةَ الْجِبَالِ وَعَدَدَ الرِّمَالِ ـ يَامُضَيِّعَا الْيَوْمِ تَضْيِيْعَهٗ اَمْسَ تَيَقَّظْ

Marfat.com

وَیْحَكَ فَقَدْ قَتَلْتَ النَّفْسَ وَتُبْهُ لِلسَّعُوْدِ فَاِلٰی کَمْ تَحِسُّ وَاحْفِظْ بَقِیَّةَ الْعُمُرِ فَقَدْ بِعْتَ الْمَاضِیَ بِالْبَخْسِ۔

۔التبصرۃ (ابن جوزی) المجلس الخامس فی ذکر اللیلۃ النصف من شعبان۔54/2

حضرت سیدنا کعب احبار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک اہلِ جنت جیسا کہ حورانِ بہشتی، داروغانِ جنت اور غلمان وغیرہ ماہِ رمضان المبارک کی آمد پر بہت زیادہ خوش ہوتے ہیں جیسے اہل دوزخ کسی جہنمی انسان کے جنت میں جانے پر خوش ہوتے ہیں۔اور بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ شبِ برات میں حضرت جبریل علیہ السلام کو جنت میں بھیجتا ہے اور وہ جاکر ان کو سلام کہتے ہیں اور ان سے یہ بات کہتے ہیں کہ میں اللہ رب العلمین کا بھیجا ہوا ہوں۔اے جنتو! مزید بن سنور جاؤ اپنے چمکتے دمکتے نور کو مزید چلا بخش لو، زرو جواہرات سے تیار کردہ محلات کے دروازے کھول دو، اور وہ منقش بستر بھی کھول دو جن کے اَستَر دبیز ریشم کے تیار کئے ہوئے ہیں اور جن میں سے کستوری کی خوشبوؤں کے حلّے اٹھ رہے ہیں۔اور ظاہر کرو مخلوقات کے لئے ان حورانِ بہشتی کو کہ ان سے پہلے کسی بھی انسان اور جن نے ان کو چھوا تک نہیں۔

(تو اے غافل انسان) اللہ تعالیٰ تمہاری اس رات میں (شب برات) آسمان کے ستاروں، دنیا کی تمام عمر (قیامت تک) کے دنوں اور راتوں کے برابر، درختوں کے پتوں اور پہاڑوں کے وزن اور ریت کے ذرات کے برابر لوگوں کو آزاد فرماتا ہے۔ (اے غافل انسان) اے وقت برباد کرنے والے تم

Marfat.com

نے اپنا گذرا ہو کل برباد کردیا اب تو بیدار ہو جا تم نے اپنی جان کو تباہ کر دیا اب تو اسے خوش بخت بنانے کے لئے توبہ کرلے۔ کب تو اپنا نقصان محسوس کرے گا؟ تو اپنا ماضی انتہائی گھٹیا قیمت میں بیچ چکا ہے اب تو اپنی باقی زندگی کی حفاظت کرلے۔

﴿58﴾

## شب برات میں جنت کی تزئین و آرائش

قَالَ كَعْبُ الْاَحْبَارِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ: یَبْعَثُ اللّٰهُ لَیْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ جِبْرِیْلَ اِلَی الْجَنَّةِ فَیَأْمُرُ اَنْ تَتَزَیَّنَ وَیَقُوْلُ: اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی قَدْ اَعْتَقَ فِیْ لَیْلَةِ هٰذِهٖ عَدَدَ نُجُوْمِ السَّمَآءِ وَعَدَدَ اَیَّامِ الدُّنْیَا وَلَیَالِیْهَا۔

۔التبصرۃ از ابن جوزی جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 54۔

۔نزہۃ المجالس جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 212۔

حضرت سیدنا کعب احبار رضی اللہ عنہ بیان کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ شبِ برات میں حضرت سیدنا جبریل علیہ السلام کو جنت کی طرف بھیجتا ہے، چنانچہ وہ اسے سجنے کا حکم دیتا ہے اور اسے بتاتا ہے کہ بے شک اللہ تعالیٰ اس رات میں آسمان کے ستاروں اور زمین کے دن اور راتوں کی تعداد کے برابر جہنمیوں کو جہنم سے آزاد فرما دیتا ہے۔

Marfat.com

﴿59﴾

## شب برات اور آب زمزم کی مٹھاس

اِنَّہ یَحلُوْ لَیلَۃَ النِّصفَ مِنْ شَعْبَانَ وَیَطِیبُ ذَکَرَ ذٰلِکَ ابْنُ الْحَاجِّ فِیْ مَنَاسِکِہٖ نَقْلًا عَنْ مَکِّیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ (مُتَوَفّٰی ۴۳۷ھ) وَنَصَّ کَلَامُہٗ قَالَ الشَّیْخُ مَکِّیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ رَحِمَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی : وَفِیْ لَیلَۃَ النِّصفِ مِنْ شَعْبَانَ یَحْلُوْ مَاءُ زَمْزَمَ وَیَطِیْبُ مَاؤُھَا یَقُوْلُ اَھلُ مَکَّۃَ :اِنَّ عَینٌ سُلْوَانٌ تَتَّصِلُ بِھَا تِلْکَ اللَّیلَۃَ،وَیَبْذُلُ عَلٰی اَخْذِ الْمَآءِ فِیْ تِلْکَ اللَّیلَۃِ الْاَمْوَالَ وَیَقَعُ الزِّحَامُ فَلَا یَصِلُ اِلَی الْمَآءِ اِلَّا ذُوْجَاہٍ وَشَرْفٍ.قَالَ:وَعَانَیْتُ ذٰلِکَ ثَلَاثَ سِنِیْنَ ۔

آگے چل کر مزید لکھتے ہیں

وَمِنْھَا اَنَّہ یَکْثُرُ فِیْ لَیْلَۃِ النِّصفِ مِنْ شَعْبَانَ کُلَّ سَنَۃٍ بِحَیْثُ اَنَّ الْبِئْرَ تَفِیْضُ بِالْمَآءِ عَلٰی مَا قِیْلَ لَایُشَاھِدُوْنَ ذٰلِکَ اِلَّا الْعَارِفُوْنَ۔

۔سبل الھدیٰ والرشاد جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 184۔

شب برات میں زمزم کا پانی بہت ہی میٹھا اور خوشبودار ہو جاتا ہے۔اور اس بات کا تذکرہ ابن الحاج مالکی نے اپنی کتاب مناسک حج میں بھی شیخ مکی بن ابی طالب رحمۃ اللہ علیہ متوفی 437ھ سے نقل کرتے ہوئے کیا ہے۔شیخ مکی بن

Marfat.com

ابی طالب رحمۃ اللہ علیہ کے بیان کے الفاظ یہ ہیں: شیخ مکی بن ابی طالب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: نصف شعبان کی شب (شب برات) میں زمزم کا پانی میٹھا اور خوشبودار ہو جاتا ہے۔ اہل مکہ کہتے ہیں کہ بے شک شب برات میں پانی کا چشمہ اپنے مکمل جوبن پر ہوتا ہے اور اہل مکہ شب برات میں پانی حاصل کرنے کے لئے مال خرچ کرتے ہیں۔ اور اس کے باوجود اتنا رش ہو جاتا ہے کہ پانی تک صرف اور صرف جاہ وحشمت والے لوگ ہی پہنچ پاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں وہاں تین برس تک رہا ہوں۔

مزید آگے چل کر لکھتے ہیں کہ شب برات کی خوبیوں میں سے یہ بھی ہے کہ ہر سال شب برات میں زمزم کے کنویں میں پانی بڑھ جاتا ہے اور فیض کی صورت اختیار کرتا ہے لیکن اس بات کا مشاہدہ صرف عارفین کو ہی ہو پاتا ہے۔

﴿60﴾

## شب برات اور آب زمزم کی مٹھاس کی مزید روایت

ابوالبقاء بہاء الدین ابن ضیاء مکی رحمۃ اللہ علیہ متوفی 854ھ نے آب زمزم کی کیفیات کا تذکرہ کرتے ہوئے یہ بیان کیا ہے کہ:

اِنَّهٗ يَحْلُوْ لَيْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ وَيَطِيْبُ عَلٰى مَاذَكَرَهٗ ابْنُ الْحَاجِّ الْمَالِكِيِّ فِیْ مَنَاسِكِهٖ۔

آگے چل کر مزید لکھتے ہیں

Marfat.com

وَمِنْهَا اَنَّهُ يَكْثُرُ فِىْ لَيْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فِىْ كُلِّ سَنَةٍ بِحَيْثُ اِنَّ الْبِئْرَ يَغِصُّ بِالْمَاءِ عَلٰى مَا قِيْلَ لٰكِنْ لَّايُشَاهِدُوْنَ هٰذَا اِلَّا الْاَوْلِيَاءُ۔

۔تاریخ مکۃ المشرفۃ والمسجد الحرام باب ذکر فضل زمزم وخواصھا۔

مزید آگے چل کر لکھتے ہیں کہ شب برات میں زمزم کا پانی بہت ہی میٹھا اور خوشبودار ہو جاتا ہے۔ اور اس بات کا تذکرہ ابن الحاج مالکی نے اپنی کتاب مناسک حج میں بھی کیا ہے۔

آب زمزم کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ یہ پانی ہر سال شب برات میں بہت زیادہ ہو جاتا ہے اس طرح کہ تمام کنواں پانی سے بھرپور ہو جاتا ہے لیکن اس کا حقیقی مشاہدہ صرف اور صرف اولیائے کرام کو ہی ہوتا ہے۔

﴿61﴾

## آب زمزم میں فراوانی شیخ اسماعیل حقی کی روایت

وَالسَّادِسَةُ :اِنَّ مِنْ عَادَةِ اللّٰهِ فِىْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ اَنْ يَزِيْدَ مَآءَ زَمْزَمَ زِيَادَةً ظَاهِرَةً وَفِيْهِ اِشَارَةٌ اِلٰى حُصُوْلِ مَزِيْدِ الْعُلُوْمِ الْاِلٰهِيَّةِ لِقُلُوْبِ اَهْلِ الْحَقَائِقِ۔

۔تفسیر روح البیان تحت سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔

شب برات کی خصوصیات کا تذکرہ کرتے ہوئے شیخ اسماعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ چھٹی خصوصیت لکھتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ کی عادت کریمہ ہے

Marfat.com

کہ وہ شب برات میں زمزم شریف کا پانی کھلم کھلا بڑھا دیتا ہے۔ اور اس میں محققین کے قلوب کے لئے عرفانِ خداوندی کے مزید علوم حاصل کرنے کی طرف بھی اشارہ ہے۔

﴿62﴾

## حضرت کعب کی ایک روایت

عَنْ كَعْبٍ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ يَطَّلِعُ اِلٰى خَلْقِهٖ فِیْ لَيْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَيَغْفِرُ لَهُمْ جَمِيْعاً اِلَّا لِمُشْرِكٍ اَوْ مُشَاحِنٍ۔

۔کتاب النزول (دارقطنی) صفحہ نمبر 168۔

حضرت کعب رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نصف شعبان کی شب اپنی رحمت نازل فرماتا ہے اور اپنے تمام بندوں کی مغفرت فرما دیتا ہے سوائے مشرک اور کینہ پرور کے۔

﴿63﴾

## حضرت عتبہ بن حکیم رضی اللہ عنہ کی روایت

حضرت عتبہ بن حکیم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ :

حَدَّثَنِیْ مَكْحُوْلٌ قَالَ :قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم :اِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ يَطَّلِعُ فِیْ كُلِّ لَيْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَيَغْفِرُ لِكُلِّ عَبْدٍ لَّهٗ اِلَّا مُشْرِكاً وَمُشَاحِناً۔

۔کتاب النزول (دارقطنی) صفحہ نمبر 168۔

Marfat.com

حضرت عتبہ بن حکیم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت مکحول رضی اللہ عنہ مجھے بیان فرمایا، انہوں نے کہا کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی خصوصی رحمت ہر نصف شعبان (ہر شب برات) میں نزول فرماتی ہے اور وہ اپنے تمام بندوں کی مغفرت فرمادیتا ہے سوائے مشرک اور کینہ پرور کے۔

﴿64﴾

## ابن اخنس رضی اللہ عنہ سے روایت

عَنْ عُثْمَانَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ مُغِيْرَةِ بْنِ الْاَخْنَسِ قَالَ تُقْطَعُ الْاٰجَالُ مِنْ شَعْبَانَ اِلٰى شَعْبَانَ ۔ قَالَ: اِنَّ الرَّجُلَ لَيَنْكِحَ وَيُوْلَدَ لَهٗ وَقَدْ خَرَجَ اِسْمُهٗ فِى الْمَوْتٰى ۔

۔شعب الایمان (بیہقی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 386۔

۔دیلمی جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 73۔

۔جامع الاحادیث (سیوطی) حدیث نمبر 10917

۔تفسیر ابن جریر تحت سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔

۔تفسیر بغوی جلد 6 صفحہ نمبر 120۔

۔تفسیر ابن کثیر جلد 4 صفحہ نمبر 149۔

۔تفسیر روح المعانی جلد نمبر 25 صفحہ نمبر 113۔

عثمان بن مغیرۃ بن اخنس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شعبان سے دوسرے شعبان تک کئی زندگیاں منقطع کردی جاتی ہیں حتی کہ ایک شخص نکاح کرتا ہے اور اس کے ہاں بچہ پیدا ہوتا ہے جبکہ اس کا نام مردوں میں لکھ دیا جاتا ہے۔

﴿65﴾

## راشد بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت

رَاشِدُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم فِیْ لَیْلَۃِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ یُوْحَی اللّٰہُ اِلٰی مَلَکِ الْمَوْتِ یَقْبِضُ کُلَّ نَفْسٍ یُرِیْدُ قَبْضَھَا فِیْ تِلْکَ السَّنَۃِ۔

- المجالسۃ وجواہر العلم (دینوریؒ) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 944+206۔
- الجامع الصغیر (امام سیوطی) جلد 3 صفحہ نمبر 1216۔
- کنز العمال جلد نمبر 12 صفحہ نمبر 140۔
- تفسیر در منشور تحت سورۃ الدخان 4۔
- الحبائک فی اخبار الملائک (سیوطی) باب ماجاء فی ملک الموت۔
- تفسیر روح المعانی پارہ نمبر 25 صفحہ نمبر 156۔
- المقدمہ البانی صفحہ نمبر 31۔
- الجامع الصغیر وزیادتہ (البانی) حدیث نمبر 8450۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ پندرہ شعبان کو اللہ تعالیٰ ملک الموت کو وحی میں نام عطا فرمادیتا ہے کہ وہ ہر اس جان کو قبض کرنے کا حکم دیتا ہے جس کو اللہ تعالیٰ اس سال میں مارنا چاہتا ہے۔

﴿66﴾

## تمام امور کی فرشتوں کو منتقلی امام بیہقی کی وضاحت

فَأَمَّا سَائِرُ الْاُمُوْرِ الَّتِیْ تَجْرِیْ عَلٰی یَدِی الْمَلَائِکَۃِ مِنْ

Marfat.com

تَدْبِیْرِ اَھْلِ الْاَرْضِ فَاِنَّمَا تَبَیَّنَ لَیْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ۔

۔شعب الایمان جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 319۔

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ واضح فرماتے ہیں کہ جہاں تک تمام معاملات کا تعلق ہے جو کہ فرشتوں کے ہاتھوں پہ زمین والوں کی تدبیر میں سے جاری ہوتے ہیں۔تو وہ شب برات میں واضح کردیئے جاتے ہیں۔

﴿67﴾

## شب برات اور زندگی کی تنسیخ

ھِیَ لَیْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ یُبْرَمُ فِیْھَا أَمْرُ السَّنَةِ وَیُنْسَخُ الْاَحْیَاءُ مِنَ الْاَمْوَاتِ۔

۔تفسیر خازن سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔

مفسر قران علامہ خازن علی بن محمد بن ابراہیم بن عمر الشیخی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ وہ رات شب برات ہے جس میں سال کے فیصلے کیے جاتے ہیں اور زندوں کو منسوخ کر کے مردوں میں شامل کردیا جاتا ہے۔

﴿68﴾

## راتیں بھی تو ایسی ہیں دن بھی تو ایسے ہیں

عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ:قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: اَرْبَعُ لَیَالِیْھِنَّ کَاَیَّامِھِنَّ وَاَیَّامِھِنَّ کَلَیَالِیْھِنَّ یَبُرُّ اللّٰہُ فِیْھِنَّ الْقَسَمَ وَیُعْتِقُ فِیْھِنَّ النَّسَمَ وَیُعْطِی الْجَزِیْلَ :لَیْلَةُ الْقَدْرِ وَصَبَاحُھَا وَلَیْلَةُ عَرَفَةَ

Marfat.com

وَصَبَاحُهَا وَلَيْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ وَصَبَاحُهَا وَلَيْلَةُ الْجُمُعَةِ وَصَبَاحُهَا۔

۔دیلمی جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 374۔

۔جامع الاحادیث حدیث نمبر 3080۔

۔کنز العمال جلد نمبر 12 صفحہ نمبر 144۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ چار راتیں ایسی ہیں کہ وہ اپنے دنوں کی طرح ہیں اور ان کے دن ان کی راتوں کی طرح ہیں (یعنی فضیلت میں ایک جیسے)۔اللہ تعالیٰ ان اوقات میں اپنے بندوں میں خصوصی فضل وکرم تقسیم فرماتا ہے، جہنم سے آزادی بانٹتا ہے اور بے بہا اجر عطا فرماتا ہے۔اور وہ دن اور راتیں یہ ہیں: شبِ قدر اور اس کا دن، شبِ عرفہ اور اس کا دن شبِ برات اور اس کا دن، شبِ جمعہ اور اس کا دن۔

﴿69﴾

## حضرت سیدنا حسن بصری رضی اللہ عنہ کی روایت

عَنْ مَعْبَدٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ :قَالَ النَّبِيُّ ﷺ اَرْبَعَ لَيَالٍ يَفْرَغُ اللّٰهُ تَعَالَى الرَّحْمَةَ عَلٰى عِبَادِهٖ اِفْرَاغاً :اَوَّلُ لَيْلَةٍ مِنْ شَهْرِ رَجَبٍ وَلَيْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ وَلَيْلَةُ الْفِطْرِ وَالْاَضْحٰى۔

۔الامالی الشجریۃ باب صوم رجب وفضلہ وما یتصل بذلک۔

حضرت سیدنا معبد رضی اللہ عنہ حضرت سیدنا حسن بصری رضی اللہ عنہ سے

Marfat.com

روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ چار راتوں میں اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر بہت زیادہ رحمت فرماتا ہے : ماہِ رجب کی پہلی رات، نصف شعبان کی رات یعنی شب برات، عید الفطر کی رات اور عید الاضحیٰ کی رات

نوٹ حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ جب بھی یہ کہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا ہے تو درمیان میں راوی حضرت علی رضی اللہ عنہ ہوتے ہیں۔

﴿70﴾

## شبِ برات اور تقدیر کے فیصلے

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ اَنَّهٗ قَالَ: اِنَّ اللّٰہَ یُقَدِّرُ الْمَقَادِیْرَ فِیْ لَیْلَةِ الْبَرَائَةِ فَاِذَا کَانَ لَیْلَةُ الْقَدْرِ سَلَّمَهَا اِلٰی اَرْبَابِهَا۔

۔تفسیر کبیر (رازی) سورۃ القدر آیت نمبر 4۔

۔نظم الدرر للبقاعی سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے راوی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بے شک اللہ تعالیٰ شبِ برات میں تقدیروں کے فیصلے فرماتا ہے۔ اور شبِ قدر میں متعلقہ فرشتوں کے سپرد فرما دیتا ہے۔

﴿71﴾

## فرشتوں کی آسمانوں پر دو عیدیں: شبِ برات اور شب قدر

اِنَّ لِلْمَلٰٓئِکَةِ فِی السَّمَآءِ لَیْلَتَیْ عِیْدٍ کَمَا اَنَّ لِلْمُسْلِمِیْنَ فِیْ

Marfat.com

الْاَرْضِ یَوْمَیْ عِیْدٍ۔ فَعِیْدُ الْمَلآئِکَةِ لَیْلَةُ الْبَرَائَةِ وَهِیَ لَیْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ وَلَیْلَةُ الْقَدْرِ وَعِیْدُ الْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمُ الْفِطْرِ وَیَوْمُ الْاَضْحٰی فَلِذَا سُمِّیَتْ لَیْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ لَیْلَةَ عِیْدِ الْمَلآئِکَةِ۔

۔مکاشفۃ القلوب صفحہ نمبر 314۔

۔غنیۃ الطالبین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 348۔

بیشک ملائکہ کی آسمانوں میں عید کی دوراتیں ہیں جیسے مسلمانوں کے لئے زمین میں عید کے دودن ہیں۔ بے شک ملائکہ کرام کی عید کی دوراتیں لیلۃ البراۃ جو کہ نصف شعبان کی شب ہوتی ہے اور لیلۃ القدر ہے۔ جب کہ مومنوں کی دو عیدیں عید الفطر اور عید الاضحیٰ ہیں۔ اسی لئے نصف شعبان کی شب یعنی شبِ برات کو ملائکہ کرام کی عید کا نام دیا گیا ہے۔

﴿72﴾

## یہ تمام راتیں افضل ہیں مگر شب میلاد کے بعد

عَنْ بَعْضِ الشَّافِعِیَّةِ اَنَّ اَفْضَلَ اللَّیَالِیْ لَیْلَةُ مَوْلِدِہٖ عَلَیْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ ثُمَّ لَیْلَةُ الْقَدْرِ ثُمَّ لَیْلَةُ الْاِسْرَاءِ وَالْمِعْرَاجِ ثُمَّ لَیْلَةُ عَرَفَةٍ ثُمَّ لَیْلَةُ الْجُمُعَةِ ثُمَّ لَیْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ ثُمَّ لَیْلَةُ الْعِیْدِ۔

۔تفسیر روح المعانی تحت سورۃ القدر آیت نمبر 3۔

۔ردالمختار از علامہ ابن عابدین شامی کتاب الحج باب فصل فی الاحرام وصفۃ المفرد۔

۔حواشی الشروانی از عبدالحمید الشروانی واحمد بن قاسم عبادی جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 462۔

۔فقہ العبادات الشافعی کتاب الصوم باب مایستحب فی الصیام۔

Marfat.com

کئی شوافع آئمہ نے بیان فرمایا ہے کہ سال کی تمام راتوں میں سے افضل ترین رات حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت مبارکہ والی رات ہے۔ پھر شب قدر ، پھر شب معراج، پھر شب جمعہ پھر شب برات اور پھر شب عید۔

**نوٹ** :اس روایت سے کہیں یہ نہ سمجھا جائے کہ شب برات کا درجہ تو بہت کم ہو گیا۔ ایسا ہر گز نہیں ہے بلکہ ہم نے تمام بحث میں یہ ثابت کیا ہے کہ سال کی تمام فضیلت والی راتوں میں شب برات بھی شامل ہے لہذا اس روایت سے بھی یہی ثابت ہو رہا ہے۔ اور بہر حال شب میلاد کی عظمت تو اظہر من الشمس ہے۔

﴿73﴾

## شہداء کی ارواح کی شب برات میں در مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر حاضری

اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ الشُّهَدَآءَ اَحْيَآءٌ لَايَمُوْتُوْنَ .وَاِنَّمَا هِيَ نَقْلَةٌ مِنْ دَارٍ اِلٰى دَارٍ ـ وَاَنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ بِاَرْوَاحِ الشُّهَدَآءِ فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ لِتَزُوْرَ قَبْرَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم وَكَانَتْ تِلْكَ اللَّيْلَةُ لَيْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ۔

۔فتوح الشام (واقدیؒ) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 101۔

علامہ واقدی (متولد 130ھ ) (جو کہ مشہور محدث محمد بن سعد کے استاد تھے ) نے کہا: کیا تو نہیں جانتا کہ شہداء زندہ ہوتے ہیں وہ مرتے نہیں اور وہ بے شک ایک گھر سے دوسرے گھر کی طرف منتقل ہوتے ہیں۔ اور بے شک اللہ تعالیٰ

اس رات میں شہداء کی ارواح کو حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی قبرِ انور کی زیارت کے لئے بھیجتا ہے اور یہ رات نصف شعبان کی رات ہوتی ہے۔

﴿74﴾

## حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام اور شب برات

مَرَّ عِیسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ عَلٰی جَبَلٍ فَرَأٰی فِیْہِ صَخْرَۃً بَیْضَآءَ فَطَافَ بِھَا عِیسٰی وَتَعَجَّبَ مِنْھَا فَأَوْحٰی اِلَیْہِ أَتُرِیْدُ اَنْ اُبَیِّنَ لَکَ اَعْجَبَ مِمَّا رَأَیْتَ؟۔ قَالَ نَعَمْ ۔فَانْفَلَقَتِ الصَّخْرَۃُ عَنْ رَجُلٍ بِیَدِہٖ عُکَّازَۃٌ خَضْرَآءُ وَعِنْدَہٗ شَجَرَۃُ عِنَبٍ ۔فَقَالَ: ھٰذَا رِزْقِیْ کُلَّ یَوْمٍ ۔فَقَالَ:کَمْ تَعْبُدَ اللّٰہَ فِیْ ھٰذَالْحَجَرِ؟۔فَقَالَ: مُنْذُ اَرْبَعَۃِ مِائَۃِ سَنَۃٍ فَقَالَ عِیسٰی:یَا رَبِّ مَا اَظُنُّکَ خَلَقْتَ خَلْقاً اَفْضَلَ مِنْہُ ۔ فَقَالَ: مَنْ صَلّٰی لَیْلَۃَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ مِنْ اُمَّۃِ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم رَکْعَتَیْنِ فَھُوَ اَفْضَلُ مِنْ عِبَادَۃِ اَرْبَعَ مِائَۃِ عَامٍ ۔قَالَ عِیسٰی :لَیْتَنِیْ مِنْ اُمَّۃِ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم۔

۔نزہۃ المجالس جلد نمبر1 صفحہ نمبر 211۔

حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام ایک پہاڑ سے گذرے اس پر انہیں ایک سفید گنبد نظر آیا۔انہوں نے اسے ہر طرف سے گھوم کر دیکھا اور بہت ہی متعجب ہوئے ۔پس ان پر وحی نازل ہوئی کہ کیا آپ اس سے بھی حیران کن راز سے

Marfat.com

آگاہ ہونا چاہتے ہیں کہ جسے آپ پر آشکارا کر دیا جائے۔ انہوں نے عرض کیا: جی ہاں۔ چنانچہ وہ چٹان پھٹ گئی اس میں سے ایک آدمی سبز رنگ کا عصا لئے باہر آیا۔ اس کے پاس انگوروں کی ایک بیل لگی ہوئی تھی۔ اس نے عرض کیا کہ یہ میری روزانہ کی خوراک ہے۔ آپ نے فرمایا کہ تم اس پتھر میں کب سے عبادت کر رہے ہو؟۔ اس نے عرض کیا کہ چار سو سال سے عبادت کر رہا ہوں۔ چنانچہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کیا کہ یا اللہ میں خیال کرتا ہوں کہ اس سے بڑھ کر تیرے ہاں اور کوئی بھی فضیلت والا نہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت میں سے جو بھی نصف شعبان کی شب (شبِ برات) کو دو نفل ادا کر لے گا تو وہ دو نفل اس کے چار سو سال کی عبادت سے زیادہ افضل ہوں گے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کہنے لگے کہ کاش میں بھی امت مصطفیٰ میں سے ہوتا۔

﴿75﴾

## شب برات میں حضرت خضر علیہ السلام اور اولیاء اللہ کی ملاقات

عَنْ بُخَيْتِ بْنِ اَبِى الْبَسرِىِّ قَالَ : كَانَ وَالِدِىْ اَبُوْ عُبَيْدٍ فِى الْمَحْرِسِ الْغَرْبِىِّ بِعَكًّا ، فِىْ لَيْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ ، فِى الطَّاقَةِ الْغَرْبِيَّةِ مِنَ الرَّوَاقِ الْقِبْلِىِّ وَاَنَا فِى الرَّوَاقِ الشَّامِىِّ فِى الطَّاقَةِ اَنْظُرُ اِلَى الْبَحْرِ فَبَيْنَا اَنَا اَنْظُرُ اِذَا اَنَا بِشَخْصٍ يَمْشِىْ

Marfat.com

عَلَى الْمَآءِ ثُمَّ بَعْدَ الْمَآءِ مَشٰى عَلَى الْهَوَآءِ ، حَتّٰى جَآءَ اِلٰى وَالِدِیْ
اَبِیْ عُبَیْدٍ فَدَخَلَ مِنْ طَاقَتِهِ الَّتِیْ هُوَ فِیْهَا یَنْظُرُ اِلَى الْبَحْرِ ،
فَجَلَسَ مَعَهٗ مَلِیًّا یَتَحَادَثَانِ ثُمَّ قَامَ وَالِدِی فَوَدَّعَهٗ ، وَرَجَعَ
الرَّجُلُ مِنْ حَیْثُ جَآءَ یَمْشِیْ فِی الْهَوَاءِ،فَقُمْتُ اِلٰى وَالِدِیْ قُلْتُ لَهٗ:
یَااَبَتِ مَنْ هٰذَا الَّذِی كَانَ عِنْدَكَ یَمْشِیْ عَلَى الْمَآءِ ، ثُمَّ مِنْ بَعْدِ
الْمَاءِ عَلَى الْهَوَآءِ ؟۔ فَقَالَ یَا بُنَیَّ وَهَلْ رَأَیْتَهٗ ؟۔ قُلْتُ نَعَمْ ۔ قَالَ:
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ الَّذِی سَرَّنِیْ بِكَ وَبِنَظْرِكَ لَهٗ ، یَابُنَیَّ هٰذَا
اَبُو الْعَبَّاسِ الْخَضَرُ عَلَیْهِ السَّلَامُ ۔ نَحْنُ الْیَوْمَ فِی الدُّنْیَا سَبْعَةٌ ،
سِتَّةٌ یَجِیْئُوْنَ اِلٰى اَبِیْكَ وَاَبُوْكَ مَایَمْضِیْ اِلٰى وَاحِدٍ مِنْهُمْ ۔

۔ابن عساکر جلد نمبر 52 صفحہ نمبر 285۔

۔طبقات الاولیاء (ابن ملقن) حالات 245ھ۔

بخیت بن ابی عبید البسری رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ ایک مرتبہ شب برات میں میرے والد ابو عبید عکا کے مقام پر متعین ایک غربی محافظ دستہ میں سائبان کے اگلے حصہ میں تھے اور میں شامیوں کے مورچہ میں موجود تھا اس وقت میں سمندر کی طرف دیکھ رہا تھا جب ایک آدمی پانی پر چلتا ہوا آیا، پانی پر چلنے کے بعد وہ ہوا میں چلنے لگا یہاں تک کہ وہ میرے والد ابو عبید کے پاس آیا۔ پس وہ ۔۔۔پس وہ ان کے پاس بیٹھ گیا اور دونوں گفتگو کرنے لگے۔ پھر میرے والد نے انہیں الوداع کیا اور وہ آدمی واپس پلٹا اسی طرف جہاں سے آیا تھا ہوا میں

Marfat.com

چلتے ہوئے اسی طرف روانہ ہو گیا۔ پھر میں اپنے والد محترم کے پاس گیا اور انہیں عرض کیا کہ ابا جی یہ کون تھا جو آپ کے پاس پانی پر چلتے ہوئے آیا پھر ہوا میں چلنے لگا۔ انہوں نے کہا کیا تم نے انہیں دیکھا تھا؟۔ میں نے کہا: جی ابا جی۔ انہوں کہا تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں (اللہ تعالیٰ کا شکر ہے) جس نے مجھے تجھ سے اور تمہیں ان کی زیارت کی وجہ سے بھی مجھے خوشی دی۔ اے میرے بیٹے یہ ابو العباس حضرت سیدنا خضر علیہ السلام تھے۔ اے میرے بیٹے ہم دنیا میں سات (ابدال) ہیں۔ چھ تیرے باپ کے پاس آتے ہیں اور تیرا باپ ان میں سے ایک کے پاس نہیں جاتا ہے۔

﴿76﴾

## حضرت سیدنا عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کا واقعہ

اِنَّ عُمَرَ بْنَ عَبْدِالْعَزِیْزِ لَمَّا رَفَعَ رَأْسَهٗ مِنْ صَلَاتِهٖ لَیْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ وَجَدَ رُقْعَةً خَضْرَآءَ قَدْ اِتَّصَلَ نُوْرُهَا بِالسَّمَآءِ مَكْتُوْبٌ فِیْهَا هٰذِهٖ بَرَآءَةٌ مِنَ النَّارِ مِنَ الْمَلِكِ الْعَزِیْزِ لِعَبْدِیْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِالْعَزِیْزِ۔

۔تفسیر روح البیان سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نصف شعبان کی شب نفلوں سے فارغ ہوئے تو ایک سبز رنگ کا رقعہ پایا جس پر نور سے لکھا ہوا تھا یہ برات نامہ مالک کائنات عزیز کی طرف سے اس کے بندے عمر بن عبدالعزیز کے لئے ہے۔

Marfat.com

﴿77﴾

## شب برات اور حضرت عمر بن عبد العزیز رضی اللہ عنہ کا اپنے گورنر کو حکم

اِنَّ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِیْزِ رَحِمَهُ اللّٰهُ عَلَیْهِ کَتَبَ اِلَی الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةٍ وَهُوَ عَلَی الْبَصْرَةَ وَقِیْلَ اِلٰی عِدِی بْنِ اَرْطَاةٍ: عَلَیْكَ بِاَرْبَعَ لَیَالٍ فِی السَّنَةِ فَاِنَّ اللّٰهَ یَفْرُغُ فِیْهِنَّ الرَّحْمَةَ اَفْرَاغاً، وَهِیَ اَوَّلُ لَیْلَةٍ مِنْ رَجَبٍ، وَلَیْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ، وَلَیْلَةُ السَّابِعِ وَالْعِشْرِیْنَ مِنْ رَجَبٍ، وَلَیْلَةُ الْفِطْرِ۔

۔غنیۃ الطالبین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 327۔

۔التبصرۃ (ابن جوزی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 13۔(ابن جوزی نے صرف عدی بن ارطاۃ کا نام لکھا ہے

۔لطائف المعارف صفحہ نمبر 162۔(المجلس الثانی فی نصف من شعبان)۔

۔الترغیب والترہیب (اصبہانی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 393۔

۔فیض القدیر شرح الجامع الصغیر جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 454۔

حضرت سیدنا عمر بن عبد العزیز رضی اللہ عنہ نے بصرہ کے گورنر حجاج بن ارطاہ اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اِن کے بھائی عدی بن ارطاہ کو حکم لکھا: تجھ پر لازم ہے کہ سال میں (کم از کم) چار راتوں میں خصوصی طور پر عبادت کا اہتمام کرو کیوں کہ اللہ تعالیٰ ان راتوں میں وافر رحمت عطا فرماتا ہے۔ راتیں یہ ہیں: ماہِ رجب کی پہلی رات، نصف شعبان کی رات (شبِ برات)، ستائیس رجب (شبِ معراج) کی شب اور عید الفطر کی رات۔

Marfat.com

﴿78﴾

## محدثین کا حدیث کی کتب روایت کرنے کے لئے شب برات کا انتخاب

قَالَ اَبُو الْعَبَّاسِ الْاَصَمُّ فَرَغْنَا مِنْ سَمَاعِ كِتَابِ الشَّافِعِيِّ يَوْمَ الْاَرْبَعَاءِ لِلنِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ سَنَةَ سِتٍّ وَّسِتِّيْنَ وَمِائَتَيْنِ سَمِعْنَا مِنْ اَوَّلِهٖ اِلٰى آخِرِهٖ مِنَ الرَّبِيْعِ قِرَائَةً عَلَيْهِ۔

مسند امام شافعی صفحہ نمبر 375۔

حضرت ابو العباس اصم نے فرمایا کہ ہم بدھ کے دن 266ھ میں شب برات والے دن مسند امام شافعی کے سماع سے فارغ ہوئے۔ ہم نے حضرت ربیع (ابو محمد ربیع بن سلیمان المرادی) رضی اللہ عنہ (جو کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد خاص تھے) سے ابتداء سے لے کر انتہا تک مسند امام شافعی سنی بھی اور انہیں پڑھ کر سنائی بھی۔

﴿79﴾

## حضرت سیدنا حسن بصری رضی اللہ عنہ اور شب برات

اِنَّ الْحَسَنَ الْبَصْرِيَّ رَحِمَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ كَانَ يَخْرُجُ مِنْ دَارِهٖ يَوْمَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ ، وَكَاَنَّ وَجْهَهٗ قَدْ قُبِرَ وَدُفِنَ . ثُمَّ اُخْرِجَ مِنْ قَبْرِهٖ فَقِيْلَ لَهٗ فِيْ ذٰلِكَ . فَقَالَ : وَاللّٰهِ مَاالَّذِيْ اِنْكَسَرَتْ

Marfat.com

سَفِيۡنَتَهٗ بِاَعۡظَمِ مُصِيۡبَةٍ مِنِّىۡ - قِيۡلَ لَهٗ وَلِمَ ذٰلِكَ؟ - قَالَ: لِاَنِّىۡ مِنۡ ذُنُوۡبِىۡ عَلٰى يَقِيۡنٍ وَمِنۡ حَسَنَاتِىۡ عَلٰى وَجَلٍ ، فَلَا اَدۡرِىۡ اَتُقۡبَلُ مِنِّىۡ اَمۡ تُرَدُّ عَلَىَّ -

۔غنیۃ الطالبین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 348۔

حضرت سیدنا حسن بصری رضی اللہ عنہ شب برات میں اکثر اپنے گھر سے باہر نکلتے اور آپ کا چہرہ ایسا ہوتا گویا کہ قبر میں کسی کو دفن کر دیا گیا ہو وہ پھر اپنی قبر سے باہر آ جائے۔ لوگوں نے ان کے حال کا سبب پوچھا تو آپ نے کہا کہ اللہ کی قسم جس نے ان کی زندگی کی کشتی توڑ دی ہے میری مصیبت بہت زیادہ ہے۔ لوگوں نے اس کی وجہ پوچھی تو فرمایا کیوں کہ مجھے اپنے گناہوں پر یقین ہے اور نیکیوں کے متعلق شک اور میں نہیں جانتا کہ مجھ سے کچھ قبول کیا جائے گا یا رد کر دیا جائے گا۔

﴿80﴾

## شب برات کا ایک خاص واقعہ

علامہ ابن ضیاء اور علامہ شیخ اسماعیل حقی رحمہما اللہ علیہما شب برات کے برکتیں بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اس کی ایک برکت یہ بھی ہے کہ اِنَّهٗ يُكۡثَرُ فِىۡ لَيۡلَةِ النِّصۡفِ مِنۡ شَعۡبَانَ فِىۡ كُلِّ سَنَةٍ بِحَيۡثُ اَنَّ الۡبِئۡرَ يَغَصُّ بِالۡمَآءِ عَلٰى مَاقِيۡلَ لٰكِنۡ لَا يُشَاهِدُ هٰذَا اِلَّا الۡاَوۡلِيَآءُ وَمِمَّنۡ شَاهَدَ ذٰلِكَ الشَّيۡخُ الصَّالِحُ اَبُو الۡحَسَنِ عَلِىُّ الۡمَعۡرُوۡفُ بِكَرۡبَاجِ

Marfat.com

عَلٰی مَا نَقَلَهٗ بَعْضُهُمْ عَنِ الشَّیْخِ فَخْرِالدِّیْنِ النُّوْرِیِّ عَنْهُ۔

۔تاریخ مکۃ المکرمہ والمسجد الحرام جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 68۔

۔تفسیر روح البیان سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔

نصف شعبان کی رات (شب برات) میں سارے سال کی نسبت زیادہ رحمت ہوتی ہے۔اس کا ثبوت یہ ہے کہ اس رات میں (آب زمزم کے) کنویں کا پانی بہت زیادہ ہوجاتا ہے اس بات پر جو بتائی جاتی ہے۔لیکن اس بات کا مشاہدہ اولیائے کرام ہی کرتے۔اور مشاہدہ کرنے والوں میں سے بزرگ صالح حضرت ابوالحسن علی المعروف کرباج رضی اللہ عنہ ہیں۔اور یہ بات شیخ فخرالدین نوری رضی اللہ عنہ نے بیان کی ہے۔

﴿81﴾

## شب برات کا ایک اور خاص واقعہ

حَدَّثَنِی اَبُوْ مُحَمَّدٍ یَحْیَ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَیْمَانَ بْنِ فَهْدِ الْاَزْدِی الْمُوْصِلِیّ ، قَالَ :سَمِعْتُ اَبَالْقَاسِمِ السَّعْدِیّ یُحَدِّثُ اَبِیْ بِبَغْدَادَ، قَالَ: کُنْتُ وَاَنَا حَدَثُ السِّنِّ،مَشْغُوْفاً بِغُلَامٍ لِیْ شَغْفاً شَدِیْداً ،مُنْهَمِکاً مَعَهٗ فِی الْفَسَادِ ،فَکَانَ رُبَمَا هَجَرَنِیْ فَاَرْضَاهُ بِکُلِّ مَا اَقْدِرُ عَلَیْهِ حَتّٰی یَرْضٰی ۔ قَالَ وَاِنَّهٗ غَضِبَ عَلَیَّ مَرَّةً غَضَباً شَدِیْداً فَهَرَبَ وَاسْتَتَرَ عَنِّیْ خَبَرُهٗ فَلَحِقَنِیْ مِنَ الْحَیْرَةِ وَالْوَلَهِ ،مَا قَطَعَنِیْ عَنِ النَّظْرِ فِیْ اَمْرِیْ ، وَصَیَّرَنِیْ کَالْمَجْنُوْنِ

وَاجْتَهَدْتُ فِي صَرْفِ ذٰلِكَ عَنِّي فَمَا انْصَرَفَ وَحَضَرَ وَقْتُ خُرُوجِ النَّاسِ إِلَى الْحَائِرِ، عَلٰى سَاكِنِهٖ أَفْضَلُ الصَّلَاةِ وَالسَّلَامِ فَكَتَبْتُ رُقْعَةً أَسْأَلُ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ فِيهَا الْفَرَجَ مِمَّا أَنَا فِيهِ، وَأَتَوَسَّلُ إِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى بِالْحُسَيْنِ ابْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، وَدَفَعْتُهَا إِلٰى بَعْضِ مَنْ خَرَجَ، وَسَأَلْتُهٗ أَنْ يَدْفَعَهَا فِي نَاحِيَةٍ مِنَ الْقَبْرِ وَكَانَتْ لَيْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَفَزِعْتُ إِلَى اللّٰهِ فِي كَشْفِ مَابِيْ، وَتَفَرَّدْتُ بِالصَّلَاةِ وَالدُّعَاءِ، قِطْعَةً مِنَ اللَّيْلِ، ثُمَّ حَمَلَنِي النَّوْمُ فَرَأَيْتُ فِي مَنَامِي كَأَنِّي فِي مَقَابِرِ قُرَيْشٍ وَالنَّاسُ مُجْتَمِعُونَ فِيهَا، إِذْقِيلَ: قَدْ جَآءَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، وَفَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ لِلزِّيَارَةِ فَتَشَوَّفْتُ لِرُؤْيَتِهِمَا فَإِذَا بِالْحُسَيْنِ فِي صُورَةٍ كَهْلٍ حَسَنُ الْوَجْهِ بِدَارَعَةٍ وَعِمَامَةٍ وَخُفٍّ قَدْ أَقْبَلَ وَمَعَهٗ فَاطِمَةُ عَلَيْهَا السَّلَامُ مُنْتَقِبَةٌ بِنِقَابٍ أَبْيَضٍ وَمُلْحَفَةٌ بَيْضَاءُ. فَاعْتَرَضْتُ الْحُسَيْنَ وَقُلْتُ: يَاابْنَ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ كَتَبْتُ إِلَيْكَ رُقْعَةً فِي حَاجَةٍ لِي فَإِنْ رَأَيْتَ أَنْ تَعْمَلَ فِيهَا؟ . فَلَمْ يُجِبْنِي وَدَخَلَ إِلَى الْقُبَّةِ الَّتِي فِيهَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مُوسٰى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَدَخَلَتْ فَاطِمَةُ عَلَيْهَا السَّلَامُ مَعَهٗ وَكَأَنَّ قَوْماً قَدْ وَقَفُوا يَمْنَعُونَ النَّاسَ مِنَ الدُّخُولِ إِلَيْهَا فَلَمْ أَزَلْ أُكَابِسُ وَأَتَوَصَّلُ إِلٰى أَنْ دَخَلْتُ عَلَيْهِ الْخِطَابَ فَلَمْ يُجِبْنِي. فَقُلْتُ لِفَاطِمَةَ: يَاسَيِّدَةَ النِّسَاءِ

Marfat.com

اِنْ رَأَيْتِ اَنْ تَعْمَلَ فِىْ اَمْرِىْ۔فَقَالَتْ عَلٰى اَنْ تَتُوْبَ؟ فَقُلْتُ:نَعَمْ فَقَالَتْ اَللّٰهُ؟۔فَقُلْتُ :اَللّٰهُ۔فَكَرَّرَتْ ذٰلِكَ عَلَىَّ ثَلَاثاً ثُمَّ اَوْمَاَتْ اِلٰى جَمَاعَةٍ مِمَّنْ كَانُوْا قِيَاماً،فَقَالَتْ: خُذُوْهُ فَاَخَذُوْنِىْ وَنَزَعَتْ خَاتَماً مِنْ يَدِهَا فَدَفَعَتْهُ اِلَيْهِمْ وَخَاطَبَتْهُمْ لَا اَفْهَمُهُ، فَحَمَلُوْنِىْ حَتّٰى غِبْتُ عَنْ عَيْنِهَا وَاَضْجَعُوْنِىْ وَحَلُّوْا سَرَاوِيْلِىْ وَشَدُّوْا ذَكَرِىْ بِخَيْطِ حَبْلِىْ،وَوَضَعُوْا عَلَىَّ الشَّدَّ طِيْناً،وَخَتَمُوْهُ بِالْخَاتَمِ،فَوَرَدَ عَلَىَّ مِنَ الْاَلَمِ اَمْرٌ عَظِيْمٌ ، اَنْبَهَنِىْ فَانْتَبَهْتُ وَقَدْ اَثَرُ الْخَيْطِ فِى الْمَوْضِعِ،وَصَارَ اَثَرُ الْخَاتَمِ كَاَنَّهُ الْجُدَرِىُّ، مُسْتَدِيْراً حَوْلَ الْمَوْضِعِ ثُمَّ قَالَ لِاَبِىْ مُحَمَّدٍ: اِنْ شِئْتَ كَشَفْتُ لَكَ فَارَيْتُكَ؟۔ فَقَدْ اُرِيْتُهُ لِجَمَاعَةٍ۔ فَقَالَ: لَا اَسْتَحِلُّ النَّظَرَ ذٰلِكَ ۔ قَالَ السَّعْدِىُّ : فَاَصْبَحْتُ مِنْ غَدٍ وَمَا فِىْ قَلْبِىْ اَلْبَتَّةَ مِنَ الْغُلَامِ شَىْءٌ (طویل روایت)قَالَ:اَبُوْ مُحَمَّدٍ:وَكَانَ اَبُوْ عَلِيِّ الْقَارِى الضَّرِيْرُ، قَدْ سَمِعَ مَعِىْ هٰذَا الْخَبَرَ مِنَ السَّعْدِيِّ ، فَاَخْبَرَنِىْ مُدَّةً طَوِيْلَةً۔ وَحَلَفَ لِىْ عَلٰى ذٰلِكَ۔اَنَّهُ رَأٰى فَاطِمَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا فِى النَّوْمِ فَقُلْتُ لَهَا: يَا سَيِّدَتِىْ مَنَامُ السَّعْدِى الَّذِىْ حَكَاهُ صَحِيْحاً ؟۔ فَقَالَتْ نَعَمْ۔

۔الفرج بعد الشدۃ للتنوخی: الباب السادس: ابوالقاسم السعدی یریٰ مناما فیتوب عن فعل المنکر ۔

ابو محمد ۔یحیٰ بن محمد بن سلیمان بن فہد الازدی الموصلی نے کہا کہ میں نے ابوالقاسم السعدی سے سنا انہوں نے کہا کہ میرے والد نے مجھے بغداد میں بیان

Marfat.com

کیا کہ میں ابھی عنفوان شباب میں ہی تھا کہ مجھے ایک لڑکے کے ساتھ بہت ہی دلچسپی ہوگئی جو کہ فساد قلب تک پہنچ گئی۔ کبھی کبھار یوں بھی ہوتا کہ وہ لڑکا اگر روٹھ جاتا تو میں اس کو راضی کرنے کی بھرپور کوشش کرتا یہاں تک کہ وہ راضی ہو جاتا۔ کہنے لگے کہ ایک دفعہ وہ مجھ پر بہت سخت ناراض ہو کر کہیں چلا گیا یہاں تک کہ اس کا اتا پتہ بھی مجھے معلوم نہ ہوا، اور میں شدتِ غم سے پاگل پن کی آخری حد تک پہنچ گیا۔ اس کی اس مفقود الخبر ی نے مجھے پاگلوں جیسا کر دیا۔ میں نے اسے بھلانے کی بہت کوشش کی لیکن ایسا نہ ہوسکا۔ اور لوگوں کے افضل الصلاۃ والسلام کی زیارت گاہ کی طرف جانے کا وقت آ گیا، تو میں نے ایک رقعہ لکھا جس میں میں نے اللہ تعالیٰ سے جس مصیبت میں تھا اس سے چھٹکارا پانے کی التجا کی۔ اور میں نے اس میں حضرت سیدنا امام حسین ابن علی رضی اللہ عنہما کا وسیلہ بھی پیش کیا۔ زیارت گاہ کی طرف جانے والے ایک شخص کو وہ رقعہ دے دیا تاکہ وہ اسے قبر مبارک کے ایک کونہ میں ڈال دے۔

یہ رات ''شبِ برات'' تھی۔ میں اس رات میں اللہ تعالیٰ سے بہت گڑگڑایا۔ میں نے رات کا ایک حصہ نوافل اور دعا میں گذار دیا۔ پھر مجھے نیند نے آلیا۔ میں نے خواب دیکھا: گویا کہ میں قریش کے قبرستان میں ہوں۔ اور وہاں پر بہت سے لوگ جمع ہیں۔ اس دوران کہا گیا کہ حضرت سیدنا امام حسین ابن علی رضی اللہ عنہما اور حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا زیارت کے لئے تشریف لا رہے ہیں۔ مجھے ان دونوں کی زیارت کا بہت شوق پیدا ہوا چنانچہ

Marfat.com

حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی بزرگانہ صورت نظر آئی وہ انتہائی حسین صورت، زرہ پوش، عمامہ شریف باندھے ہوئے اور موزے پہنے تشریف لائے۔ ان کے ساتھ حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء سفید نقاب اور اور چادر میں لپٹی باپردہ تشریف لارہی تھیں۔ میں حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے عرض کیا کہ اے ابن رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم میں نے جو گزارش پیش کی تھی اس میں آپ نے غور فرمایا ہے؟۔ آپ نے مجھے جواب عنایت نہیں فرمایا۔ اور آپ حضرت سیدنا امام محمد بن علی بن موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ کے قبہ مُبارکہ میں داخل ہو گئے اور ان کے ساتھ ہی حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا داخل ہو گئیں۔ کچھ لوگ وہاں پر کھڑے تھے جو دوسرے لوگوں کو وہاں داخل نہیں ہونے دے رہے تھے۔ پس میں بہت زیادہ کوشش کرتا رہا یہاں تک کہ میں آپ کی خدمت میں پہنچ گیا جہاں سے میں بات کر سکتا تھا۔ چنانچہ میں نے دوبارہ فریاد پیش کی تو آپ نے مجھے پھر کوئی جواب نہ دیا۔ پھر میں نے حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کی خدمت میں عرض کیا کہ اے سیدۃ النساء اگر آپ مناسب سمجھتی ہیں تو کرم نوازی فرمادیں۔ حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا نے ارشاد فرمایا کہ کیا تم توبہ کرنا چاہتے ہو؟۔ میں نے عرض کیا جی ہاں۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ کی قسم؟۔ میں نے کہا اللہ کی قسم۔ آپ نے مجھ سے تین مرتبہ قسم لی۔ اس کے بعد آپ نے جو لوگ کھڑے تھے ان میں سے کچھ لوگوں کی طرف اشارہ کیا اور فرمایا کہ اسے پکڑ لو انہوں نے مجھے پکڑ لیا

Marfat.com

۔آپ نے اپنے ہاتھ سے انگوٹھی اتاری اور ان لوگوں کو دے دی اور ان کے ساتھ ایسی زبان میں گفتگو فرمائی جسے میں نہ سمجھ سکا۔ان لوگوں نے مجھے وہاں سے اٹھایا اور آپ کی نظروں سے مجھے اوجھل کر دیا۔انہوں نے مجھے چت لٹا کر ایک رسی سے مجھے بہت مضبوطی سے باندھ دیا اور اس کے اوپر گوندھی ہوئی مٹی لگا دی اور اس پر مہر لگا دی۔اس سے مجھے بہت سخت تکلیف ہونے لگی۔اتنی زیادہ تکلیف کہ میں نیند سے بیدار ہو گیا۔جب میں بیدار ہوا تو میں نے اس جگہ پر رسی کا نشان دیکھا اور گویا کہ مہر کا نشان گولائی کی شکل میں ابھرے ہوئے چیچک کے نشان جیسا ہو گیا۔پھر اس نے میرے باپ سے کہا کہ اگر تو چاہے تو میں تجھے وہ نشان دکھا دوں؟۔تو وہ نشان اس وقت کافی تعداد میں لوگوں نے دیکھا۔انہوں نے کہا کہ اس کے بعد میں نے اپنی نظر کو پھر برباد نہیں کیا۔سعدی نے کہا کہ اگلے دن میرے دل میں اس لڑکے کے بارے میں کوئی بھی خیال نہیں رہا (آگے طویل روایت)۔ابو محمد نے کہا کہ ابو علی قاری ضریر نے یہ واقعہ میرے ساتھ ہی سنا انہوں نے مجھے ایک عرصہ دراز کے بعد بتایا اور اس پر انہوں نے قسم بھی اٹھائی کہ ایک دفعہ انہیں شہزادیٔ کونین حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کی خواب میں زیارت کا شرف حاصل ہوا تو میں نے انہیں عرض کیا کہ اے میری سردار کیا یہ واقعہ صحیح ہے انہوں نے ارشاد فرمایا کہ ہاں یہ واقعہ درست ہے۔

نوٹ: ھذہ الواقعۃ علی رواۃ (برکاتی غفرلہ)

Marfat.com

﴿82﴾

## حضرت مالک بن دینار کی توبہ شب برات کا واقعہ

ایک شخص نے حضرت مالک بن دینار رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا کہ آپ نے دنیا چھوڑ کر راہِ مولا اختیار کی اس کا سبب کیا ہے؟۔انہوں نے فرمایا کہ میں ایک شرابی انسان تھا ہر وقت شراب کے نشہ مین دھت رہتا تھا۔اسی زمانہ میں ایک حسینہ و جمیلہ کنیز خریدی۔اس کنیز کے بطن سے ایک بچی پیدا ہوئی اس سے مجھے بے حد محبت ہوگئی۔وہ بیٹی ذرا بڑی ہو کر کھیلنے لگی تو اس کی محبت نے اور جڑ پکڑ لی۔پھر ایسا ہوتا کہ جب میں شراب لے کر بیٹھتا تو وہ آہستہ آہستہ میرے قریب آجاتی اور شراب کا پیالہ چھینتے ہوئے میرے کپڑوں پر گرادیتی۔وہ میری بیٹی جب دو سال کی ہوئی تو اچانک اس کا انتقال ہو گیا۔اس کی موت کے غم نے مجھے بدحال کر دیا۔شب برات آئی اس وقت جمعہ کی رات بھی تھی۔میں نے اس شب بھی شراب پی۔اور شراب کے نشہ میں کھو گیا۔عشاء کی نماز بھی نہ پڑھ سکا ۔خواب میں کیا دیکھتا ہوں کہ قیامت کا میدان ہے مردے قبروں سے نکل نکل کر آرہے ہیں انہی میں میں بھی ہوں مجھے اپنے پیچھے کسی چیز کی آہٹ محسوس ہوئی۔مڑ کر جو دیکھا تو پیچھے بہت بڑا کالا سانپ منہ کھولے میری ہی طرف دوڑا آرہا ہے۔مجھ پر خوف طاری ہو گیا اور میں بھاگنے لگا۔راہ میں مجھے ایک سفید پوش بزرگ ملا میں نے اس کی منت سماجت کی کہ مجھے اس مہلک سانپ سے

بچالو مگر اس نے معذرت کر لی کہ میں کمزور آدمی ہوں اور سانپ بہت زبردست ہے اس لئے میں تمہاری مدد نہیں کر سکتا مگر آگے جاؤ شاید اللہ تعالیٰ تمہاری نجات کا کوئی راستہ ظاہر فرمادے۔ میں وہاں سے آگے دوڑا اور ایک بلند ٹیلہ پر چڑھ گیا جہاں سے جہنم کی آگ، اس کے طبقات اور بھڑکتے شعلے صاف دکھائی دے رہے تھے۔ پیچھے آتے سانپ کے ڈر سے بھاگنے لگا کہ کہیں جہنم میں نہ گر پڑوں۔ اتنے میں غیب سے ایک آواز سنی پیچھے ہٹ جا تو دوزخی نہیں ہے۔ یہ سن کر مجھے قدرے اطمینان ہوا، میں وہاں سے پلٹا تو سانپ بھی میرے پیچھے پلٹ آیا ایک آواز سن کر میں اس بزرگ کے پاس گیا اور کہا کہ آپ نے میری اس سانپ سے بچنے میں مدد کیوں نہیں کی؟۔ ضعیف آدمی میری بات سن کر رونے لگا میں تو ضعیف و ناتواں ہوں مگر تم اس ٹیلے پر چڑھ جاؤ اس میں اہلِ ایمان کی امانتیں رکھی ہوئی ہیں اگر تمہاری بھی کوئی امانت ہوئی تو تمہیں بھی ضرور مل جائے گی۔ میں ادھر بھاگا وہ ایک گول پہاڑی تھی۔ اس کے اندر بہت سے دروازے تھے دروازوں پر ریشمی پردے لٹک رہے تھے۔ ہر دروازہ پر موتی اور یاقوت جڑے ہوئے سونے کے پٹ لگے ہوئے تھے۔ میں پہاڑی پر دوڑا تو وہ سانپ بھی میرے تعاقب میں آیا میں دروازہ پر پہنچا تو ایک فرشتہ نے پکار کر آواز دی: پردے اٹھادو، دروازے کھول دو۔ شاید اس بدحال کی یہاں امانت ہو جو اس کے دشمن سے اسے بچا سکے۔ دروازہ کھلتے ہی بہت سے چاند جیسے خوبصورت بچے میرے پاس آگئے۔ اتنے میں سانپ بھی میرے قریب آگیا۔ بچوں میں سے

Marfat.com

ایک نے چیخ مار کر کہا: سب کے سب جلدی پہنچو۔سانپ تو اس کے قریب آ گیا ۔اسی اثناء میں میری بیٹی بھی وہاں آ گئی۔اور رو کر بولی بخدا یہ تو میرے باپ ہیں۔یہ کہہ کر ایک نورانی جھولے میں بجلی کی سی سرعت کے ساتھ وہ میرے پاس آ پہنچی۔پھر اس نے اپنا بایاں ہاتھ میری دائیں جانب بڑھایا جسے میں نے پکڑ لیا ۔پھر اس نے اپنا دایاں ہاتھ سانپ کی طرف بڑھایا تو وہ پیچھے کو بھاگ نکلا۔اور پھر اس نے مجھے بٹھایا اور خود میری گود میں آ بیٹی اور میری ریش میں ہاتھ پھیرا اور بولی

اَلَمْ یَاْنِ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِکْرِ اللّٰهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ

ترجمہ: کیا وہ وقت نہیں آیا ایمان والوں کے لئے کہ ان کے دل جھک جائیں اللہ کی یاد اور اس حق کے لئے جو نازل ہوا۔

(حضرت مالک بن دینار کہتے ہیں کہ) میں یہ سن کر آبدیدہ ہو گیا۔میں نے پوچھا اے بیٹی کیا تم قرآن مجید بھی جانتی ہو؟۔بیٹی نے کہا کہ ہم لوگوں کو آپ سے زیادہ علم ہے حضرت مالک بن دینار نے کہا کہ یہ تو بتاؤ کہ وہ سانپ جو مجھے ڈرا رہا تھا یہ کیا مصیبت تھی ؟۔بیٹی نے بتایا کہ یہ آپ کا برا عمل تھا۔آپ نے اسے مضبوط بنایا تو وہ توانا اور مضبوط ہو گیا اور آپ کو جہنم میں لے جانا چاہتا تھا۔ حضرت مالک بن دینار نے پوچھا کہ یہ بزرگ کون تھے؟۔بیٹی نے بتایا کہ یہ آپ کا نیک عمل تھا جسے آپ نے اتنا کمزور کر دیا کہ آپ کے عملِ بد سے ٹکرانے

Marfat.com

کی اس میں ہمت نہ رہی۔ حضرت مالک بن دینار نے کہا کہ تم لوگ اس پہاڑی پر کیا کر رہے ہو؟۔ بیٹی نے جواب دیا کہ ہم سب مسلمانوں کی اولاد ہیں اور قیامت تک یہیں رہیں گی۔ ہم لوگوں کو آپ لوگوں کا انتظار ہے تاکہ ہم شفاعت کر سکیں۔ حضرت مالک بن دینار فرماتے ہیں کہ میری آنکھ کھلی تو میں حیران و پریشان تھا۔ مجھ پر خوف طاری تھا۔ صبح ہوئی تو جو سرمایہ میرے پاس تھا لوگوں کو دیدیا اور اللہ تعالیٰ کے حضور صدقِ دل سے توبہ کی۔ یہی واقعہ میری توبہ کا سبب ہوا

**نوٹ:** حضرت مالک بن دینار رضی اللہ عنہ نے صحابی رسول حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سمیت بہت سے صحابہ کرام رضوان اللہ علیھم اجمعین کی زیارت بھی کی ہے اور ان سے فیض بھی حاصل کیا۔

- کشف الخفاء جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 135۔
- الزہر الفاتح (ابن جوزیؒ) باب اقوال الصالحین فی التوبۃ۔
- الروض الریاحین (یافعیؒ) صفحہ نمبر 227۔
- الکبائر (ذہبی) باب الکبیرۃ التاسعۃ والاربعون۔ صفحہ نمبر 183۔
- التوابین (ابن قدامہ مقدسی) صفحہ نمبر 203۔
- الزواجر (ابن حجر مکی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 234۔
- تفسیر روح البیان سورۃ الحدید آیت نمبر 17 + سورۃ الملک آیت نمبر 30۔
- نزہۃ المجالس جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 211۔

Marfat.com

﴿83﴾

## حضرت سیدنا الشیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا شب برات کی حکمت بیان کرنا

حضرت سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ شب برات کی حکمت بیان کرتے ہوئے واضح کرتے ہیں

اِنَّ الْحِكْمَةَ فِیْ اَنَّ اللّٰه تَعَالٰی اَظْهَرَ لَيْلَةَ الْبَرَائَةِ وَاَخْفٰی لَيْلَةَ الْقَدْرِ لَيْلَةَ الرَّحْمَةِ وَالْغُفْرَانِ وَالْعِتْقِ مِنَ النِّيْرَانِ ، اَخْفَاهَا اللّٰه عَزَّ وَجَلَّ لِاَنْ لَا يَتَّكِلُوْا عَلَيْهَا وَاَظْهَرَ لَيْلَةَ الْبَرَائَةِ لِاَنَّهَا لَيْلَةُ الْحُكْمِ وَالْقَضَاءِ ، وَلَيْلَةُ السُّخْطِ وَالرِّضَا ، لَيْلَةُ الْقُبُوْلِ وَالرَّدِّ وَالْوُصُوْلِ وَالصَّدِّ. لَيْلَةُ السَّعَادَةِ وَالشَّقَاءِ وَالْكَرَامَةِ وَالنَّقَاءِ. فَوَاحِدٌ فِيْهَا يُسْعَدُ وَالْاٰخَرُ فِيْهَا يُبْعَدُ ، وَوَاحِدٌ يُجْزٰی وَوَاحِدٌ يُخْزٰی وَوَاحِدٌ يُكْرَمُ وَآخَرُ يُهْجَرُ. فَكَمْ مِنْ كَفَنٍ مَغْسُوْلٍ وَصَاحِبُهٗ فِی السُّوْقِ مَشْغُوْلٌ ، وَكَمْ مِنْ قَبْرٍ مَحْفُوْرٍ وَصَاحِبُهٗ بِالسُّرُوْرِ مَغْرُوْرٌ ، وَكَمْ مِنْ فَمٍ ضَاحِكٍ وَهُوَ عَنْ قَرِيْبٍ هَالِكٌ ، وَكَمْ مِنْ مَنْزِلٍ كَمُلَ بِنَائُهٗ وَصَاحِبُهٗ قَدْ اَزِفَ يَعْنِیْ قَرُبَ فَنَائُهٗ ، وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ يَرْجُو الثَّوَابَ فَيَبْدُو لَهُ الْعِقَابُ ، وَكَمْ مِنْ يَرْجُو الْبِشَارَةَ فَتَبْدُو لَهُ الْخَسَارَةُ ، وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ يَرْجُو الْجِنَانَ فَتَبْدُو

Marfat.com

لَهُ النِّيْرَانَ ، وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ يَرْجُو الْوَصْلَ فَيَبْدُو لَهُ الْفَصْلُ، وَكَمْ مِنْ يَرْجُو الْعَطَاءَ فَيَبْدُو لَهُ الْبَلَاءُ ، وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ يَرْجُو الْمُلْكَ فَيَبْدُو لَهُ الْهُلْكُ ۔

۔غنیۃ الطالبین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 348۔

شب برات کو ظاہر کر دیا گیا ہے اور شب قدر کو پوشیدہ رکھا گیا، بے شک اس میں حکمت یہ ہے کہ شب قدر رحمت وآمرزش اور دوزخ سے آزاد ہونے کی رات ہے۔ اس رات کو اللہ تعالیٰ نے چھپا دیا تا کہ سب لوگ اسی پر بھروسہ نہ کر بیٹھیں اور شب برات کو اس لئے ظاہر کر دیا وہ رات حکم کی رات ہے وہ قہر و رضا کی رات ہے اور قبول و رد کی رات ہے، نزدیکی و دوری کی رات ہے، سعادت وشقاوت، کرامت و پرہیز گاری کی رات ہے۔ ایک تو اس رات نیک بخت کیا جاتا ہے دوسرا مردود کیا جاتا ہے ایک جزا دیا جاتا ہے دوسرا خوار کیا جاتا ہے، ایک بزرگی دیا جاتا ہے دوسرا محروم کیا جاتا ہے، ایک مزدوری دیا جاتا ہے اور دوسرا دور پھینکا جاتا ہے۔ بہت سے لوگ جن کا کفن تیار ہے وہ بازار میں خرید وفروخت میں مصروف ہیں، بہت سے لوگ ہیں جن کی قبریں کھودی ہوئی موجود ہیں اور وہ خوشی وخرمی میں مشغول ومغرور ہیں۔ اور بہت منہ ہنسنے والے ہیں جو کہ عنقریب ہلاک ہونے والے ہیں اور بہت سے ایسے محل تیاری کے قریب ہیں جن کے صاحب فنا ہونے کے قریب ہیں اور بہت سے بندے ثواب کے امیدوار ہیں اور ان کے لئے عذاب ظاہر ہونے والا اور بہت سے بندے

Marfat.com

خوشخبری کے امیدوار ہیں اور انہیں نقصان پہنچنے والا ہے اور بہت سے ایسے لوگ جنت کے امیدوار ہیں جن کو دوزخ نصیب ہوتی ہے اور بہت سے بندے وصل کی امید رکھتے ہیں اور ان کے نصیب میں جدائی لکھ دی گئی ہے۔ اور بہت سے بندے بخشش کی امید رکھتے ہیں اور ان پر بلا نازل ہوتی ہے۔ اور بہت سے لوگ بادشاہت پانے کی امید رکھتے ہیں اور ان کو ہلاکت نصیب ہوتی ہے۔

﴿84﴾

## اے غافل غفلت چھوڑ دے

اَنْ نَقُوْمَ لَيْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ وَنَصُوْمَ نَهَارَهَا وَنَسْتَعِدَّ لَهَا بِالْجُوْعِ الشَّاقِ وَقِلَّةَ الْكَلَامِ وَالصَّمَةِ. فَاِنَّ مَنْ يَشْبَعُ لَيْلَتَهَا وَاَكْثَرَ اللَّغْوِ مِنَ الْكَلَامِ وَالْغَفْلَةِ عَنِ اللّٰهِ تَعَالٰى لَايَذُوْقُ لَمَّا فِيْهَا مِنَ الْخَيْرَاتِ طَعْماً وَلَوْ سَهَرَ فَهُوَ كَالْجَمَادِ لَايَحِسُّ شَيْئاً وَمَا حَثَّ الشَّارِعُ الْعَبْدَ عَلَى الْاِسْتِعْدَادِ لِحُضُوْرِ الْمَوَاكِبِ الْاِلٰهِيَّةِ اِلَّا لِيَشْعَرَ بِذٰلِكَ فَاِنَّهٗ خَيْرٌ كَبِيْرٌ فَعَلِمَ اَنَّهٗ يُحِبُّ عَلٰى كُلِّ مُؤْمِنٍ اَنْ يَتُوْبَ مِنْ جَمِيْعِ مَاوَرَدَ فِى الْحَدِيْثِ اَنَّهٗ يَمْنَعُ حَصُوْلَ الْمَغْفِرَةِ لِصَاحِبِهٖ لَيْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ قَبْلَ دَخُوْلِ لَيْلَةِ النِّصْفِ كَالْمُشَاحِنِ بِغَيْرِ عُذْرٍ شَرْعِيٍّ وَكَاَخْذِ الْعُشُوْرِ مِنَ الْمَكْسِ وَكَالْعَقُوْقِ لِلْوَالِدَيْنِ وَنَحْوِ ذٰلِكَ فَيَجِبُ السَّعْىُ فِى اِزَالَةِ مَاعِنْدَنَا

Marfat.com

مِنَ الشُّحْنَاءِ وَمَا عِنْدَ غَيْرِنَا مِنْهَا فِي حَقِّنَا وَلَوْ بِإِرْسَالِ كَلَامٍ طَيِّبٍ اَوْ مَدْحٍ بَيْنَ الْاَقْرَانِ وَنَحْوِ ذٰلِكَ كَاِهْدَاءِ هَدْيَةٍ وَبَذْلِ مَالٍ لِنَنَالَ الرَّحْمَةَ وَالْمَغْفِرَةَ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى فِي تِلْكَ اللَّيْلَةِ وَلَا نَتَهَاوَنُ بِالْمُبَادَرَةِ فِي اِزَالَةِ الشُّحْنَآءِ اِلٰى لَيْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَرُبَمَا يَتَعَسَّرُ عَلَيْنَا اِزَالَةُ مَاعِنْدَنَا اَوْعِنْدَ الْمُشَاحِنِ لَنَا مِنَ الْحِقْدِ الْكَبِيْنِ فَتَفُوْتُنَا الْمَغْفِرَةُ تِلْكَ اللَّيْلَةَ۔ وَبِالْجُمْلَةِ فَيَحْتَاجُ مَنْ يُرِيْدُ الْعَمَلَ بِهٰذَا الْعَهْدِ اِلَى السُّلُوْكِ عَلٰى يَدِ شَيْخٍ لِيُخْرِجَهُ مِنْ مَحَبَّةِ الدُّنْيَا وَاِغْرَاضِهَا وَمُنَاصِبِهَا وَطَلَبَ الْمُقَامِ عِنْدَ اَهْلِهَا وَمَنْ لَّمْ يَسْلُكْ كَذٰلِكَ فَمَنْ لَازَمَهُ غَالِباً الشُّحْنَاءَ بِوَاسِطَةِ الدُّنْيَا اَمَّا لِكَوْنِهٖ يَخُوْفُ عَلَى النَّاسِ اَوْ هُم يَخُوْفُوْنَ عَلَيْهِ وَلِذٰلِكَ قُلِ الْعَامِلُوْنَ بِهٰذَا الْعَهْدِ حَتّٰى مِنَ الْعُلَمَاءِ وَمُشَاحِنُ الزَّوَايَا فَتَرَاهُمْ تَدْخُلُ عَلَيْهِمْ لَيْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ وَاَحَدُهُمْ مُشَاحِنٌ اَخَاهُ وَلَا يُبَالِيْ بِمَا يَفُوْتُهُ مِنَ الْمَغْفِرَةِ الْعَظِيْمَةِ۔

۔لواقح الانوار القدسیہ فی العھود المحمدیہ صفحہ نمبر 82۔

یہ کہ ہم شب برات میں قیام کریں اور اس کے دن میں روزہ رکھیں اور ہم شب برات میں تیاری کریں قابل برداشت بھوک کے ساتھ، تھوڑے کلام اور خاموشی کے ساتھ۔ کیوں کہ جو شخص اس رات میں پیٹ بھرا ہوا ہو، کثرت سے بیہودہ گفتگو کرنے والا ہو اور اللہ تعالیٰ کی ذات سے غافل ہو تو وہ اس رات کی

حسنات وخیرات کا ذائقہ نہیں پا سکتا اور اگر وہ جاگے گا بھی تو وہ بے جان پتھروں کی طرح ہی ہوگا جو کہ کچھ بھی محسوس نہیں کرتے اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے بندے میں روحانی اجتماعات میں شرکت کرنے کی استعداد ابھاری تاکہ وہ روحانیت کو محسوس کر سکے۔ پس اسے خیر ہی نصیب ہوتی ہے۔ چنانچہ جو کچھ احادیث میں بیان ہوا ہے اس سے ہی معلوم ہوتا ہے کہ ہر مومن پر ضروری ہے کہ وہ ایسے تمام معاملات سے شب برات کے داخل ہونے سے پہلے توبہ کر لے جو انسان کی مغفرت میں رکاوٹ بن جاتے ہیں۔ جیسا کہ بغیر شرعی عذر کے چغل خوری کرنا جیسا کہ بغیر وجہ کے عشور کو ٹیکس بنا لینا جیسا کہ والدین کی نافرمانی اور اس جیسے گناہ۔ ہمارے نزدیک اور ہمارے علاوہ دیگر لوگوں کے نزدیک بھی چغل خوری وغیرہ سے توبہ کرنی ضروری ہے اگرچہ اچھے کلمات یا مدح وغیرہ کے ذریعے ہو۔ اور اس جیسی دیگر کاوشوں کے ذریعے ہو جیسا کہ تحائف بھیج کر، یا مال خرچ کر کے ہو جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ سے اس رات مغفرت طلب کی جا سکے اور ہم شب برات میں چغل خوری کے ازالہ کو کسی بھی طرح حقیر نہ سمجھیں۔ کبھی کبھی یوں بھی ہو سکتا ہے کہ اس کے ازالہ کے لئے ہم پر تنگی ہو یا پوشیدہ کینہ پرور ی سے ہماری چغل خوری کرنے والا ہو، اسی بناء پر اس رات ہماری مغفرت نہیں ہو پاتی۔ المختصر ضرورت اس امر کی ہے، ہم اس معاملہ اپنے شیخ کے ہاتھوں پر تائب ہوں تاکہ وہ ہمارے دل سے دنیا کی محبت اس کی ضرورتیں اور اس کی جاہ و حشمت اور اہل دنیا کے نزدیک مرتبہ طلبی نکال دیں۔ اور جو کوئی اس راستہ پر اس

طرح نہ چل سکا اور اسی طرح جس نے دنیا کے واسطے چغل خوری کو لازم رکھا تو یا تو وہ دنیا کے کنارے پر ہو جائے گا یا دنیا خود اسے کنارے پر کر دے گی (یعنی یا تو وہ خود ہی دنیا کے لئے بے کار ہو جائے گا یا دنیا اسے بے کار کر دے گی) اس لئے اے بھائی تو دنیا میں عمل کرنے والوں سے یہ کہہ دے حتی کہ علماء اور بکھرے ہوئے مشائخ کو بھی۔ وگرنہ تم دیکھو گے کہ ان سب پر شب برات آتی بھی ہے اور ان میں سے کوئی ایک اپنے بھائی کی چغل خوری بھی کرتا ہے اور وہ اس بات کی پرواہ بھی نہیں کرتا کہ وہ کتنی بڑی مغفرت ضائع کر چکا ہے۔

﴿85﴾

## اللہ والوں کو شب برات میں اپنی موت کا فیصلہ اور اپنی جائے تدفین کا علم ہو جانا

وَسَمِعْتُ اَخِیْ اَفْضَلُ الدِّیْنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ عَلَیْهِ مَوْضَعُ طِیْنِیْ الَّتِیْ عُجِنَتْ مَعَ طِیْنَةِ اَبِیْ آدَمَ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَلَمْ تَزَلْ رُوْحِیْ تُشَاهِدُ ذٰلِكَ الْمَكَانَ اِلٰی وَقْتِیْ هٰذَا۔ فَقُلْتُ لَهٗ سَاَلْتُكَ بِاللّٰهِ اَنْ تُعْلِمَنِیْ بِمَحَلِّهَا۔ فَقَالَ عَلٰی یَمِیْنِ مَنْزِلِ الْحَاجِّ بِبَدْرٍ قَرِیْباً مِنْ مَسْجِدِ الْغَمَامِ۔ فَلَمَّا حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ سَافَرَ اِلٰی هُنَاكَ فَدُفِنَ بِهَا فَكَانَ الْاَمْرُ كَمَا قَالَ۔ وَاَخْبَرَتْنِیْ وَالِدَتُهٗ اِنَّهٗ قَالَ لَهَا لَیْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ تِلْكَ السَّنَةِ الَّتِیْ مَاتَ فِیْهَا: اِنَّ وَرَقَتِیْ اللَّیْلَةَ نَزَلَتْ

Marfat.com

بَمَوْتِیْ وَدَفْنِیْ فِیْ بَدْرٍ۔ قَالَتْ: فَقُلْتُ: اِنَّ وَلَدِیْ مَیِّتٌ تِلْكَ السَّنَةَ لِاَنِّیْ مَاعَهِدْتُ عَلَیْهِ قَطُّ كَذِباً۔ فَسَافَرَ تِلْكَ السَّنَةَ اِلٰی مَكَّةَ وَهُوَ مَرِیْضٌ فَصَارَ النَّاسُ یَقُوْلُوْنَ لَهٗ: حَجٌّ مِثْلُكَ لَایَجِبُ وَلَایَسْتَحِبُّ بِالْاِجْمَاعِ۔ فَیَقُوْلُ: مَا اَنَا مُسَافِرٌ لِلْحَجِّ وَاِنَّمَا اُسَافِرُ لِقَبْرِیْ فَمَرِضَ فِی الذَّهَابِ۔ وَمَاتَ قَبْلَ بَدْرٍ بِمَرْحَلَةٍ فَحُمِلَ اِلٰی بَدْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فَمِثْلُ هٰذَا هُوَالَّذِیْ یُوْصِیْ بِالدَّفْنِ بِمَكَانٍ مُعَیَّنٍ۔

۔لواقح الانوار القدسیہ فی العھو دالمحمد یہ (عبدالوھاب بن احمد شعرانی) صفحہ نمبر 240۔

(عبدالوھاب بن احمد شعرانی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ) میں نے اپنے پیر بھائی افضل الدین رحمۃ اللہ علیہ سے سنا، وہ فرماتے ہیں: میں اپنی مٹی کی جگہ جانتا ہوں وہ مٹی جو میرے باپ حضرت آدم علیہ السلام کی مٹی کے ساتھ گوندھی گئی تھی اور میری روح اب بھی اس جگہ کا مشاہدہ کررہی ہے۔ میں نے ان سے کہا کہ میں آپ سے اللہ تعالیٰ کے واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ آپ مجھے اس جگہ کے بارے میں بتادیں ۔انہوں نے کہا کہ وہ جگہ حاجیوں کی جائے قیام "بدر" کے دائیں طرف مسجد غمام کے قریب ہے۔ چنانچہ جب ان کی وفات کا وقت قریب آیا تو انہوں نے وہاں کا سفر کیا اور وہیں دفن کیے گئے اور یہ معاملہ اسی طرح ہی ہوا جس طرح انہوں نے کہا تھا۔ مجھے ان کی والدہ نے ان کے وصال کے بعد بتایا کہ جس سال ان کا وصال ہوا تھا اس سال انہوں نے مجھے کہا تھا کہ اس شب برات میں میری موت کا اور میرے بدر میں دفن

Marfat.com

ہونے کا پروانہ جاری ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے کہا کہ میرا بیٹا اس سال فوت ہو جائے گا کیوں کہ میں نے اپنے بیٹے کو کبھی بھی جھوٹا نہیں پایا۔ چنانچہ انہوں نے اس سال مکہ کی طرف سفر کیا جب کہ وہ بیمار تھے۔ لوگوں نے کہا اس بات پر اجماع ہے کہ تجھ جیسے بیمار شخص پر حج فرض نہیں ہے اور نہ ہی حج مستحب ہے۔ انہوں نے کہا میں حج کے لئے سفر نہیں کر رہا بلکہ میں تو اپنی قبر کے لئے سفر کر رہا ہوں چنانچہ اس سفر کے دوران ان کی بیماری شدید ہو گئی۔ اور وہ بدر سے پہلے ہی فوت ہو گئے چنانچہ انہیں اٹھا کر بدر منتقل کیا گیا اور وہی ہوا۔ اس طرح وہ اسی مخصوص جگہ میں ہی دفن ہوئے جس جگہ کی انہوں نے وصیت کی تھی۔

﴿86﴾

## شب برات میں اللہ والوں کی نصیحت

فَقُمْ لَيْلَةَ النِّصْفِ الشَّرِيْفِ مُصَلِّياً ۔۔۔ فَاَشْرَفُ هٰذَا الشَّهْرَ لَيْلَةَ نِصْفِهٖ
فَكَمْ مِنْ فَتًى قَدْ بَاتَ فِي النِّصْفِ غَافِلًا ۔۔۔ وَقَدْ نُسِخَتْ فِيْهِ صَحِيْفَةٌ حَتْفُهٗ
فَبَادِرْ بِفِعْلِ الْخَيْرِ قَبْلَ اِنْقِضَائِهٖ ۔۔۔ وَحَاذِرْ هُجُوْمَ الْمَوْتِ فِيْهِ بِصَرْفِهٖ
وَصُمْ يَوْمَهَا لِلّٰهِ وَاَحْسِنْ رَجَائَهٗ ۔۔۔ لِتَظْفُرُ عِنْدَ الْكَرْبِ مِنْهُ بِلُطْفِهٖ

۔فضائل الاشہر تلخیص لطائف المعارف باب وظائف شہر شعبان۔

۔لطائف المعارف وظائف شہر شعبان باب المجلس الثانی فی نصف شعبان۔

تو کھڑا ہو شب برات میں نفل پڑھتا ہوا اور اس ماہ مبارک کی شب برات کی عزت کر

Marfat.com

کتنے ہی نوجوان ایسے ہیں جو اس رات کو غفلت میں گذارتے ہیں جب کہ ان کی زندگی کی کتاب بند کردی گئی ہے۔

زندگی کی مدت پوری ہونے سے پہلے نیکی کے کام کرلے اور موت کے اچانک آنے کے اثرات سے خود کو بچا۔

اللہ تعالیٰ کی رضاء کے لئے شب برات کے دن کا روزہ رکھ اور اللہ تعالیٰ سے اچھی امید وابستہ رکھ تا کہ تو اللہ تعالیٰ کے لطف وکرم سے قیامت کی مصیبتوں میں کامیاب ہوسکے۔

﴿87﴾

## شب برات میں فی سبیل اللہ خرچ کرنا

محمد بن علی بن خلف کے بارے میں حافظ ابن کثیر نے لکھا ہے کہ:

كَانَ كَرِيماً جَوَّادٌ كَثِيْرُ الصَّدَقَةِ كَسٰى فِيْ يَوْمٍ وَّاحِدٍ اَلْفَ فَقِيْرٍ وَكَانَ كَثِيْرُ الصَّلوٰةِ وَهُوَ اَوَّلُ مَنْ فَرَقَ الْحَلَاوَةَ لَيْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ۔

محمد بن علی بن خلف بہت سخی تھے اور کثرت سے صدقہ کرتے تھے ایک ہی دن میں ایک ہزار فقیروں کو انہوں نے کپڑوں کے جوڑے پہنا دیئے۔ وہ کثرت سے نوافل پڑھنے والے تھے۔ اور انہوں نے اولین طور پر شب برات کی حلاوت کو واضح کیا۔

۔البدایہ والنہایہ جلد نمبر 12 صفحہ نمبر 5 (مطبوعہ: مکتبۃ المعارف بیروت)۔

Marfat.com

﴿88﴾

## بنو فاطمہ کا عہد حکومت اور لوگوں کا شب برات میں مساجد میں چراغاں کرنے میں باہم مقابلہ کرنا

سن 402ھ میں بنی فاطمہ کے دور حکومت کے واقعات کا ذکر کرتے ہوئے علامہ مقریزی نے واضح کیا ہے کہ فاطمی حکمرانوں خصوصاً ابو علی منصور الحکم بامر اللہ کے عہد حکومت میں شب برات میں عوامی جوش و جذبہ سے مساجد کی آرائش وزیبائش کا اہتمام کیا جاتا تھا:

وَفِیْ لَیْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ کَثُرَ اِیْقَادُ الْقَنَادِیْلِ فِی الْمَسَاجِدِ وَتَنَافَسَ النَّاسُ فِیْ ذٰلِكَ۔

۔اتعاظ الحنفاء باخبار الائمۃ الفاطمیین الخلفاء (مقریزی) سنۃ اثنتین واربع مائۃ۔

شب برات کے موقع پر مسجدوں میں قندیلیں (لائٹنگ) جلانے کی بہت زیادہ کثرت کی جاتی تھی اور لوگ مسجدوں میں شب برات میں روشنی کرنے میں ایک دوسرے سے باہم مقابلہ کرتے تھے۔

﴿89﴾

## مصر میں حکومتی سطح پر شب برات کا اہتمام

وَکَانَتِ الْقُضَاةُ تَرْکَبُ فِی النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ لِتَفَقُّدَ الْجَوَامِعَ وَالْمَسَاجِدَ لِمَا یَحْتَاجُ اِلَیْهِ مِنَ الْاِصْلَاحِ۔ وَکَانَ الْکُبَرَاءُ الدَّوْلَةُ

يَبْذُلُوْنَ فِىْ ذٰلِكَ عَلٰى سَبِيْلِ الْمُسَاعَدَةِ لِابْتِغَاءِ الثَّوَابِ، فَيَحْصُلُ الْقَاضِىُّ مِنْ ذٰلِكَ مِقْدَارٍ جَيِّدٍ، فَرَكِبَ الْقَاضِىُّ فِىْ نِصْفِ مِنْ شَعْبَانَ وَرَجَعَ فَمَا اَتَتْ بَعْدَ ذٰلِكَ عَلَا دُوْنَ السَّنَةِ۔

۔رفع الاصر عن قضاۃ المصر جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 192۔

قاضی ایسی مساجد کی تلاش میں نکل کھڑے ہوتے جن کی اصلاح اور درستگی ضرورت ہوتی۔ اور مالدار لوگ حصولِ ثواب کے لئے ان کے ساتھ تعاون کرتے ہوئے اپنی دولت خرچ کرتے۔ اس سلسلہ میں (چیف) قاضی کافی مقدار میں فنڈ حاصل کر لیتا پس قاضی شب برات میں سوار ہوتا ہے اور جب وہ واپس پلٹتا ہے تو اس کے بعد سال بھر میں کوئی بھی رات ویسی تعمیر و ترقی والی نہیں آتی۔

﴿90﴾

## اُندلس (سپین) اور شب برات

منصور حصول علم کے بعد اپنی حکومت کے ایام خلافت امانات اور فیصلوں میں انتہائی ذہین، سمجھدار، بہادر اور معاملات میں انتہائی محتاط تھا۔

ثُمَّ مَلَكَ الْاَنْدُلُسَ بِوِلَايَةِ الْحَجَابَةِ لِهِشَامٍ، وَذٰلِكَ فِى النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ سَنَةَ ٣٦٦ھ۔ فَاسْتَوْلٰى عَلٰى كَثِيْرٍ مِنَ الْاَمْصَارِ وَصَارَ خَبَرُهُ اَطْيَبَ الْاَخْبَارِ۔

۔تاریخ قضاۃ الاندلس صفحہ نمبر 47۔

پھر وہ منصور ہشام کے بعد اندلس پر حکمران مقرر ہوا اور اس کے تقرر کی

Marfat.com

تاریخ نصف شعبان (شب برات) 366ھ تھی۔ وہ بہت سے شہروں کا والی بنا۔ اوراس کے بارے میں بہت ہی اچھی خبریں ہیں۔

﴿91﴾

## شب برات پر حضرت سیدنا ھود علیہ السلام کی قبر مبارک کی زیارت

وَلَا يَزَالُ اَهْلُ حَضْرَمَوْتَ يَزُوْرُوْنَ قَبْرَهٗ اِلَى الْيَوْمِ، مِنْ كُلِّ سَنَةٍ، وَكَانَ سَابِقُوْنَ يَرَوْنَ كَمَالَ الزِّيَارَةِ بِالْحُضُوْرِ لَيْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ۔

-الاعلام للزرکلی جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 102۔

اہل حضر موت آج تک (مصنف کے زمانہ تک) ہر سال حضرت سیدنا ھود علیہ السلام کی قبر مبارک کی زیارت کرتے رہے ہیں اور اسلاف شب برات کی آمد پر قبر مبارک پر حاضری کو کمال زیارت سمجھتے ہیں۔

﴿92﴾

## مشہور مفکر ابن الھیثم کی اولاد اور شب برات

وَكَانَ ابْنُ رِضْوَانٍ يَكْتُبُ خَطًّا مُتَوَسِّطًا مِنْ خُطُوْطِ الْحُكَمَاءِ جَالِسًا مُبِيْنُ الْحُرُوْفِ رَأَيْتُ بِخَطِّهٖ مقالَةَ الْحَسَنِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ الْهَيْثَمِ فِيْ ضَوْءِ الْقَمَرِ قَدْ شَكَّلَهٗ تَشْكِيْلًا حَسَنًا صَحِيْحًا يَدُلُّ عَلٰى شَجَرِهٖ فِيْ هٰذَا الشَّأْنِ وَكَتَبَ فِيْ آخِرِهٖ وَكَتَبَهٗ

Marfat.com

عَلِیُّ بْنُ رِضْوَانِ بْنِ جَعْفَرِ الطَّبِیْبِ لِنَفْسِهٖ وَکَانَ الْفَرَاغُ مِنْهَا فِی الْیَوْمِ الْجُمُعَةِ النِّصفِ مِنْ شَعْبَانَ سَنَة ٤٢٢ لِلْهِجْرَةِ النَّبَوِیَّةِ۔

۔اخبار العلماء باخبار الحکماء (محمد قطہ العدوی القفطی 646ھ) صفحہ نمبر 190۔

علامہ ابن رضوان حکمائے جالس کی طرز پر جلی حروف میں خط متوسط میں لکھا کرتے تھے۔ میں (محمد قطہ العدوی القفطی) نے حسن بن حسن بن ہیثم کا مقالہ چاند کی روشنی میں علامہ ابن رضوان کی تحریر میں دیکھا۔ انہوں نے اسے انتہائی خوبصورت شکل میں تحریر کیا تھا۔ جو کہ تحریر کے معاملہ میں ان کے ید طولیٰ کو ظاہر کر رہا تھا۔ اس تحریر کے اختتام پر یہ لکھا تھا: کَتَبَهٗ عَلِیُّ بْنُ رِضْوَانِ بْنِ جَعْفَرِ الطَّبِیْبِ لِنَفْسِهٖ اور اس تحریر سے فارغ ہونے کا وقت بروز جمعہ شب برات والا دن 422ھ ہے۔

﴿93﴾

## شب برات اور محفل مشاعرہ

اَحْمَدُ بْنُ اَبِی الْحَسَنِ النَّطُوْبَسِیّ قَرَأْتُ فِیْ کِتَابِ الْعَقْدِ الْمَنْظُوْمِ اَنْشَدَنِیْ لِنَفْسِهٖ لَیْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ سَنَةَ 726ھ وَنَحْنُ بِمَنْشِیَةِ مُرْشِدٍ عِدَّةَ اَشْعَارٍ جَیِّدَةٍ۔

۔الدرر الکامنہ جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 38۔

احمد بن ابوالحسن نطوبسی کے بارے میں مَیں نے کتاب العقد المنظوم میں پڑھا کہ انہوں نے خود اپنے بارے میں شب برات 726ھ میں ہمیں بہت سے عمدہ اشعار سنائے۔

Marfat.com

﴿94﴾

## خواب میں شب برات دیکھنی

مَنْ رَاٰی اللَّیْلَ فِیْ مَنَامِہٖ اَوْ رَاٰی نَفْسَہٗ فِیْ لَیْلَۃٍ عَلٰی حَالَۃٍ مُلْهِیَۃٍ فَاِنَّ ذٰلِكَ دَالٌّ عَلٰی زَوَالِ النِّعَمِ وَدُهُوْمُ الْحَوَادِثِ وَرُؤْیَۃِ اللَّیَالِی الْمُشْرِفَۃِ کَلَیْلَۃِ الْقَدْرِ فِیْ مَنَامٍ بَشَارَۃٍ بِکُلِّ خَیْرٍ وَاِنْ کَانَ یَطْلُبُ نَزًا ظَفَرَہٗ بِہٖ وَکَذٰلِكَ رُؤْیَۃُ لَیْلَۃِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ وَلَیْلَۃِ الْاِسْرَاءِ وَلَیْلَۃِ الْجُمُعَۃِ۔

۔تعطیر الانام فی تفسیر الاحلام (عبدالغنی نابلسی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 212۔

جس نے اپنے خواب میں رات دیکھی یا خود کو رات میں کھیل کود میں دیکھا تو یہ اس کی نعمتوں کے زوال اور بہت سے حوادثات کی نشانی ہے اور جس نے بابرکت راتوں کو خواب میں دیکھا جیسا کہ شب قدر ہے تو یہ خیر ہی خیر۔ ہے اور اگر اس نے خواب میں قوم پر غلبہ چاہا تو اسے حاصل ہوگا۔ ایسے ہی خواب میں شب برات دیکھی، شب معراج یا شب جمعہ دیکھی تو بھی اس کی حاجت پوری ہوگی

﴿95﴾

## کبار ائمہ کا شب برات میں اپنی ولادت کا فخریہ ذکر کرنا

### حضرت سیدنا سفیان بن عیینہ کی ولادت

کبار ائمہ کرام میں سے اگر کسی کی زندگی میں ذاتی طور پر شب برات کا

Marfat.com

کوئی بھی عمل دخل ہوتا تو وہ اسے لوگوں کے سامنے فخریہ طور پر بتلاتے کہ میری زندگی میں شب برات کا یہ خصوصی تعلق یا عمل دخل ہے جیسا کہ جلیل القدر امام حضرت سیدنا سفیان بن عیینہ رضی اللہ عنہ فخریہ طور پر لوگوں کو بتلایا کرتے تھے کہ:

وُلِدتُّ فِی النِّصفِ مِنْ شَعْبَانَ سَنَةَ سَبعٍ وَمِائَةٍ:

ترجمہ:۔ میں شب برات ایک سو سات ہجری میں پیدا ہوا۔

۔المعرفۃ والتاریخ ازفسوی جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 187۔

**نوٹ:** حضرت سفیان بن عیینہ رضی اللہ عنہ مشہور ائمہ کرام جیسا کہ حضرت امام شافعی، عبداللہ بن مبارک، عبدالرزاق بن ھمام، اعمش، ابوبکر ابن ابی شیبہ کے استاذ محترم اور امام بخاری اور امام مسلم امام ترمذی رحمھم اللہ علیہم جیسے ائمہ کرام کے دادا استاذ تھے۔ نیز اسی سلسلہ میں آگے کچھ محدثین کی ولادت کے بارے میں بھی بیان آئے گا۔ ان شاء اللہ العزیز

﴿96﴾

## حضرت سیدنا لیث بن سعد کا انتقال اور شب برات

اسی طرح حضرت سیدنا لیث بن سعد رضی اللہ عنہ کا انتقال بھی شب برات والے دن میں ہوا جیسا کہ روایت میں ہے کہ

وُلِدَ اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ سَنَةَ أَرْبَعٍ وَتِسْعِيْنَ وَتَوَفّٰى يَوْمَ النِّصفِ مِنْ شَعْبَانَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ سَنَةَ خَمْسٍ وَسَبْعِيْنَ مِائَةٍ۔

۔المعرفۃ والتاریخ ازفسوی جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 444۔

Marfat.com

حضرت سیدنا لیث بن سعد رضی اللہ عنہ سنہ چورانوے ہجری میں پیدا ہوئے اور سنہ ایک سو پچھتر ہجری میں شب برات والے دن بروز جمعۃ المبارک آپ کا اس جہانِ فانی سے وصال ہوا۔ نیز اسی سلسلہ میں آگے کچھ محدثین کی وفات کے بارے میں بھی بیان آئے گا۔ ان شاء اللہ العزیز

﴿97﴾

## تاریخی یونیورسٹی جامعۃ الازھر میں دور قدیم سے ہی شب میلاد مصطفیٰ، شب برات اور دیگر مشہور راتوں میں خصوصی اجتماعات

انتہائی معتبر اور نامور محدث ابوالحسن محمد بن زین العابدین بن محمد بن علی جو کہ قطب الاقطاب شمس صدیقی المصری کے استاذ محترم تھے، ان اجتماعات میں اپنے اسلاف کے طور طریقوں کے مطابق شب برات میں خصوصی اجتماع سے باقاعدہ ہر سال خطاب فرماتے تھے:

**فَکَانَ یَدْرُسُ عَلٰی عَادَۃِ اَسْلَافِہٖ فِی الْجَامِعِ الْاَزْھَرِ فِی اللَّیَالِی الْمَشْھُوْرَۃِ کَلَیْلَۃِ الْمَوْلِدِ وَالْمِعْرَاجِ وَالنِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ۔**

۔خلاصۃ الاثر ترجمہ ابوالحسن محمد بن زین العابدین۔

آپ اپنے اسلاف کے عمل کے مطابق جامعۃ الازھر میں مشہور راتوں جیسا کہ شب میلاد مصطفیٰ، شب معراج اور شب برات میں باقاعدہ خطاب کیا کرتے تھے۔

Marfat.com

# محدثین کے تبصرے

﴿1﴾

## شب برات پر اعتراض کا تابعی حضرت شریک بن عبداللہ رضی اللہ عنہ محدث کبیر امام بخاریؒ کے پردادا استاد کا زبردست دندان شکن جواب

عَبَّادُ بْنُ عَوَامٍ قَالَ قَدِمَ عَلَيْنَا شَرِيكٌ فَسَأَلْنَاهُ عَنِ الْحَدِيثِ "اِنَّ اللهَ يَنْزِلُ لَيْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ" قُلْنَا: اِنَّ قَوْماً يُنْكِرُوْنَ هٰذِهِ الْاَحَادِيْثَ. قَالَ: فَمَا يَقُوْلُوْنَ؟ قُلْنَا يَطْعَنُوْنَ فِيْهَا فَقَالَ: اِنَّ الَّذِيْنَ جَآئُوْا بِهٰذِهِ الْاَحَادِيْثِ هُمُ الَّذِيْنَ جَآئُوْا بِالْقُرْاٰنِ وَبِاَنَّ الْقُرْاٰنَ وَبِاَنَّ الصَّلٰوَاتَ خَمْسٌ وَبِحَجِّ الْبَيْتِ وَبِصَوْمِ رَمَضَانَ فَمَا نَعْرِفُ اللهَ اِلَّا بِهٰذِهِ الْاَحَادِيْثِ. اِسْنَادُهُ صَحِيْحٌ۔

۔السنۃ (عبداللہ بن احمد بن حنبل) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 273۔حدیث نمبر 508۔

عباد بن عوامؒ نے کہا کہ حضرت شریک بن عبداللہ (جو کہ تابعی تھے اور مشہور محدث کبیر امام بخاریؒ کے پردادا استاد تھے) آئے ہم نے ان سے اس حدیث ’کہ بے شک اللہ تعالیٰ نصف شعبان کی رات (شب برات) رحمت نازل فرماتا ہے‘‘ کے بارے میں پوچھا۔ ہم نے کہا کہ کچھ لوگ اس کا انکار کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ کیا کہتے ہیں؟۔ ہم نے کہا کہ وہ اس میں طعن کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بے شک جن لوگوں نے ایسی احادیثِ مبارکہ پیش کی ہیں یہی لوگ ہیں جو

Marfat.com

قرآن لائے ہیں، پانچ نمازیں، حجِ بیت اللہ اور رمضان شریف کے روزوں کا حکم بیان کرنے والے بھی یہی لوگ ہیں۔ ہم اللہ تعالیٰ کو بھی نہیں پہچانتے مگر انہی لوگوں کی بیان کردہ احادیث کے ساتھ۔ اس روایت کی اسناد صحیح ہیں۔

﴿2﴾

## حضرت سیدنا امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی روایت

حضرت سیدنا امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کیا ہے کہ

خَمْسُ لَيَالٍ لَا تُرَدُّ فِيهِنَّ الدُّعَاءُ: لَيْلَةُ الْجُمُعَةِ وَاَوَّلُ لَيْلَةِ الرَّجَبِ وَلَيْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ وَلَيْلَتَى الْعِيْدَيْنِ۔

۔سنن کبریٰ (بیہقی) میں جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 319۔

کہ ان پانچ راتوں میں کی جانے والی کوئی بھی دعا رد نہیں ہوتی شبِ جمعہ، ماہِ رجب کی پہلی رات، نصف شعبان کی رات (شبِ برات) عید الفطر اور عید الاضحیٰ کی دو راتیں۔

﴿3﴾

## حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا فتویٰ

قَالَ الشَّافِعِيُّ: بَلَغَنَا اَنَّهُ كَانَ يُقَالُ: اِنَّ الدُّعَاءَ يُسْتَجَابُ فِیْ خَمْسِ لَيَالٍ فِیْ لَيْلَةِ الْجُمُعَةِ، وَلَيْلَةِ الْاَضْحٰى وَلَيْلَةِ الْفِطْرِ وَاَوَّلِ لَيْلَةٍ مِنْ رَجَبٍ وَلَيْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ۔

۔کتاب الام کتاب صلاۃ العیدین باب العبادۃ لیلۃ العیدین۔ (جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 264۔)

Marfat.com

۔آداب الاکل (اقفہسی) صفحہ نمبر 29۔

۔شعب الایمان (بیہقی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 341۔

۔سنن کبری (بیہقی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 319۔

۔فضائل الاوقات (بیہقی) صفحہ نمبر 312۔

۔ذیل سنن کبری (بیہقی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 319۔

۔معرفۃ السنن والاثار جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 66۔

۔لطائف المعارف صفحہ نمبر 162۔

۔تلخیص الحبیر کتاب العیدین۔

۔روضۃ الطالبین وعمدۃ المتقین (نووی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 172۔

۔فیض القدیر شرح الجامع الصغیر جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 38۔

حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا کہ ہمیں یہ روایت پہنچی ہے کہ پانچ راتوں میں دعائیں خصوصی طور پر قبول ہوتی ہیں: جمعرات، عید الاضحیٰ کی رات، عید الفطر کی رات، ماہِ رجب کی پہلی رات اور نصف شعبان (شبِ برات) کی رات۔

﴿4﴾

## حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا ایک اور فتویٰ

قَالَ اِمَامُ شَافِعِیُّ: وَاَنَا اَسْتَحِبُّ کُلَّ مَاحُکِیَتْ فِیْ هٰذِهِ اللَّیَالِیْ غَیْرَاَنْ یَّکُوْنَ فَرْضاً۔

۔کتاب الام کتاب الصلاۃ العیدین باب العبادۃ لیلۃ العیدین۔

۔فضائل الاوقات (بیہقی) تحت حدیث نمبر 151

(مقدس راتیں ذکر کر کے جن میں شبِ برات بھی شامل ہے) امام شافعی نے فرمایا: ان راتوں میں عمل کرنے کے بارے میں جو کچھ بھی بیان کیا گیا ہے میں اسے بہت ہی پسند کرتا ہوں۔ البتہ ان راتوں میں عبادت کرنا فرض نہیں سمجھتا

﴿5﴾

## امام اوزاعی کا فتویٰ

لَا يُكْرَهُ اَنْ يُّصَلِّيَ الرَّجُلُ فِيْهَا لِخَاصَّةِ نَفْسِهٖ وَهٰذَا قَوْلُ الْاَوْزَاعِيُّ اِمَامُ اَهْلِ الشَّامِ وَفَقِيْهُهُمْ وَعَالِمُهُمْ وَهٰذَا هُوَ الْاَقْرَبُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔

۔فضائل الاشہر تلخیص لطائف المعارف از ابن رجب باب وظائف شہر شعبان۔

اگر شب برات میں آدمی تنہا صرف اپنے لئے نماز پڑھے تو یہ مکروہ نہیں ہے۔ اور یہ قول امام اوزاعی جو کہ اہل شام کے عالم اور ان کے فقیہ تھے اور یہی قول زیادہ اقرب ہے۔ ان شاء اللہ۔

﴿6﴾

## حضرت خالد بن معدان رضی اللہ عنہ کا اعلان

وَعَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ رَحِمَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ اَنَّهٗ قَالَ: خَمْسُ لَيَالٍ فِى السَّنَةِ مَنْ وَاظَبَ عَلَيْهِنَّ رَجَآءَ ثَوَابِهِنَّ، وَتَصْدِيْقًا بِوَعْدِهِنَّ، اَدْخَلَهُ اللّٰهُ تَعَالَى الْجَنَّةَ: اَوَّلُ لَيْلَةٍ مِنْ رَجَبٍ

Marfat.com

يَقُوْمُ لَيْلَهَا وَيَصُوْمُ نَهَارَهَا ، وَلَيْلَتَى الْعِيْدَيْنِ يَقُوْمُ لَيْلَهُمَا وَيُفْطِرُ نَهَارَهُمَا ، وَلَيْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ يَقُوْمُ لَيْلَهَا وَيَصُوْمُ نَهَارَهَا ، وَلَيْلَةُ عَاشُوْرَآءِ يَقُوْمُ لَيْلَهَا وَيَصُوْمُ نَهَارَهَا۔

۔غنیۃ الطالبین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 327۔

حضرت خالد بن معدان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سال میں پانچ راتوں پر جس نے اللہ تعالیٰ سے ثواب کی امید اور اس کے وعدے پر یقین کر کے ہمیشگی اختیار کی تو اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں داخل فرمادے گا۔ وہ پانچ راتیں یہ ہیں: ماہِ رجب کی پہلی رات کا قیام اور دن کا روزہ رکھنا، عید الفطر اور عید الاضحٰی کی دو راتوں کا قیام اور ان کے دنوں میں روزہ نہ رکھنا، نصف شعبان کی رات (شبِ برات) کا قیام اور اس کے دن کا روزہ اور عاشورہ (دس محرم) کی رات کا قیام اور اس کے دن کا روزہ رکھنا۔

﴿7﴾

## حضرت فضیل بن فضالہ رضی اللہ عنہ کا تبصرہ

اِنَّ اللّٰہَ یَهْبِطُ اِلَی السَّمَآءِ الدُّنْیَا لَیْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَیُعْطِیْ رِغَاباً وَیَفُكُّ رِقَاباً وَیُفْخَمُ عِقَاباً۔

۔شرح اصول اعتقاد اہل السنۃ روایت نمبر 600۔

حضرت فضیل بن فضالہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ بے شک اللہ تعالیٰ کی رحمت نصف شعبان کی رات (شبِ برات) خصوصی طور پر نازل ہوتی

Marfat.com

ہے اعمالِ صالحہ کرنے والوں کو اجر عطا فرماتا ہے، بے شمار جہنمیوں کو جہنم سے آزاد فرماتا ہے اور بے شمار لوگوں کے عذاب میں کمی بھی فرماتا ہے۔

﴿8﴾

## شامی ائمہ کا شب برات کے بارے واضح مؤقف

وَاخْتَلَفَ عُلَمَاءُ اَهْلِ الشَّامِ فِیْ صِفَةِ اَحْیَاءِ هَا عَلٰی قَوْلَیْنِ اَحَدُهُمَا : اِنَّهٗ یَسْتَحِبُّ اَحْیَائَهَا جَمَاعَةً فِی الْمَسَاجِدِ کَانَ خَالِدُ بْنُ مَعْدَانِ وَلُقْمَانُ بْنُ عَامِرٍ وَغَیْرُهُمَا یَلْبِسُوْنَ فِیْهَا اَحْسَنَ ثِیَابِهِمْ وَیَتَبَخَّرُوْنَ وَیَکْتَحِلُوْنَ وَیَقُوْمُوْنَ فِی الْمَسْجِدِ لَیْلَتَهُمْ تِلْكَ وَ وَافَقَهُمْ اِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَیْهِ عَلٰی ذٰلِكَ وَقَالَ فِیْ قِیَامِهَا فِی الْمَسْجِدِ جَمَاعَةٌ لَیْسَ بِبِدْعَةٍ نَقَلَهٗ عَنْهُ حَرْبُ الْکِرْمَانِیْ فِیْ مَسَائِلِهٖ ۔ وَالثَّانِیْ:اِنَّهٗ یَکْرَهُ الْاِجْتِمَاعُ فِیْهَا فِی الْمَسَاجِدِ لِلصَّلٰوۃِ وَالْقَصَصِ وَالدُّعَاءِ وَلَایَکْرَهُ اَنْ یُّصَلِّیَ الرَّجُلُ فِیْهَا لِخَاصَّةِ نَفْسِهٖ وَهٰذَا قَوْلُ الْاَوْزَاعِیْ اِمَامُ اَهْلِ الشَّامِ وَفَقِیْهِهِمْ وَعَالِمِهِمْ۔

۔لطائف المعارف وظائف شهر شعبان باب المجلس الثانی فی نصف من شعبان۔

اھل شام کے علماء نے شب برات میں عبادت کرنے کی کیفیت میں دو قولوں کی بناء پر اختلاف کیا ہے ان میں سے علماء کی ایک جماعت اس بات کے حق میں ہے کہ اس رات میں مساجد میں جمع ہو کر عبادت کرنا زیادہ بہتر ہے۔ امام خالد بن معدان اور حضرت لقمان بن عامر اور ان کے علاوہ بھی کئی محدثین

Marfat.com

شب برات میں خوبصورت لباس پہنتے، خوشبوئیں لگاتے اور سرمہ لگاتے اور مسجدوں میں قیام (عبادت) کرتے۔انہیں کی موافقت کی ہے حضرت امام اسحاق بن راہویہ رحمۃ اللہ علیہ نے بھی۔اور ساتھ ہی واضح بھی کردیا کہ شب برات میں عبادت بدعت نہیں ہے۔اور یہ بات امام کرمانی شارح بخاری نے اپنے مسائل میں بھی ذکر کی ہے۔جب کہ دوسرا گروہ اس رات میں مساجد میں نماز واقعات اور دعا کے اجتماع کو مناسب نہیں سمجھتا البتہ ان کے نزدیک بھی اس بات میں کوئی کراہت نہیں کہ انسان شب برات میں تنہا بطور خاص اپنے لئے نوافل ادا کرے اور یہ قول امام اوزاعی کا ہے جو کہ اہل شام کے امام، ان کے فقیہ اور ان کے عالم تھے۔(البتہ ان کے درمیان شب برات میں عبادت کرنے میں کوئی اختلاف نہیں)

﴿9﴾

## حضرت امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کی صحیح روایت

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ فِیْ لَیْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ یَغْفِرُ اللّٰهُ لِاَهْلِ الْاَرْضِ اِلَّا لِمُشْرِكٍ اَوْ مُشَاحِنٍ۔

۔کنوز السنۃ النبویۃ (صحیح البیہقی) صفحہ نمبر 64۔باب فضل بعض الایام والاوقات

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ نصف شعبان کی شب اللہ تعالیٰ تمام زمین والوں کی مغفرت فرمادیتا ہے سوائے مشرک اور کینہ پرور کے۔

﴿10﴾

## حضرت امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کا شب برات پر تبصرہ

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کئی محدثین سے شب برات کی کئی احادیث نقل فرما کر اپنی ذاتی رائے کے طور پر ان کا بیان پیش فرماتے ہیں کہ:

حَدِیۡثُ النُّزُوۡلِ قَدۡ ثَبَتَ عَنۡ رَسُوۡلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم مِنۡ وُجُوۡهٍ صَحِیۡحَةٍ وَوَرَدَ فِی التَّنۡزِیۡلِ وَهُوَ قَوۡلُهٗ تَعَالٰی "وَجَآءَ رَبُّكَ وَالۡمَلَكُ صَفًّا صَفًّا" وَالنُّزُوۡلُ وَالۡمَجِیۡءُ صِفَتَانِ مِنۡ صِفَاتِ اللّٰهِ بِلَا تَشۡبِیۡهٍ جَلَّ عَمَّا یَقُوۡلُ الۡمُعۡتَزِلَةُ لِصِفَاتِهٖ وَالۡمُشَبِّهَةِ عُلُوًّا كَبِیۡرًا۔

۔فضائل الاوقات (بیہقی) تحت حدیث نمبر 29۔

جن احادیث میں بیان ہوا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت آسمانِ دنیا پر نازل ہوتی ہے یہ صحیح احادیث ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کئی وجوہ سے ثابت ہیں۔ جب کہ نازل ہونے کے بارے میں تصدیق اللہ تعالیٰ کے پاک کلام سے بھی ہوتی ہے۔ اور وہ اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے: "وَجَآءَ رَبُّكَ وَالۡمَلَكُ صَفًّا صَفًّا"۔ ترجمہ: ''اور آپ کے رب کی خاص رحمت آئے گی اور فرشتے بھی قطار اندر قطار آئیں گے''۔ آسمان سے نازل ہونا اور آنا اگر حرکت کے ساتھ ہو اور ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف منتقل ہونا ہو تو ایسی صفات اللہ تعالیٰ کی ذات کے منافی ہیں۔ بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کی ایسی صفات ہیں جو مخلوق کی کسی صفت کے ساتھ نہ تو مماثلت رکھتیں ہیں اور نہ ہی مشابہت۔ جیسا کہ معتزلہ کہتے ہیں بلکہ کسی

Marfat.com

کے ساتھ بھی مشابہت دی جائے اللہ تعالیٰ کی ذات اس سے بلند وبالا ہے۔

﴿11﴾

## حضرت امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کا شب برات پر مزید تبصرہ

فَأَمَّا سَائِرُ الْأُمُوْرِ الَّتِیْ تَجْرِیْ عَلٰی یَدِیْ الْمَلَائِکَةِ مِنْ تَدْبِیْرِ اَهْلِ الْاَرْضِ فَاِنَّمَا تَبَیَّنَ لَیْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ۔

۔شعب الایمان جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 319۔

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ واضح فرماتے ہیں کہ جہاں تک تمام معاملات کا تعلق ہے جو کہ فرشتوں کے ہاتھوں پہ زمین والوں کی تدبیر میں سے جاری ہوتے ہیں۔تو وہ شب برات میں واضح ہو جاتے ہیں۔

﴿12﴾

## حضرت سیدنا الشیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا تبصرہ

وَرَبُّکَ یَخْلُقُ مَایَشَآءُ وَیَخْتَارُ (الایۃ کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ وَمِنَ اللَّیَالِیْ اَرْبَعَةٌ: لَیْلَةُ الْبَرَائَةِ وَلَیْلَةُ الْقَدْرِ وَلَیْلَةُ الْجُمُعَةِ وَلَیْلَةُ الْعِیْدِ۔

۔غنیۃ الطالبین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 340۔

حضرت سیدنا شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ قرانِ پاک کی آیت مبارکہ وَرَبُّکَ یَخْلُقُ مَایَشَآءُ وَیَخْتَارُ (اور تیرا رب جو چاہتا ہے وہ پیدا فرماتا ہے اور وہ اختیار رکھتا ہے ) کی تفسیر کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں کہ اس

Marfat.com

سے مراد راتوں میں سے یہ چار راتیں ہیں: شب برات، شب قدر، شب جمعہ اور عید کی شب۔

﴾13﴿

## حضرت سیدنا الشیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا فتویٰ

وَقَدْ سُمِّيَتْ لَيْلَةُ الْبَرَائَةِ لِاَنَّ فِيْهَا بَرَائَتَيْنِ۔ بَرَائَةٌ لِلْاَشْقِيَآءِ مِنَ الرَّحْمٰنِ وَبَرَائَةٌ لِلْاَوْلِيَآءِ مِنَ الْخِذْلَانِ۔

۔غنیۃ الطالبین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 348۔

حضرت سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس رات کا نام شب برات اس لئے رکھا گیا کہ اس میں دو براتیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بدبختوں کے لئے رحمت سے بیزاری اور اولیائے کرام کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے رسوا کرنے سے بیزاری۔

﴾14﴿

## شب برات کے متعلق امام سبکی رحمۃ اللہ علیہ کا بیان

ذَكَرَ السُّبْكِيُّ فِيْ تَفْسِيْرِهٖ اَنَّهَا تُكَفِّرُ ذُنُوْبَ السَّنَةِ وَلَيْلَةُ الْجُمُعَةِ تُكَفِّرُ ذُنُوْبَ الْاُسْبُوْعِ، وَلَيْلَةُ الْقَدْرِ تُكَفِّرُ ذُنُوْبَ الْعُمْرِ اَیْ اَحْيَآءُ هٰذِهِ اللَّيَالِیْ سَبَبٌ لِتَكْفِيْرِ الذُّنُوْبِ۔

۔مکاشفۃ القلوب صفحہ نمبر 314۔

امام غزالی بیان کرتے ہیں کہ امام سبکی نے بیان کیا ہے کہ شب برات ایک سال کے گناہوں کا کفارہ ہے۔ جب کہ جمعہ کی رات ایک ہفتہ کے گناہوں کا کفارہ ہے اور شب قدر زندگی کے گناہوں کا کفارہ ہے۔ یعنی ان راتوں کو عبادت کے ساتھ زندہ رکھنا گناہوں کے کفارے کا سبب ہے۔

﴿15﴾

## شب برات کے متعلق امام ضیاء رحمۃ اللہ علیہ کا بیان

قَالَ الْحَافِظُ الضِّيَآءُ: قَدْ جُمِعَ لَهٗ مَعْرِفَةُ الْفِقْهِ، وَالْفَرَائِضِ وَالنَّحْوِ، مَعَ الزُّهْدِ وَالْعَمَلِ قَالَ: وَكَانَ لَا يَكَادُ يَسْمَعُ دُعَاءً اِلَّا حَفِظَهٗ وَدَعَا بِهٖ وَلَا يَسْمَعُ الذِّكْرَ صَلٰوةً اِلَّا صَلَّاهَا، وَلَا يَسْمَعُ حَدِيْثًا اِلَّا عَمِلَ بِهٖ۔ وَكَانَ يُصَلِّيْ بِالنَّاسِ فِيْ نِصْفِ شَعْبَانَ مِائَةَ رَكْعَةً۔

۔ذیل طبقات حنابلہ (ابن رجب حنبلیؒ) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 7۔

حافظ امام ضیاء رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے کرم سے ان کے لئے دینی مسائل کی سمجھ بوجھ، علم میراث، عربی گرائمر زہد و تقویٰ جمع فرما دیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ایسا کبھی نہیں ہوا کہ میں نے کوئی بھی دعا سنی ہو اور وہ مجھے یاد نہ ہوئی ہو اور میں نے وہ دعا نہ مانگی ہو، اور کسی بھی نفلی نماز کے بارے میں سنا ہو اور میں نے وہ نفلی نماز ادا نہ کی ہو اور کوئی بھی ایسی حدیث نہیں جو میں نے سنی ہو اور میں نے اس پر عمل نہ کیا ہو۔ اور امام ضیاء رحمۃ اللہ علیہ نصف شعبان کی شب لوگوں کے ساتھ مل کر سو نفل ادا کرتے تھے۔

Marfat.com

﴿16﴾

## مشہور نقاد اور محدث ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کا شب برات کے موقع پر خطاب

محدث ابن جوزی نے شب برات کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے فرمایا

عِبَادُ اللّٰہِ اِنَّ لَیْلَتَکُمْ ہٰذِہِ النِّصْفَ (مِنْ شَعْبَانَ) عَظِیْمَۃُ الْقَدْرِ وَعَجِیْبَۃُ الْوَصْفِ یَطَّلِعُ اللّٰہُ فِیْہَا عَلَی الْعِبَادِ فَیَغْفِرُ لِکُلِّ مَاخَلَا اَہْلَ الْعِنَادِ۔

۔التبصرۃ (ابن جوزی) المجلس الخامس فی ذکر لیلۃ النصف من شعبان۔

اے اللہ تعالیٰ کے بندو! بے شک تمہاری اس رات میں بہت زیادہ قدر اور بہت ہی زیادہ خوبیاں ہیں اللہ تعالیٰ اس میں اپنے بندوں کی طرف خصوصی توجہ فرماتا ہے اور سوائے ایک دوسرے سے عناد رکھنے والوں کے سب کی مغفرت فرمادیتا ہے

﴿17﴾

## شب برات کے متعلق امام شاطبی رحمۃ اللہ علیہ کا بیان

فَکُلُّ مَا فِیْ ہٰذَا النَّوْعِ مِنَ الْمَنْقُوْلَاتِ رَاجِعٌ اِلَی التَّرْغِیْبِ وَالتَّرْہِیْبِ ۔وَاِذَا جَازَ اِعْتِمَادُ مِثْلَہٗ جَازَ فِیْمَا کَانَ نَحْوُہٗ مِمَّا یَرْجِعُ اِلَیْہِ کَصَلَاۃِ الرَّغَائِبِ وَالْمِعْرَاجِ وَلَیْلَۃُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ۔

۔کتاب الاعتصام (شاطبیؒ) صفحہ نمبر 169۔

Marfat.com

امام شاطبیؒ نے کہا کہ ان منقولات میں سے ہر معاملہ ترغیب اور ترہیب کی طرف ثابت ہے اور جب ان جیسی روایات پر اعتماد جائز ہے تو پھر ان اوقات میں عبادات بھی جائز ہیں جیسا کہ صلاۃ الرغائب، شب معراج میں اور نصف شعبان کی رات میں عبادت کرنا۔

﴿18﴾

## شب برات کے متعلق امام شاطبی رحمۃ اللہ علیہ کا فیصلہ

فَمُطْلَقُ التَّنَفُّلِ بِالصَّلَاةِ مَشْرُوْعٌ. فَإِذَا جَآءَ تَرْغِيْبٌ فِيْ صَلَاةِ لَيْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَقَدْ عَضَدَهٗ اَصْلُ التَّرْغِيْبِ النَّافِلَةِ۔

۔کتاب الاعتصام (شاطبی) صفحہ نمبر 170۔

امام شاطبی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ مطلق طور پر نفل نماز ادا کرنا شریعت میں ثابت ہے۔ پس جب شب برات کے نوافل میں ترغیب ثابت ہوگئی تو عام نوافل کی ادائیگی کی ترغیب میں بھی یہی چیز معاونت کرتی ہے۔

﴿19﴾

## شب برات کے متعلق علامہ محمود آلوسی رحمۃ اللہ علیہ کا بیان

فِيْ لَيْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ آجَالُ الْمَوْتٰى فَيَمْحُوْ اُنَاساً مِنْ دِيْوَانِ الْاَحْيَآءِ وَيُثْبِتُهُمْ فِيْ دِيْوَانِ الْاَمْوَاتِ۔

۔تفسیر روح المعانی سورۃ الرعد آیت نمبر 39۔

علامہ آلوسی روایت کرتے ہیں کہ شب برات میں مردوں کی موت کا وقت مقرر ہوتا ہے پس لوگوں کے نام زندوں کے رجسٹر سے نکال دیئے جاتے ہیں اور مردوں کے رجسٹر میں مضبوط کردیئے جاتے ہیں۔

﴿20﴾

## مشہور مفسر زمخشری کا شب برات پر تبصرہ

يَبْدَأُ فِيْ اِسْتِنْسَاخِ ذٰلِكَ مِنَ اللَّوْحِ الْمَحْفُوْظِ فِيْ لَيْلَةِ الْبَرَائَةِ وَيَقَعُ الْفَرَاغُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ فَتُدْفَعُ نُسْخَةُ الْاَرْزَاقِ اِلٰى مِيْكَائِيْلَ وَنُسْخَةُ الْحُرُوْبِ اِلٰى جِبْرِيْلَ وَكَذٰلِكَ الزَّلَازِلُ وَالصَّوَاعِقُ وَالْخَسْفُ وَنُسْخَةُ الْاَعْمَالِ اِلٰى اِسْمَاعِيْلَ صَاحِبِ سَمَاءِ الدُّنْيَا وَهُوَ مَلَكٌ عَظِيْمٌ وَنُسْخَةُ الْمَصَائِبِ اِلٰى مَلَكِ الْمَوْتِ وَعَنْ بَعْضِهِمْ يُعْطٰى كُلُّ عَامِلٍ بَرَكَاتِ اَعْمَالِهٖ فَيُلْقٰى عَلٰى اَلْسِنَةِ الْخَلْقِ مَدْحُهٗ وَعَلٰى قُلُوْبِهِمْ هَيْبَةٌ۔

۔تفسیر قرطبی جلد نمبر 16 صفحہ نمبر 128۔

۔تفسیر السراج المنیر تحت سورۃ الدخان آیت 4۔

۔تفسیر روح المعانی تحت سورۃ الدخان آیت 4۔

مشہور تفسیر کشاف کے مفسر زمخشری نے واضح کیا ہے کہ لوحِ محفوظ سے تنسیخ شبِ برات کو ہوتی ہے۔ اور اس کے عمل کی تکمیل شبِ قدر کو کی جاتی ہے۔ رزق کا رجسٹر میکائیل کو دیا جاتا ہے، جنگوں کا رجسٹر جبریل علیہ السلام کو دیا جاتا

Marfat.com

ہے اور اسی طرح زلزلوں اور آسمانی بجلیوں اور زمین میں دھنسانے اور اعمال کا رجسٹر اسماعیل کے سپرد کر دیا جاتا ہے جو کہ آسمانِ دنیا کا نگران ہے۔ اور وہ بہت بڑا فرشتہ ہے۔ مصائب کا رجسٹر ملک الموت کے سپرد کیا جاتا ہے۔ اور بعض فرشتوں کو ہر عمل کرنے والے کے اعمال کی برکات دی جاتی ہیں۔ اور وہ مخلوق کی زبانوں پر ان کی مدح ڈالتے ہیں۔ اور ان کے دلوں میں ان کی ہیبت ڈالتے ہیں۔

﴿21﴾

## اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا نفیس تبصرہ

عہد حاضر کے عظیم محدث و مفسر علامہ غلام رسول سعیدی حفظہ اللہ تعالیٰ اپنی شہرہ آفاق تفسیر ''تبیان القرآن'' کی جلد نمبر 10 کے صفحہ نمبر 759 مطبوعہ لاہور میں رقم طراز ہیں:

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا فاضل بریلوی علامہ رجب حنبلیؒ متوفی 795ھ کی لطائف المعارف سے نقل فرماتے ہیں کہ: اہل شام میں ائمہ تابعین مثل خالد بن معدان و امام مکحول ولقمان بن عامر وغیرھم شب برات کی تعظیم اور اس رات عبادت کرنے کی کوشش عظیم کرتے اور انہیں سے لوگوں نے اس کا فضل ماننا اور اس کی تعظیم کرنا اخذ کیا ہے۔ کوئی کہتا ہے: انہیں اس باب میں کچھ آثار اسرائیلی پہنچی ہیں۔ خیر ان سے جب امر شہروں میں پھیلا تو علماء ان سے مختلف ہو گئے ایک جماعت نے اسے قبول کر لیا اور تعظیم شب برات کے موافق ہوئے۔ ان

Marfat.com

میں سے ایک گروہ عابدین بصرہ واہلِ بصرہ وغیرھم ہیں اوران کے اکثر علماء نے اس کا انکار کیا۔ان میں سے امام عطاء وابن ابی ملیکہ وعبدالرحمٰن بن زید بن اسلم فقہائے مدینہ سے ہیں اور یہ قول مالکیہ وغیرھم کا ہے۔کہ یہ سب نو پیدا ہے۔علمائے اہل شام اس رات کی شب بیداری کس طرح کی جائے،دوقولوں پر مختلف ہوئے ایک قول یہ ہے کہ مسجدوں میں جماعت کے ساتھ مستحب ہے۔خالد بن معدان ولقمان بن عامر وغیرھما اکابر تابعین اس رات اچھے کپڑے پہنتے۔بخور کا استعمال کرتے،سرمہ لگاتے اورشب کومسجدوں میں قیام فرماتے،امام مجتہد اسحٰق بن راھویہ نے بھی اس بارے میں ان کی موافقت فرمائی ہے الخ دوسرا قول یہ ہے کہ مساجد میں اس کی جماعت مکروہ ہے اور یہ قول شام کے امام فقیہ وعالم امام اوزاعی کا ہے۔

(فتاوی رضویہ ج ۷ ص ۴۳۳ طبع جدید لاہور لطائف المعارف ج ۱ ص ۲۲۷۔۲۲۶ مکتبہ نزار مصطفیٰ مکہ مکرمہ)

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا متوفی ۱۳۴۰ھ مراقی الفلاح شرح نورالایضاح سے نقل فرماتے ہیں:

اہل حجاز میں سے اکثر علماء نے اس کا انکار کیا ہے،ان میں سے ہیں:امام عطاء وابن ابی ملیکہ وفقہاء مدینہ اور اصحاب امام مالک وغیرھم۔یہ علماء کہتے ہیں:یہ سب نو پیدا ہے۔نہ ہی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عیدین کی دونوں راتوں کی با جماعت شب بیداری منقول ہے اور نہ ہی صحابہ کرام سے مروی ہے

Marfat.com

اور علماء شام بیداریٔ شب برات میں کہ کس طرح کی جائے دو قول پر مختلف ہوئے
: ایک قول یہ ہے کہ مسجدوں میں جماعت کے ساتھ بیداری مستحب ہے۔ یہ قول اکابر تابعین مثل خالد بن معدان اور لقمان بن عامر کا ہے۔ امام مجتہد اسحٰق بن راھویہ نے بھی اس بارے میں ان کی موافقت فرمائی ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ مساجد میں اس کی جماعت مکروہ ہے، یہ قول اہل شام کے امام وفقیہ وعالم امام اوزاعی کا ہے۔

(فتاوی رضویہ ج ۷ ص ۴۳۴ طبع جدید لاہور، حاشیۃ الطحطاوی علی مراقی الفلاح، ص ۲۲۰، ۲۱۹، طبع کراچی)

برصغیر میں معمول یہ ہے کہ شب برات صلوۃ التسبیح باجماعت پڑھی جاتی ہے۔ اس پر یہ اعتراض ہوتا ہے کہ نوافل کی جماعت مکروہ ہے، اعلیٰ حضرت نے باحوالہ لکھا ہے کہ یہ کراہت تحریمی نہیں ہے۔ صرف تنزیہی ہے اور اگر دوام کے ساتھ نوافل کی جماعت نہ کرائی جائے تو پھر یہ مکروہ تنزیہی بھی نہیں ہے اعلیٰ حضرت امام احمد رضا فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

اس مسئلہ کی اصل یہ ہے کہ جب نوافل کی جماعت علی سبیل التداعی ہو تو صدر شہید کی ''اصل'' میں ہے کہ یہ مکروہ ہے۔ لیکن اگر مسجد کے گوشے میں بغیر اذان وتکبیر نفل کی جماعت ہوئی تو کراہت نہیں اور شمس الائمہ حلوانی نے فرمایا کہ اگر امام کے علاوہ تین افراد ہوں تو بالاتفاق کراہت نہیں۔ اور اگر مقتدی چار ہوں تو اس میں مشائخ کا اختلاف ہے اور اصح کراہت ہے۔ (ت)

۔ (فتاوی رضویہ ج ۷ ص ۴۳۱ طبع جدید خلاصۃ الفتاویٰ ج ا ص ۱۵۴، مکتبہ رشیدیہ، کوئٹہ)۔

پھر اظہر یہ ہے کہ یہ کراہت صرف تنزیہی ہے یعنی خلاف اولیٰ لمخالفۃ

Marfat.com

التوارث (کیوں کہ یہ طریقہ توارث کے خلاف ہے ت) نہ کہ تحریمی کہ گناہ و ممنوع ہو رد المختار میں ہے۔

''حلیہ'' میں کہ ظاہر یہی ہے کہ نفل جماعت مستحب نہیں، پھر اگر کبھی کبھی ایسا ہو تو یہ مباح ہے مکروہ نہیں اور اس میں دوام ہو تو طریقہ متوارث کے خلاف ہونے کی وجہ سے بدعت مکروہہ ہے اھ کی تائید بدائع کے اس قول سے بھی ہوتی ہے کہ جماعت قیام رمضان کے علاوہ نوافل میں سنت نہیں اھ کیوں کہ نفیِ سنت کراہت کو مستلزم نہیں پھر اگر اس میں دوام ہو تو یہ بدعت و مکروہ ہوگی خیر رملی نے حاشیۂ بحر میں کہا کہ ضیاء اور نہایہ میں کراہت کی علت یہ بیان کی ہے کہ وتر من وجہ نفل ہیں اور نوافل کی جماعت مستحب نہیں کیونکہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے رمضان کے علاوہ وتر کی جماعت نہیں کرائی اھ یہ گویا اس بات کی تصریح ہی ہے کہ جماعت مکروہ تنزیہی ہے تامل اھ اھ اختصاراً۔ (ت)

(فتاویٰ رضویہ ج ۷ ص ۴۳۱ ـ ۴۳۲ رد المحتار ج ۲ ص ۴۳۷ ـ ۴۳۶، دار احیاء التراث العربی بیروت)

**نَبِيٌّ يَرَى مَالَا يَرَى النَّاسُ حَوْلَهُ**

**وَيَتْلُوْ كِتَابَ اللهِ فِيْ كُلِّ مَسْجِدِ**

**وَاِنْ قَالَ فِيْ يَوْمٍ مَقَالَةَ غَائِبٍ**

**فَتَصْدِيْقُهَا فِي الْيَوْمِ اَوْ ضُحَى الْغَدِ**

Marfat.com

# مشاہیر وناقدین کے تبصرے

﴿1﴾

## شب برات کے متعلق غیر مقلدین کے ممدوح ابن تیمیہ کا بیان

مِمَّا نَعۡتَقِدُ اَنَّ اللّٰه یَنۡزِلُ کُلَّ لَیۡلَةٍ اِلَی السَّمَآءِ الدُّنۡیَا فِیۡ ثُلُثِ اللَّیۡلِ الۡاٰخِرِ فَیَبۡسُطُ یَدَهٗ فَیَقُوۡلُ اَلَا هَلۡ مَنۡ سَآئِلٍ ۔الحدیث وَلَیۡلَةُ النِّصۡفِ مِنۡ شَعۡبَانَ وَعَشِیَّةُ عَرَفَةٍ وَذَکَرَ الۡحَدِیۡثَ ۔

۔العقیدۃ الحمویۃ (ابن تیمیہ) صفحہ نمبر 55۔

۔مجموع الفتاوی (ابن تیمیہ) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 77۔

ہمارے عقائد میں سے ہے کہ بے شک اللہ تعالیٰ ہر رات کے آخری تیسرے پہر میں آسمانِ دنیا پر نزول فرماتا ہے اور دستِ کرم پھیلا کر ارشاد فرماتا ہے کہ ہے کوئی سوال کرنے والا؟ ۔الحدیث ۔اور نصف شعبان کی شب (شب برات) اور نویں ذوالحج کی رات اور پھر مکمل حدیث بیان کی۔

﴿2﴾

## شب برات کے متعلق غیر مقلدین کے ممدوح ابن تیمیہ کا باقاعدہ فتویٰ

وَسُئِلَ عَنۡ صَلَاةِ نِصۡفِ مِنۡ شَعۡبَانَ ؟۔

اَلۡجَوَابُ :اِذَا صَلَّی الۡاِنۡسَانُ لَیۡلَةَ النِّصۡفِ وَحۡدَهٗ اَوۡ فِیۡ جَمَاعَةٍ خَاصَّةٍ کَمَا کَانَ یَفۡعَلُ طَوَآئِفُ مِنَ السَّلَفِ فَهُوَ اَحۡسَنُ ۔

Marfat.com

وَاَمَّا الْاِجْتِمَاعُ فِی الْمَسَاجِدِ عَلٰی صَلَاۃٍ مُقَدَّرَۃٍ ،کَالْاِجْتِمَاعِ عَلٰی مِائَۃِ رَکْعَۃٍ بِـقِـرَاءَۃِ اَلْفِ "قُلْ هُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ" دَائِماً .فَھٰذَا بِدْعَۃٌ لَمْ یَسْتَحِبَّھَا اَحَدٌ مِنَ الْاَئِمَّۃِ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ.

۔مجموع الفتاوی (ابن تیمیہ) جزءنمبر 23 صفحہ نمبر 131۔

۔الفتاوی الکبریٰ (ابن تیمیہ) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 262۔طبع دار المعرفۃ بیروت

۔کتاب اخصر المختصرات (محمد بن بدر الدین بن عبد القادر) صفحہ نمبر 214۔

نصف شعبان کی نماز کے بارے میں پوچھا گیا

جواب: جب کوئی شخص نصف شعبان کی شب (شبِ برات) میں تنہا نفل پڑھے یا مخصوص جماعت میں پڑھے جیسا کہ اسلاف کے گروہ پڑھتے رہے ہیں تو یہ عمل اچھا ہے۔اور جہاں تک مسجدوں میں کسی مقررہ نماز کی بات ہے جیسا کہ سو رکعت پر ایک ہزار مرتبہ "قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ" پر ہمیشہ اجتماع کرنا ہے تو یہ (ہمیشہ کے لئے ایسا کرنا) بدعت ہے جس کو ائمہ کرام میں سے کسی نے بھی پسند نہیں کیا۔اور اللہ تعالیٰ زیادہ بہتر جانتا ہے۔

﴿3﴾

## غیر مقلدین کے ممدوح ابن تیمیہ کا تفصیلی بیان

وَقَدْ رُوِیَ فِیْ فَضْلِھَا مِنَ الْاَحَادِیْثِ الْمَرْفُوْعَۃِ وَالْاٰثَارِ مَا یَقْتَضِیْ اَنَّھَا لَیْلَۃٌ مُفَضَّلَۃٌ وَاَنَّ مَنْ کَانَ یَخُصُّھَا بِالصَّلَاۃِ فِیْھَا.وَصَوْمُ شَھْرُ شَعْبَانَ قَدْ جَاءَتْ فِیْہِ اَحَادِیْثُ صَحِیْحَۃٌ۔

Marfat.com

وَمِنْ عُلَمَآءِ مِنَ السَّلَفِ مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَغَيْرِهِمْ مِنَ الْخَلْفِ مَنْ اَنْكَرَ فَضْلَهَا ۔وَطَعَنَ فِى الْاَحَادِيْثِ الْوَارِدَةِ فِيْهَا كَحَدِيْثِ اِنَّ اللّٰه يَغْفِرُ فِيْهَا لِاَكْثَرَ مِنْ عَدَدِ شَعْرِ غَنَمِ بَنِىْ كَلْبٍ وَقَالَ لَافَرْقَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ غَيْرِهَا لٰكِنَّ الَّذِىْ عَلَيْهِ كَثِيْرٌ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ اَوْ اَكْثَرُهُمْ مِنْ اَصْحَابِنَا وَغَيْرِهِمْ عَلٰى تَفْضِيْلِهَا وَعَلَيْهِ يَدُلُّ نَصُّ اَحْمَدَ لِتَعَدُّدِ الْاَحَادِيْثِ الْوَارِدَةِ فِيْهَا ومايُصَدِّقُ ذٰلِكَ مِنَ الْاٰثَارِ السَّلَفِيَّةِ وَقَدْ رُوِىَ بَعْضُ فَضَائِلِهَا فِى الْمَسَانِيْدِ وَالسُّنَنِ وَاِنْ كَانَ قَدْ وُضِعَ فِيْهَا اَشْيَآءُ اُخَرُ۔

۔اقتضاء الصراط المستقیم (ابن تیمیہ) صفحہ نمبر 302۔(مطبعۃ السنۃ المحمدیۃ القاہرہ)

شبِ برات کی فضیلت میں بہت سی مرفوع احادیث اور آثارِ صحابہ بھی اس بات کا تقاضا کرتے ہیں کہ یقیناً یہ فضیلت والی رات ہے۔اس رات کو جس نے بھی نوافل اور ماہِ شعبان کو روزہ کے ساتھ خاص کیا۔تو اس میں صحیح احادیث وارد ہیں۔امصار میں سے کچھ لوگوں نے اور ان کے علاوہ خلف میں سے بھی کچھ نے اس کی فضیلت کا انکار کیا ہے اور وارد کی گئی احادیث مثلاً بے شک اللہ تعالیٰ اس رات میں قبیلہ بنی کلب کی بکریوں کے بالوں سے بھی زیادہ لوگوں کی مغفرت فرمادیتا ہے، کہا ہے کہ ان میں کوئی بھی فرق نہیں ہے۔لیکن بہت سے اہل علم یا ہمارے اصحاب میں سے بہت سے اہل علم اس رات کی فضیلت کے قائل ہیں۔جو کہ تصدیق کرتی ہیں سلف کے آثار کی اور شبِ برات کی فضیلت میں احادیث مسانید اور سنن کتابوں

Marfat.com

میں موجود ہیں اگرچہ ان میں کچھ دیگر بیانات بھی شامل کر دیئے گئے ہیں۔

﴿4﴾

## غیر مقلدین کے ممدوح ابن تیمیہ کا تیسرا بیان

وَاَمَّا لَيْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَفِيْهَا فَضْلٌ وَكَانَ فِى السَّلَفِ مَنْ يُصَلِّىْ فِيْهَا۔

۔الفتاوی الکبریٰ جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 342۔(دار المعرفۃ بیروت)

۔الاختیارات العلمیہ صفحہ نمبر 58۔

جہاں تک نصف شعبان کی شب (شب برات) کی بات ہے اس میں بہت فضیلت ہے۔ اسلاف شب برات میں نماز پڑھتے رہے ہیں۔

﴿5﴾

## غیر مقلدین کے علامہ ابن قیم جوزی کا تبصرہ

وَمِمَّا نَعْتَقِدُ اَنَّ اللّٰهَ يَنْزِلُ كُلَّ لَيْلَةٍ اِلٰى سَمَآءِ الدُّنْيَا فِىْ ثُلُثِ الْاٰخِيْرِ فَيَبْسُطُ يَدَيْهِ وَيَقُوْلُ: هَلْ مِنْ سَائِلٍ اَلْحَدِيْثُ وَلَيْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ وَعَشِيَّةُ عَرَفَةٍ۔

۔اجتماع الجیوش الاسلامیہ ابن قیم صفحہ نمبر 176۔

ابن قیم جوزی نے بھرپور انداز میں واضح کر دیا ہے کہ ہم یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہر رات کے آخری تہائی حصہ میں آسمان دنیا پر اپنی رحمت کا نزول فرماتا ہے اور اپنی رحمت کا دامن وسیع کر کے ارشاد فرماتا ہے ہے کوئی سوال

Marfat.com

کرنے والا الحدیث اور اسی طرح شب برات میں بھی اور شب عرفہ یعنی 9 ذوالحج کی رات میں بھی اللہ تعالیٰ کی رحمت کا نزول ہوتا ہے۔

﴿6﴾

## غیر مقلدین کے پیشوا ناصر الدین البانی کا شب برات کی روایت کو صحیح قرار دینا

عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ يَطَّلِعُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلٰى خَلْقِهٖ لَيْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَيَغْفِرُ لِجَمِيْعِ خَلْقِهٖ اِلَّا لِمُشْرِكٍ اَوْ مُشَاحِنٍ۔

۔صحیح الترغیب والترہیب (البانی) جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 248 + جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 33 (البانی: حسن صحیح)

۔السلسلۃ الصحیحۃ صحیح از ناصر الدین البانی جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 86۔

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ شبِ برات میں اپنی مخلوق کی طرف توجہ فرماتا ہے۔اور مشرک اور مشاحن کے سوا سب کی مغفرت فرمادیتا ہے۔ یہ حدیث حسن ہے۔

﴿7﴾

## ناصر الدین البانی کا شب برات کی دوسری روایت کو صحیح قرار دینا

يَطَّلِعُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اِلٰى خَلْقِهٖ لَيْلَةَ النِّصْفِ مِنْ

Marfat.com

شَعْبَانَ فَيَغْفِرُ لِجَمِيْعِ خَلْقِهٖ اِلَّا لِمُشْرِكٍ اَوْ مُشَاحِنٍ۔

۔الصحیحہ (البانی) حدیث نمبر 1144 جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 135۔

حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ شبِ برات کو اپنی مخلوق کی طرف خصوصی طور پر توجہ فرماتا ہے اور سوائے مشرک اور کینہ پرور کے اپنی سب مخلوق کی مغفرت فرما دیتا ہے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

﴿8﴾

## ناصر الدین البانی کا شب برات کی تیسری روایت کو صحیح قرار دینا

عَنْ قَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَمِّهٖ اَوْعَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِیْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: يَنْزِلُ اللّٰهُ اِلَی السَّمَآءِ الدُّنْيَا لَيْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَيَغْفِرُ لِكُلِّ نَفْسٍ اِلَّا اِنْسَانٍ فِیْ قَلْبِهٖ شُحْنَاءٌ اَوْ مُشْرِكٍ بِاللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ۔

۔ظلال الجنۃ تخریج السنۃ لابن ابی عاصم جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 262 (البانی: صحیح لغیرہ) المکتب الاسلامی بیروت

حضرت قاسم بن محمد رضی اللہ عنہ اپنے چچا اور دادا (حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ) سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ شبِ برات کو آسمانِ دنیا پر اجلال فرماتا ہے اور سوائے مشرک اور جس کے دل میں کینہ ہو سب کی مغفرت فرما دیتا ہے۔ یہ حدیث صحیح لغیرہ ہے۔

Marfat.com

﴿9﴾

## ناصر الدین البانی کا شب برات کی چوتھی روایت کو صحیح قرار دینا

عَنْ اَبِی مُوْسَی الْاَشْعَرِیِّ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: اِنَّ اللّٰہَ لَیَطَّلِعُ فِیْ لَیْلَۃِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَیَغْفِرُ لِجَمِیْعِ خَلْقِہٖ اِلَّا لِمُشْرِكٍ اَوْ مُشَاحِنٍ۔

۔السلسلۃ الصحیحۃ المختصرۃ (البانی) روایت نمبر 1144+1563۔مطبوعہ مکتبۃ المعارف الریاض

۔السلسلۃ الصحیحۃ (البانی) جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 135۔(صحیح)

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ پندرہ شعبان کی شب کو اپنے بندوں کی طرف توجہ فرماتا ہے سوائے مشرک اور کینہ پرور کے سب کی بخشش فرمادیتا ہے یہ حدیث صحیح ہے۔

﴿10﴾

## ناصر الدین البانی کا شب برات کی پانچویں روایت کو صحیح قرار دینا

عَنْ اَبِی الثَّعْلَبَۃَ الْخُشَنِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: اِذَا کَانَ لَیْلَۃُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ اِطَّلَعَ اللّٰہُ اِلٰی خَلْقِہٖ فَیَغْفِرُ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَیُمْلِیْ لِلْکَافِرِیْنَ وَیَدَعُ اَھْلَ الْحِقْدِ بِحِقْدِھِمْ حَتّٰی یَدَعُوْہُ۔

Marfat.com

۔السلسلۃ الصحیحۃ جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 135۔(البانی: صحیح) مکتبۃ المعارف بیروت

صحیح الترغیب والترہیب جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 34۔(البانی: صحیح لغیرہ)

۔ظلال الجنۃ تخریج السنۃ لابن ابی عاصم جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 264۔(البانی: صحیح)

حضرت ابو ثعلبہ الخشنی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب پندرہ شعبان آتی ہے تو اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کی طرف توجہ فرماتا ہے اور مومنوں کے لئے مغفرت فرماتا ہے اور کافروں کے لئے جہنم بھرتا ہے اور وہ کینہ پروروں کو ان کا کینہ دور کرنے لئے بلاتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ اللہ تعالیٰ کو پکار اٹھتے ہیں اور اپنا کینہ چھوڑ دیتے ہیں۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

﴿11﴾

## غیر مقلدین کے علامہ ثناء اللہ امرتسری کا تبصرہ

نوٹ: شب برات کا اس دور میں سب سے زیادہ انکار کرنے والوں کے روحِ رواں ثناء اللہ امرتسری صاحب نے واشگاف الفاظ میں اعلان کیا ہے کہ ''شبِ برات کو کارِ خیر کرنا بدعت نہیں ہے''۔

۔فتاوی ثنائیہ جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 65۔

﴿12﴾

## غیر مقلدین کے علامہ عبدالرحمٰن مبارک پوری کا تبصرہ

شبِ برات کے نام کا تعارف کرواتے ہوئے کہتے ہیں کہ

هِيَ اللَّيْلَةُ الْخَامِسَةُ عَشَرَ مِنْ شَعْبَانَ وَتُسَمّٰى لَيْلَةُ الْبَرَاءَةِ۔

۔تحفۃ الاحوذی جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 364۔

ترجمہ: ماہِ شعبان کی پندرہویں رات کا نام شبِ برات ہے۔

آگے چل کر مزید لکھتے ہیں کہ

اِعْلَمْ اَنَّهٗ قَدْ وَرَدَ فِیْ فَضِیْلَةِ لَیْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ عِدَّةُ اَحَادِیْثٍ مَجْمُوْعُهَا یَدُلُّ عَلٰی اَنَّ لَهَا اَصْلًا۔

۔تحفۃ الاحوذی جلد نمبر 3 صفحہ 365۔

خوب جان لو کہ نصف شعبان کی شب (شبِ برات) کی فضیلت میں بڑی تعداد میں احادیث وارد ہوئی ہیں جن کا مجموعہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ شبِ برات کی اصل ہے۔

﴿13﴾

## غیر مقلدین کے علامہ عبدالرحمٰن مبارک پوری کا فتویٰ

اس سے آگے شبِ برات کی فضیلت میں کئی احادیث بیان کر کے اپنا فیصلہ دیتے ہیں کہ:

فَهٰذِهِ الْاَحَادِیْثُ بِمَجْمُوْعِهَا حُجَّةٌ عَلٰی مَنْ زَعَمَ اَنَّهٗ لَمْ یَثْبُتْ فِیْ فَضِیْلَةِ لَیْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ شَیْءٌ۔

۔تحفۃ الاحوذی جلد نمبر 3 صفحہ 367۔

ترجمہ: جو شخص یہ گمان کرتا ہے کہ شبِ برات کی فضیلت میں کچھ بھی ثابت نہیں ہے یہ تمام احادیث ایسے شخص کے خلاف حجت ہیں۔

Marfat.com

﴿14﴾

## غیر مقلد عبداللہ روپڑی کا تبصرہ

بابائے غیر مقلدیت عبداللہ روپڑی شب برات پر اپنا تبصرہ لکھتے ہیں کہ شب برات کا روزہ رکھنا افضل ہے چنانچہ مشکوٰۃ وغیرہ میں حدیث شریف موجود ہے اگرچہ حدیث ضعیف ہے لیکن فضائل اعمال میں ضعیف حدیث پر عمل درست ہے۔

۔فتاویٰ اہل حدیث جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 218۔

(اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ حدیث کو صرف ضعیف کہا ہے موضوع یا من گھڑت نہیں کہا ورنہ کسی نے کیا بگاڑ لینا تھا)

﴿15﴾

## اہل تشیع کے ہاں شب برات کی اہمیت

مَنْ زَارَ قَبْرَ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَيْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ وَلَيْلَةَ الْفِطْرِ وَلَيْلَةَ عَرَفَةَ فِيْ سَنَةٍ وَاحِدَةٍ كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ اَلْفَ حَجَّةٍ مَبْرُوْرَةٍ وَاَلْفَ عُمْرَةٍ مُتَقَبَّلَةٍ وَقُضِيَتْ لَهُ اَلْفَ حَاجَةٍ مِنْ حَوَائِجِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ۔

۔مرآۃ الرشاد صفحہ نمبر 113 (حاشیہ)۔

۔اصول مذہب الشیعۃ الامامیۃ الاثنی عشرۃ عرض ونقد جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 1032۔

جس نے شب برات، عید الفطر کی شب اور شب عرفہ میں ایک ہی سال

Marfat.com

میں حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی قبر مبارک کی زیارت کی اللہ تعالیٰ اس کے لئے ایک ہزار حج مبرور اور ایک ہزار قبول شدہ عمرہ کا ثواب عطا فرمائے گا اور دنیا و آخرت کی اس کی ایک ہزار حاجات کو پورا فرما دے گا۔

﴿16﴾

## اہل تشیع کی ایک اور روایت

عَنْ یُوْنُسَ بْنِ یَعْقُوْبَ قَالَ :قَالَ اَبُوْ عَبْدُاللّٰهِ عَلَیْهِ السَّلَامُ یَا یُوْنُسُ لَیْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ یَغْفِرُ اللّٰهُ لِکُلِّ مَنْ زَارَ الْحُسَیْنَ عَلَیْهِ السَّلَامُ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذُنُوْبِهِمْ وَمَا تَاَخَّرَ - وَقِیْلَ لَهُمْ :اِسْتَقْبِلُوا الْعَمَلَ قَالَ: قُلْتُ هٰذَا کُلُّهُ لِمَنْ زَارَ الْحُسَیْنَ عَلَیْهِ السَّلَامُ فِی النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ ؟۔ فَقَالَ یَا یُوْنُسُ لَوْ اَخْبَرْتُ النَّاسَ بِمَا فِیْهَا لِمَنْ زَارَ الْحُسَیْنَ عَلَیْهِ السَّلَامُ لَقَامَتْ ذُکُوْرًا الرِّجَالُ عَلَی الْخَشَبِ۔

۔وسائل الشیعہ ( محمد بن حسن بن علی الحر العاملی الاخباری ) جلد نمبر 14 صفحہ نمبر 470۔

۔تاریخ آل زرارہ جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 38۔

۔اختیار معرفۃ الرجال للطوسی جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 346۔

۔احادیث یحتج بھا الشیعہ ( عبد الرحمٰن محمد سعید دمشقیہ ) صفحہ نمبر 468۔

یونس بن یعقوب سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ ابو عبداللہ علیہ السلام نے کہا کہ اے یونس مومنوں میں سے جو بھی شب برات میں حضرت امام حسین

رضی اللہ عنہ کی (قبر مبارک کی) زیارت گا اس کے اگلے اور پچھلے تمام گناہ معاف کردیئے جائیں گے اور ان سے کہا جائے گا کہ عمل کے لئے آگے بڑھو۔ یونس بن یعقوب نے کہا کہ یہ ہر اس شخص کے لئے ہے جو بھی حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی قبر مبارک کی زیارت کرے گا؟۔ انہوں نے کہا کہ اے یونس اگر میں لوگوں کو حضرت امام حسین کی قبر کی زیارت کا اجر بتادوں تو لوگ لکڑیوں کے سہارے بھی زیارت کریں گے (لڑائیوں کا بھی سامنا کریں گے لیکن زیارت ضرور کریں گے)۔

رَضِیْنَا قِسْمَةَ الْجَبَّارِ فِیْنَا
لَنَا عِلْمٌ وَلِلْجُهَّالِ مَالُ
فَاِنَّ الْمَالَ یَفْنٰی عَنْ قَرِیْبٍ
وَاِنَّ الْعِلْمَ یَبْقٰی لَازَوَالُ

Marfat.com

# وہ محدثین کرام جن کی ولادت شب برات میں ہوئی

1: سفیان بن عیینہ مولود 107ھ

۔الثقات ابن حبان جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 403۔

۔معجم المؤلفین جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 235۔

۔مشاہیر علماء الامصار جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 149۔

2: محمد بن بدر بن غصن ازدی مولود 310ھ

۔الصلۃ الجزء الثامن۔

3: ابو محمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن عثمان الخولانی مولود 330ھ

۔الصلۃ الجزء الخامس۔

4: احمد بن سلیمان بن علی بن عمران مولود 362ھ

۔تاریخ بغداد جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 180۔

5: محمد بن حسین بن محمد بن سعدون مولود 367ھ

۔تاریخ بغداد جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 255۔

6: حاتم بن عبدالرحمٰن بن حاتم التمیمی ابن الطرابلسی مولود 378ھ

۔الصلۃ الجزء الثالث۔

7: قاضی محمد بن علی بن ودعان مولود 401ھ

۔لسان المیزان جلد 5 نمبر صفحہ نمبر 305۔

8: ابونصر محمد بن علی ابن ودعان مولود 402ھ

Marfat.com

۔سیر اعلام النبلاء جلد نمبر 19 صفحہ نمبر 164۔

9: ابو الفتح الحفی نصر بن احمد مولود 419ھ

۔التحبیر فی المعجم الکبیر جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 141۔

10: ابو الفرج المری مولود 432ھ

۔ابن عساکر جلد نمبر 49 صفحہ نمبر 363۔

11: قاضی عیاض بن موسیٰ مولود 474ھ

۔وفیات الاعیان جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 485۔

12: ابو محمد بن عبد الرحمٰن بن علی مولود 497ھ

۔اکمال الکمال جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 280۔

13: عبد الوھاب بن ازھر مولود 556ھ

۔ذیل تاریخ بغداد جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 196۔

14: احمد بن اسحاق بن احمد بن ابراہیم مولود 601ھ

۔المنھل الصافی جلد نمبر 1 صفہ نمبر 44۔

15: ابو عبد اللہ محمد بن سلیمان بن الحسن البلخی مقدسی 611ھ

۔معجم المؤلفین جلد نمبر 10 صفحہ نمبر 49۔

16: سلیمان بن ھمام سمھودی مولود 658ھ

۔معجم المؤلفین جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 277۔

17: شعبان بن محمد الموصلی مولود 765ھ

۔معجم المؤلفین جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 300۔

۔الضوء اللامع جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 173۔

Marfat.com

18: خالد محمد الفرج الفارقی جمال الدین مولود 815ھ

۔معجم المؤلفین جلد نمبر 11 صفحہ نمبر 90۔

19: محمد بن احمد بن محمد بن عبد القادر الموصلی مولود 837ھ

۔الضوء اللامع جلد 3 نمبر صفحہ نمبر 402۔

20: محمد بن عمر بن مبارک الحمیر ی مولود 869ھ

۔النور السافر جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 77۔

۔الضوء اللامع جلد نمبر 47 صفحہ نمبر 229۔

21: مصطفیٰ بن محمد عزمی زادہ مولود 977ھ

۔خلاصۃ الاثر جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 176۔

22: حسین الصیادی مولود 1096ھ

۔معجم المؤلفین جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 17۔

23: لطف اللہ جحاف مولود 1189ھ

۔معجم المؤلفین جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 153۔

وَاللّٰہُ اَکْرَمَنَا بِہٖ وَھَدٰی بِہٖ

اَنْصَارَہٗ فِیْ کُلِّ سَاعَۃِ مَشْھَدِ

صَلَّی الْاِلٰہُ وَمَنْ یَّحُفُّ بِعَرْشِہٖ

وَالطَّیِّبُوْنَ عَلَی الْمُبَارَکِ اَحْمَدٖ

# وہ محدثین کرام جن کی وفات شب برات میں ہوئی

1: لیث بن سعد متوفی 175ھ

-طبقات الفقہاء جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 78۔

-تذکرۃ الحفاظ جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 226۔

-ابن عساکر جلد نمبر 50 صفحہ نمبر 378۔

-الثقات ابن حبان جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 306۔

2: ابواسحاق عیسیٰ بن یونس متوفی 188ھ

-ابن عساکر جلد نمبر 48 صفحہ نمبر 44۔

-تاریخ بغداد جلد نمبر 11 صفحہ نمبر 155۔

-مغانی الاخیار جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 6۔

3: یحیٰ بن سعید بن ابان متوفی 194ھ

-تاریخ بغداد جلد نمبر 14 صفحہ نمبر 134۔

-تہذیب الکمال جلد نمبر 31 صفحہ نمبر 322۔

4: مکی بن ابرہیم متوفی 215ھ

-ابن عساکر جلد نمبر 60 صفحہ نمبر 244۔

-مغانی الاخیار جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 88۔

-الثقات ابن حبان جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 527۔

-تہذیب الکمال جلد نمبر 28 صفحہ نمبر 482۔

(نوٹ: امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کو جن 22 ثلاثیات پر فخر تھا ان میں سے 11 حضرت مکی بن ابرہیم رحمۃ اللہ علیہ نے ہی انہیں عطا فرمائی تھیں اور حضرت مکی بن ابرہیم رحمۃ اللہ علیہ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد تھے)

Marfat.com

5: محمد بن معاذ بن عبد الحمید الدمشقی 215ھ

۔الثقات ابن حبان جلد نمبر 9 صفحہ نمبر 69۔

۔ابن عساکر جلد نمبر 56 صفحہ نمبر 11۔

6: اسحاق بن راھویہ متوفی 238ھ

۔ابن عساکر جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 124۔

۔وفیات العیان 1 جلد نمبر صفحہ نمبر 200۔

7: اسحاق بن ابراھیم الحنظلی متوفی 238ھ

۔ابن عساکر جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 141۔

۔تاریخ بغداد جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 354۔

8: ابوعثمان البغدادی سعید بن مروان الرھاوی متوفی 252ھ

۔تہذیب الکمال جلد نمبر 11 صفحہ نمبر 56۔

9: فضل بن احمد المعتمد علی اللہ عباسی حکمران متوفی 258ھ

۔ابن عساکر جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 142۔

10: بادشاہ فضل بن احمد بن معتمد علی اللہ بن جعفر متوکل علی اللہ 258

۔ذیل تاریخ بغداد جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 142۔

11: سلیمان بن سیف بن یحی متوفی 272ھ

۔الثقات ابن حبان جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 281۔

12: ابوالعباس احمد بن علی الابار النخشی متوفی 290ھ

۔ابن عساکر جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 75۔

۔تاریخ بغداد جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 306۔

Marfat.com

۔معجم المؤلفین، جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 23۔

13: محمد بن عمر بن خیرون المعافری الاندلسی متوفی 306ھ

۔معجم المؤلفین جلد نمبر 11 صفحہ نمبر 82۔

۔طبقات حنابلہ جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 19۔

۔غایۃ النھایۃ فی طبقات القراء جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 372۔راوی نمبر 3233

14: ابو محفوظ معروف بن القیر وانی الکرخی متوفی 340ھ

۔مغانی الاخیار جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 465۔

15: ابوالحسن اسحاق بن عبدالقدوس متوفی 345ھ

۔تاریخ بغداد جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 398۔

16: ابوالغنائم محمد بن محمد بن محمد بن احمد بن منصور متوفی 462ھ

۔ابن عساکر جلد نمبر 55 صفحہ نمبر 198۔

17: ابوالحسن بن محمود المعروف 519ھ

۔التحبیر فی المعجم الکبیر جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 89۔

18: ابوقاسم الخضر بن الحسین بن عبداللہ الدمشقی 543ھ

۔التحبیر جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 31۔

19: ابوالحسن البغوی علی بن ابی بکر الحسن 544ھ

۔التحبیر فی المعجم الکبیر جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 90۔

20: ابوالقاسم علی بن ابراہیم 547ھ

۔ذیل تاریخ بغداد جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 10۔

21: ام الفتوح فاطمہ بنت ابی عمرو الفضل بن احمد المروزیہ متوفیہ 556ھ

Marfat.com

۔التحبیر فی المعجم الکبیر جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 158۔

22: ابوالفتح متوفی 560ھ

۔ابن عساکر جلد نمبر 60 صفحہ نمبر 324۔

23: امیر مکین الدولہ حمید متوفی 564ھ

۔ابن عساکر جلد نمبر 15 صفحہ نمبر 301۔

24: ابوغالب عبید اللہ بن ھبۃ اللہ بن الاصابعی 585ھ

۔ذیل تاریخ بغداد جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 108۔

25: الملک الصالح ایوب ابن محمد ابن عادل متوفی 647ھ

۔سیر اعلام النبلاء جلد نمبر 23 صفحہ نمبر 192۔

26: نجم الدین ایوب بن الملک الکامل متوفی 647ھ

۔سمط النجوم العوالی جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 289۔

27: ابوالعباس احمد بن عفاف الموشی متوفی 744ھ

۔الوفیات لابن رافع جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 47۔

28: جمال الدین ابومحمد عبداللہ ابن قاضی ابوالحسن علی بن عثمان 769ھ

۔الوفیات لابن رافع جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 88۔

29: محمد بن احمد بن عثمان التستری متوفی 785ھ

۔الدرر الکامنہ صفحہ نمبر 458۔

30: ابوبکر بن احمد بن عمر مولود متوفی 801ھ

۔انباء الغمر بابناء العمر جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 225۔

31: حسین بن علی بن ابی بکر بن سعادۃ الفارقی الزبیدی متوفی 801ھ

Marfat.com

۔الضوء اللامع جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 73۔

32: ابوالحسن عبید اللہ بن الحسین الکرخی متوفی 840ھ

۔تاج التراجم فی طبقات الحنفیہ جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 13

33: امیر حسن بن محمد الامیر ابوالفوارس المعروف ابن الاعوج متوفی 1009ھ

۔خلاصۃ الاثر جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 345۔

34: عبداللہ بن عبدالکریم الخلیقی متوفی 1154ھ

۔سلک الدرر جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 433۔

یَا بِکْرَ آمِنَۃَ الْمُبَارَکِ بِکْرُھَا

وَلَدَتْہُ مُحْصَنَۃً بِسَعْدِ الْاَسْعُدِ

نُوْرًا اَضَاءَ عَلَی الْبَرِیَّۃِ کُلِّھَا

مَنْ یُّھْدَ لِلنُّوْرِ الْمُبَارَکِ یَھْتَدِ

یَارَبِّ فَاجْمَعْنَا مَعاً وَنَبِیَّنَا

فِیْ جَنَّۃٍ تَثْنِیْ عُیُوْنَ الْحُسَّدِ

Marfat.com

# شب برات کے موضوع اور فضائل پر محدثین کی لکھی گئیں مشہور کتب کے نام

1: ما ورد فی لیلة النصف من شعبان

ابوبکر محمد بن الحسین بن عبداللہ آجری متوفی 360ھ

۔الاعلام للزرکلی جلد نمبر 6 صفحہ نمبر 97۔

2: شرح لیلة النصف من شعبان

مصنف علی بن ابراہیم الملقب نورالدین بن برھان الدین حلبی متوفی 1044ھ

۔خلاصۃ الاثر جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 192۔

3: فضل لیلة النصف من شعبان

مصنف عبدالرؤف بن تاج العارفین بن علی الحدادی المناوی متوفی 1031ھ

۔خلاصۃ الاثر جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 78۔

4: فضائل لیلة النصف من شعبان

مصنف ابوالنجا ناصرالدین ابن عزالدین متوفی 1015ھ

۔معجم المؤلفین جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 204۔

5: فضائل لیلة النصف من شعبان

مصنف جمال بن عمر مکی متوفی 1284ھ

۔معجم المؤلفین جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 153۔

۔ھدایۃ العارفین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 137۔

Marfat.com

۔ایضاح المکنون جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 198۔

6: فضائل ليلة النصف من شعبان

مصنف زین العابدین بن محمد بن عبداللہ العباسی خلیفتی متوفی 1130ھ

۔معجم المؤلفین جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 197۔

7: فضائل ليلة النصف من شعبان

مصنف ابوالسرور محمد توفیق بن علی بن محمد البکری مولود 1287ھ

۔معجم المطبوعات جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 581۔

8: مختصر فی فضل ليلة النصف من شعبان

مصنف ابوالسرور بن محمد متوفی 1007ھ

۔خلاصۃ الاثر جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 74۔

۔دیوان الاسلام جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 22۔

9: فيض المنان فی شرح فضل فی ليلة النصف من شعبان

مصنف عبدالخالق البکری المصری 1007ھ

۔معجم المؤلفین جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 208۔

۔ھدایۃ العارفین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 129۔

۔ایضاح المکنون جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 216۔

10: تحفة اليقظان فی ليلة النصف من شعبان

مصنف منصور الطبلاوی سبط الشیخ ناصر الدین الشافعی 1014ھ

۔الاعلام للزرکلی جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 300۔

۔ھدایۃ العارفین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 699۔

Marfat.com

۔ایضاح المکنون جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 263۔

11: فتح الرحمن فی فضل لیلة النصف من شعبان

مصنف حسن شرشر السرسی الشافعی

۔ایضاح المکنون جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 164۔

12: شرح فتح الرحمن فی فضل النصف من شعبان

مصنف حسن شرشر السرسی الشافعی

۔معجم المؤلفین جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 230۔

۔معجم المطبوعات جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 1114۔

13: نصیحة اهل الایمان فی فضل لیلة النصف من شعبان

مصنف رجب بن محمد بن العمرانی الشافعی مطبوعہ 1119ھ

۔ایضاح المکنون جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 653۔

۔ھدایۃ العارفین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 192۔

14: عقود الجمان الکافلة ببیان فی فضل النصف من شعبان

مصنف محمد بسرہ المنز لاوی 1313ھ

۔معجم المؤلفین جلد نمبر 9 صفحہ نمبر 102۔

15: منح المنان بفضائل النصف من شعبان

مصنف ابراہیم بن علی بن الحسن المصری المعروف بالسقا متوفی 1298ھ

۔ھدایۃ العارفین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 22۔

Marfat.com

16: باقة الريحان فيما يتعلق بليلة النصف من شعبان

مصنف محمد بن محمد اللبان الاسکندری الشافعی

۔معجم المؤلفین جلد نمبر 11 صفحہ نمبر 261۔

۔معجم المطبوعات جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 1586۔

17: عقد المرجان فی فضل ليلة النصف من شعبان

مصنف نوح بن مصطفیٰ القونوی 1070ھ

۔ھدایۃ العارفین جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 207۔

۔ایضاح المکنون جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 110۔

18: بهجة الاخوان فی فضل ليلة النصف من شعبان

مصنف محمد بن عبد الرحمٰن بن عبید الحلی المفتی

۔ایضاح المکنون جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 199۔

۔معجم المطبوعات جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 1303۔

19: افاضة المنان فی تشر فضائل ليلة النصف من شعبان

مصنف الخلیفتی زین العابدین محمد بن عبداللہ العباسی الخطیب 1130ھ

۔ھدایۃ العارفین جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 112۔

20: هداية المنان فی فضائل ليلة النصف من شعبان

از ابوالارشاد علی بن زین العابدین بن محمد بن عبد الرحمٰن الاجھوری 1066ھ

۔ھدایۃ العارفین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 403۔

۔ایضاح المکنون جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 723۔

Marfat.com

21: التبیان فی بیان ما فی لیلة النصف من شعبان

مصنف ملا علی قاری متوفی 1014ھ۔

۔ھدایۃ العارفین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 400۔

22: عرائس الحسان فی شرح فی شرح فضائل لیلة النصف من شعبان

مصنف السید حسین بن سلیم الدجانی الیافی متوفی 1274ھ

۔ایضاح المکنون جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 97۔

۔ھدایۃ العارفین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 174۔

23 : مواهب الکریم المنان فی الکرم علی لیلة النصف من شعبان

مصنف غیطی محمد بن احمد بن علی السکندری نجم الدین المصری الشافعی 981ھ

۔ھدایۃ العارفین جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 80۔

24: هطال وابل الامتنان فیم یقال لیلة النصف من شعبان

مصنف قطب الدین بن مصطفیٰ بن کمال الدین متوفی 1162ھ

۔ھدایۃ العارفین جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 183۔

25: الدر العالی الشان علی لیلة النصف من شعبان

مصنف احمد بن محمد الیحیمی الحسنی متوفی 1178ھ

۔معجم المطبوعات جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 1012۔

26: تحلیة الشبعان فی ما روی فی لیلة النصف شعبان

مصنف از شمس الدین محمد بن طولون الدمشقی متوفی 953ھ

۔کشف الظنون جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 379۔

Marfat.com

27: تحفة اهل التوحيد والايمان بادعية ليلة النصف من شعبان

مصنف عبد السلام بن عبد الرحمٰن الشطی الحنبلی

۔معجم المؤلفین جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 226۔

28: رسالة فی ليلة النصف من شعبان

مصنف سالم بن محمد عز الدین المصری متوفی 1015ھ

۔خلاصۃ الاثر جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 446۔

29: رسالة فی ليلة النصف من شعبان

مصنف عبد الغنی بن عبد الواحد الجمال المصری متوفی 1284ھ

۔الاعلام للزرکلی جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 134۔ جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 285۔

30: رسالة فی ليلة النصف من شعبان

مصنف ابو النجا مصری المالکی 1015ھ

۔ھدایۃ العارفین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 199۔

31: مؤلَّف فی ليلة النصف من شعبان

مصنف منصور سبط شیخ الاسلام ناصر الدین الطبلاوی متوفی 1014ھ

۔خلاصۃ الاثر جلد نمبر 3 صفحہ نمبر 199۔

32: نبذة فی فضائل النصف من شعبان

از ابو الحسن علی بن جلال الدین محمد بن عبد الرحمٰن البکری الشافعی 952ھ

۔معجم المؤلفین جلد نمبر 7 صفحہ نمبر 208۔

۔ھدایۃ العارفین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 396۔

Marfat.com

# شب برات اور اس کے نوافل کے دلائل

شب برات میں تمام تر وقت عبادت الٰہی میں ہی گذرنا چاہئے جس طرح بھی ممکن ہو۔نفل نوافل، ذکراذکار، درود وسلام اور تلاوت قران پاک الغرض جو بھی ممکن ہو سکے۔تاہم قارئین کی سہولت کے لئے ہم نے کچھ نوافل وغیرہ درج کردیئے ہیں تاکہ آسانی کے ساتھ شب بسری ہو سکے۔

﴿1﴾

## شب برات میں عبادت الٰہی سے قبل غسل کرنا سنت ہے

عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰہ عَنْهَا قَالَتْ: اَتَانِیْ حَبِیْبِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم لَیْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَاٰوٰی اِلٰی فِرَاشِہٖ ثُمَّ قَامَ فَاَفَاضَ عَلَیْہِ الْمَاءَ. ثُمَّ خَرَجَ مُسْرِعاً فَخَرَجْتُ فِیْ اَثَرِہٖ فَاِذَا ھُوَ سَاجِداً بِالْبَقِیْعِ وَھُوَ یَقُوْلُ سَجَدَ لَكَ خَیَالِیْ وَسَوَادِیْ الخ.

۔رواہ ابن شاہین کماذکر عسقلانی ۔

۔لسان المیزان جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 426۔

۔میزان الاعتدال (عسقلانی) جلد نمبر 4 صفحہ نمبر 65۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنھا سے روایت ہے انہوں نے بیان کیا کہ نصف شعبان کی شب میرے حبیب رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم میرے پاس تشریف لائے ۔چنانچہ آپ بستر پر تشریف فرما ہوئے۔پھر آپ کھڑے

Marfat.com

ہوئے اور خود پر پانی بہایا پھر آپ تیزی سے باہر تشریف لے گئے۔ چنانچہ میں بھی آپ کے پیچھے گئی تو آپ جنت البقیع میں سجدہ کی حالت میں یہ الفاظ ادا فرما رہے تھے۔ سَجَدَ لَكَ خَيَالِىْ وَسَوَادِىْ الخ۔ (مکمل دعا صفحہ نمبر 38 پر موجود ہے)۔

﴿2﴾

## شب برات میں غسل کرنے کا فقہ سے ثبوت

وَيَنْدُبُ الْاِغْتِسَالُ فِىْ سِتَّةِ عَشَرَ شَيْئًاالَانَّهُ يَزِيْدُ عَلَيْهَا ... نُدِبَ فِىْ لَيْلَةِ الْبَرَائَةِ وَهِىَ لَيْلَةُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ لِاَحْيَائِهَا وَعَظْمِ شَأْنِهَا اِذْ تُقْسَمُ الْاَرْزَاقُ وَالْاٰجَالُ۔

۔مراقی الفلاح شرح نور الایضاح صفحہ نمبر 60۔

۔فقہ العبادات۔حنفی الباب الخامس الغسل۔

سولہ مواقع پر غسل کرنا مستحب ہے کیوں کہ ان مواقع میں اجر بڑھتا ہے۔ان مستحب مواقع میں سے ایک موقع شب برات کا بھی ہے اسے زندہ کرنے کے لئے اور اس کے مقام کی تعظیم کے لئے، جب کہ اس رات میں رزق اور موتیں تقسیم کی جاتی ہیں۔

﴿3﴾

## 100 رکعت نفل: قدیم اہل مکہ کا عمل

اَهْلُ مَكَّةَ فِىْ مَا مَضٰى اِلَى الْيَوْمِ اِذَاكَانَ لَيْلَةَ النِّصْفِ مِنْ

Marfat.com

شَعْبَانَ ، خَرَجَ عَامَةُ الْمُسْلِمِيْنَ وَالنِّسَآءِ اِلَى الْمَسْجِدِ فَصَلُّوْا وَطَافُوْا ، وَاَحْيَوْا لَيْلَتَهُمْ حَتَّى الصَّبَاحِ بِالْقِرَاءَةِ فِى الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ حَتّٰى يَخْتَمُوا الْقُرْآنَ كُلَّهٗ وَيُصَلُّوْا، وَمَنْ صَلّٰى مِنْهُمْ اللَّيْلَةَ مِأَةَ رَكْعَةٍ يَقْرَأُ فِىْ كُلِّ رَكْعَةٍ بِالْحَمْدِ وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ عَشَرَ مَرَّاتٍ وَاَخَذُوْا مِنْ مَآءِ زَمْزَمَ تِلْكَ اللَّيْلَةَ ، فَشَرِبُوْا، وَاغْتَسَلُوْا بِهٖ وَخَبَئُوْهُ عِنْدَهُمْ لِلْمَرْضٰى ، يَبْتَغُوْنَ بِذٰلِكَ الْبَرَكَةَ فِىْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ - وَيُرْوٰى فِيْهِ اَحَادِيْثُ كَثِيْرَةٌ۔

۔اخبار مکہ (فاکہی متوفی 359ھ) جلد 5 صفحہ نمبر 23 باب ذکر اھل مکۃ لیلۃ النصف من شعبان

اہلِ مکہ کا جو آج تک دور گذرا (اس حدیث کو اپنی تصنیف میں درج کرنے والے مصنف کا سن وفات 359ھ) ہے جب بھی شبِ برات آتی ہے مسلمان مرد اور عورتیں مسجد حرام کی طرف آتے ہیں۔ یہاں نمازیں پڑھتے ہیں ،طواف کرتے ہیں ساری رات جاگ کر گزارتے ہیں اور صبح تک قرأت قران کرتے ہیں اور یوں تلاوت میں ہی رات گذر جاتی ہے ۔ان میں بعض لوگ ایک سو نفل ادا کرتے ہیں اور ہر رکعت میں دس مرتبہ "قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ" پڑھتے ہیں، وہ آبِ زمزم بھی پیتے ہیں، اس سے غسل کرتے ہیں نیز وہ اس سے جسمانی وروحانی بیماریوں کا علاج کرتے ہیں۔ اور وہ اس رات میں ان اعمال سے برکتیں سمیٹتے ہیں۔ اس سلسلہ میں بہت سی احادیث بیان کی جاتی ہیں۔

Marfat.com

﴿4﴾

## 100 نفل کا ثبوت تمیں ثقہ راویوں سے

عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِی الْمِقْدَامِ الْعَجْلِیّ قَالَ: اَعْطَانِی مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ کِتَاباً فِیْهِ عَنْ اَبِیْ یَحْیٰی اَنَّهٗ حَدَّثَهٗ بَضْعَةٌ وَّثَلَاثُوْنَ مِمَّنْ یُوَثَّقُ بِهِمْ اَنَّهٗ "مَنْ قَرَءَ فِیْ لَیْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَلْفَ مَرَّةٍ فِیْ مِائَةِ رَکْعَةٍ لَمْ یَمُتْ حَتّٰی یَرٰی فِیْ مَنَامِهٖ مِائَةَ مَلَكٍ۔ ثَلَاثُوْنَ یُبَشِّرُوْنَهٗ بِالْجَنَّةِ،وَثَلَاثُوْنَ یُؤَیِّسُوْنَهٗ مِنَ النَّارِ ، وَثَلَاثُوْنَ یَعْصِمُوْنَهٗ۔وَعَشَرَةٌ یَکِیْدُوْنَ لَهٗ مِنْ اَعْدَائِهٖ ۔

۔فضائل سورۃ اخلاص (حسن خلال) حدیث نمبر 14۔

۔اخبار مکہ فاکہی جلد 5 صفحہ نمبر 27 باب ذکر اھل مکۃ لیلۃ النصف من شعبان

حضرت عمرو بن مقدام عجلی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں مجھے مروان بن محمد نے ایک کتاب عطا کی جس میں محدث ابو یحیٰ سے ایک روایت تھی،اور انہوں نے اس روایت کو تیس سے زائد ثقہ راویوں سے بیان کیا کہ بے شک جس نے بھی شب برات میں ایک سو نفل ایک ہزار مرتبہ ''قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ'' کے ساتھ پڑھے تو وہ نہیں مرے گا جب تک رحمت کا ایک سو فرشتہ نہ دیکھ لے۔ ان میں سے تیس فرشتے اسے جنت کی بشارت دینے کے لئے، تیس فرشتے اسے جہنم سے محفوظ رکھنے کے لئے، تیس اسے گناہوں سے بچانے کے لئے اور دس اسے دشمنوں سے بچانے کے لئے مامور ہوں گے۔

Marfat.com

﴿5﴾

## 100 نفل کا ثبوت حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مرفوعا

عَنْ اِبْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ رَفَعَہٗ: لَیْلَۃُ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ اَلْفَ مَرَّۃٍ "قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ" فِیْ مِائَۃِ رَکْعَۃٍ لَمْ یَمُتْ حَتّٰی یَبْعَثَ اللّٰہُ اِلَیْہِ فِیْ مَنَامِہٖ مِائَۃَ مَلَکٍ۔

۔لسان المیزان (ابن حجر عسقلانی) جلد نمبر 5 صفحہ نمبر 271۔

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا کہ حضرت سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما مرفوعا روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس شخص نے بھی شب برات میں ایک سو نفل میں ایک ہزار مرتبہ ''قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ '' پڑھا تو وہ نہیں مرے گا جب تک اللہ تعالیٰ اس کی طرف اس کے خواب میں ایک سو رحمت والے فرشتے نہ بھیج دے۔ (جو اسے جنت کی بشارتیں دیتے ہیں)

﴿6﴾

## امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کی سو نوافل کی امام دیلمی کی سند سے توثیق

مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ مَرْفُوْعاً مَنْ قَرَءَ لَیْلَۃَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ اَلْفَ مَرَّۃٍ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ فِیْ مِائَۃِ رَکْعَۃٍ لَمْ یَخْرُجْ مِنَ الدُّنْیَا حَتّٰی یَبْعَثَ اللّٰہُ اِلَیْہِ فِیْ مَنَامِہٖ مِائَۃَ مَلَکٍ

Marfat.com

ثَلَاثُوْنَ يُبَشِّرُوْنَ الْجَنَّةَ وَثَلَاثُوْنَ يُؤَمِّنُوْنَهُ مِنَ النَّارِ وَثَلَاثُوْنَ يَعْصِمُوْنَهُ مِنْ اَنْ يُّخْطِئَ وَعَشَرٌ يَكِيْدُوْنَ مَنْ عَادَاهُ۔

(قُلْتُ) اَخْرَجَهُ الدَّيْلَمِيُّ اَنْبَاَنَا اَبِیْ اَنْبَاَنَا اَبُو الْفَضْلِ الْقَوْمَسَانِيُّ اَنْبَاَ الْعَلَاءُ اَنْبَاَنَا اَبُو الْقَاسِمِ الْعَتَاكِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا اَبُوْحَاتِمِ الرَّازِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمٰنِ الْعَرْزَمِيُّ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ ثَابِتٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مَرْوَانَ الذُّهْلِيُّ عَنْ اَبِیْ يَحْيٰ حَدَّثَنِیْ اَرْبَعَةٌ وَّثَلَاثُوْنَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالُوْا: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فَذَكَرَهُ مِثْلَهُ سَوَاءٌ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ۔

۔اللالی المصنوعہ (سیوطی) جلد نمبر 2 صفحہ نمبر 50۔

محمد بن مروان حضرت سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں کہ جس نے شب برات میں سو رکعت میں ایک ہزار مرتبہ قل ھو اللہ احد (سورہ اخلاص) پڑھی وہ دنیا سے نہیں جائے گا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اس کی نیند میں سو فرشتہ بھیجے گا۔ تیس فرشتے اسے جنت میں جانے کی بشارت دیں گے تیس فرشتے اسے جہنم سے امن کی بشارت دیتے ہیں اور تیس فرشتے اسے گناہوں سے بچاتے ہیں اور دس فرشتے اس کے دشمنوں کے عزائم بے کار کرتے ہیں۔ اس روایت کے بارے میں امام سیوطی اپنا تبصرہ پیش کرتے ہیں۔ میں (سیوطی) نے کہا کہ امام دیلمی نے حدیث بیان کرتے ہوئے کہا کہ مجھے خبر دی میرے والد محترم نے (انہوں نے کہا) ہمیں ابو الفضل قومسانی نے خبر دی، (انہوں نے

کہا) ہمیں علاء نے خبر دی، ا (انہوں نے کہا) ہمیں ابوالقاسم العتا کی نے خبر دی ، (انہوں نے کہا) ہمیں محمد بن حاتم نے بیان کیا، (انہوں نے کہا) ہمیں ابو حاتم رازی نے بیان کیا، (انہوں نے کہا) ہمیں محمد بن عبدالرحمٰن العزرمی نے بیان کیا، (انہوں نے کہا) ہمیں عمرو بن ثابت نے بیان کیا، اس سے آگے محمد بن مروان ذھلی سے روایت ہے، پھر ابو یحی سے روایت ہے انہوں کہا مجھے حضور صلی اللہ علیہ والی وسلم کے چوتیس صحابہ کرام نے بیان فرمایا، ان سب نے یہی روایت بیان کی ہے جیسا کہ اوپر حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث ذکر کی گئی ہے۔

﴿7﴾

## حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا حضرت علی رضی اللہ عنہ کو 100 نوافل کی فضیلت بیان فرمانا

اِنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ: یَا عَلِیُّ مَنْ صَلّٰی مِائَةَ رَکْعَةٍ فِیْ لَیْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ یَقْرَأُ فِیْ کُلِّ رَکْعَةٍ بِفَاتِحَةِ الْکِتَابِ وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ عَشَرَ مَرَّاتٍ قَالَ النَّبِیُّ ﷺ یَا عَلِیُّ مَامِنْ عَبْدٍ یُصَلِّیْ هٰذِهِ الصَّلٰوةَ اِلَّا قَضَی اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهٗ کُلَّ حَاجَةٍ طَلَبَهَا تِلْكَ اللَّیْلَةَ۔ قِیْلَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَاِنْ کَانَ اللّٰهُ تَعَالٰی جَعَلَهٗ شَقِیًّا أَیَجْعَلُهٗ سَعِیْدًا؟۔ قَالَ وَالَّذِیْ بَعَثَنِیْ بِالْحَقِّ نَبِیًّا یَاعَلِیُّ اَنَّهٗ مَکْتُوْبٌ فِی اللَّوْحِ اَنَّ فُلَانَ ابْنَ فُلَانٍ خَلَقَ شَقِیًّا یَمْحُوْهُ اللّٰهُ

Marfat.com

سَعِيْدًا وَيَبْعَثُ اللّٰهُ اِلَيْهِ سَبْعِيْنَ اَلْفَ مَلَكٍ يَكْتُبُوْنَ لَهُ الْحَسَنَاتِ وَيَمْحُوْنَ السَّيِّأٰتِ وَيَرْفَعُوْنَ لَهُ الدَّرَجَاتِ اِلٰى رَأْسِ السَّنَةِ وَيَبْعَثُ اللّٰهُ فِىْ جَنّٰتِ عَدْنٍ سَبْعِيْنَ اَلْفَ مَلَكٍ وَسَبْعَ مِائَةَ اَلْفِ مَلَكٍ يَبْنُوْنَ لَهُ الْمَدَائِنَ وَالْقُصُوْرَ وَيَغْرُسُوْنَ لَهُ الْاَشْجَارَ مَالَا عَيْنٌ رَأَتْ وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلٰى قَلْبِ الْمَخْلُوْقِيْنَ ---الخ (من شاء فليرجع الى اصله)

۔تنزیہہ الشریعۃ جلد 2 صفحہ نمبر 91۔ (طویل روایت)

۔تفسیر روح البیان سورۃ الدخان آیت نمبر 4۔

